206. اور جب اسے اس (ظلم وفساد پر) کہا جائے کہ اللہ سے ڈرو تو اس کا غرور اسے مزید گناہ پر اکساتا ہے، پس اس کے لئے جہنم کافی ہے اور وہ یقیناً برا ٹھکانا ہے ○ (سورۃ البقرہ)

لاہور اور کراچی سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار

MEMBER APNS
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED

مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ

Daily SEHAR
روزنامہ
سحر
لاہور

چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان

جلد: 19 | ہفتہ 19 ستمبر 2026ء 1448ھ 6 ربیع الثانی 5 اسوج صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ نمبر: 237

www.sehar.pk
dailysehar1@gmail.com

کوہاٹ میں پولیس لائن کے قریب خودکش حملہ، 5 اہلکاروں سمیت 16 افراد شہید، متعدد زخمی!

کوہاٹ پولیس لائنز کی مسجد پر دھماکے کے بعد 7 مسلح دہشتگردوں نے پولیس لائنز میں دراندازی کی، پولیس اور سی ٹی ڈی نے دہشتگردوں کا بھرپور مقابلہ کیا، ابتدا میں دہشتگردوں کے سناپر کو جہنم واصل کر دیا گیا، آئی جی

فتنہ الخوارج اور بیرونی پشت پناہی میں سرگرم دہشت گردوں کا مکمل خاتمہ قومی سلامتی کے لیے ناگزیر ہے، صدرِ مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم شہباز شریف نے کوہاٹ کی پرانی پولیس لائن میں ہونے والے دھماکے کی شدید مذمت کی ہے

کوہاٹ (مانیٹرنگ ڈیسک) کوہاٹ میں پولیس لائن کے قریب خودکش حملے کے نتیجے میں 5 پولیس اہلکاروں سمیت 16 افراد شہید ہو گئے، متعدد زخمیوں کی حالت تشویشناک ہے، مقابلے میں 7 دہشت گرد مارے گئے۔ آئی جی خیبر پختونخوا ذوالفقار حمید نے کہا کہ پرانی پولیس لائنز کے ساتھ بارود سے بھری گاڑی ٹکرائی گئی، دھماکے کے بعد ایک اور خودکش حملہ آور نے سپیشل برانچ بلڈنگ کے قریب خود کو دھماکے سے اڑایا، 5 اہلکار اور 11 شہری شہید ہو گئے۔ آئی جی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 1)

اسلام آباد: وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی پریس کانفرنس کرتے ہوئے

خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں کارروائیاں

17 دہشتگرد ہلاک، 6 جوان شہید

سیکیورٹی فورسز کی آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت بلوچستان میں دہشت گردوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری ہیں، مزید 7 دہشت گرد مارے گئے

کوئٹہ (مانیٹرنگ ڈیسک) خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں سیکیورٹی فورسز کی مختلف کارروائیوں کے دوران 17 دہشت گرد مارے گئے جبکہ فورسز کے 6 جوان شہید ہو گئے۔ سیکیورٹی فورسز کی آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت بلوچستان میں دہشت گردوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری ہیں، مزید 7 دہشت گرد مارے گئے۔ سیکیورٹی ذرائع نے بتایا کہ پنجگور کے علاقے فتح علی میں سیکیورٹی فورسز نے فتنہ الہندوستان کے 5 دہشت گرد ہلاک کر دیئے، کارروائی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 2)

ڈی جی آئی ایس پی آر

سعودی عرب کا دفاع کرنے کیلئے پاکستان کسی بھی حد تک جائیگا

پاکستان سعودی قیادت سے مسلسل رابطے میں ہے اور خطے کی حکومتوں سے مشاورت کے ذریعے مذاکرات اور پُرامن حل کی کوشش کر رہا ہے

راولپنڈی (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے کہا ہے کہ پاکستان سعودی عرب کے دفاع کے لئے کسی بھی حد تک جائے گا۔ ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے عرب نیوز کو انٹرویو میں کہا پاکستان سعودی عرب کے ساتھ (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 3)

اهم خبریں

اسحاق ڈار سے برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ نے ملاقات، دوطرفہ اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار سے برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ نے جمعہ کو ملاقات کی۔ وزارت خارجہ کے ترجمان کی جانب سے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 4)

وزیراعظم کی 20 سال پرانی موٹر سائیکلوں، رکشوں اور چنگ چی رکشوں کو فیول ریلیف سکیم میں شامل کرنے کی ہدایت

لندن / اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے وزیراعظم فیول ریلیف سکیم میں 20 سال پرانی موٹر سائیکلوں، رکشوں اور چنگ چی رکشوں کو فی الفور شامل کرنے کی ہدایت (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 5)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کینسر سینٹر کی او پی ڈی آئی سی او اور دیگر وارڈز کا دورہ کرتے ہوئے

قانون نافذ کرنے والے اداروں کو وضاحت کی ہے کہ اگر کوئی نکلنے کی کوشش کرے تو ہر ممکن طریقے سے روکیں گے، محسن نقوی

کوئی غلط فہمی میں نہ رہے

وزیر داخلہ

کسی کو اسلام آباد بند کرنے کی آج اجازت نہیں دی جا سکتی

خیبر پختونخوا میں ہم دہشت گردی کے خلاف لڑ رہے ہیں اور اس وقت ہمارا 90 فیصد اسی پر فوکس کرنا چاہیے نہ کہ تمام توجہ بندے اکٹھے کرنے، چندہ جمع کرنا اور ٹرانسپورٹ کا انتظام پر دیں، اس طرح کے واقعات کے بعد آپ کو زیب نہیں دیتا کہ ایک طرف شہدا کے جنازے اٹھائیں اور دوسری طرف آپ دھرنوں کی طرف جائیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے اسلام آباد کی طرف لانگ مارچ کے اعلان کے حوالے سے خبردار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اسلام آباد ہائی کورٹ کے فیصلے کے بعد اس طرح کی منصوبہ بندی کا کوئی جواز نہیں بنتا اور کسی کو اسلام آباد بند کرنے یا کسی دوسرے صوبے پر حملہ آور ہونے کی اجازت نہیں دی جا سکتی ہے، پہلے ہی بتا رہے ہیں تاکہ کوئی غلط فہمی میں نہ رہے۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے اسلام آباد میں پریس کانفرنس میں بتایا کہ آج دھرنے کی کال پر امن و امان کی صورت حال پر اجلاس ہوا، اسلام آباد ہائی کورٹ کا تفصیلی آچکا ہے اور اس فیصلے کے بعد کوئی صورت نہیں بنتی کہ کسی طرح وفاقی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 6)

صدر مملکت کا کوہاٹ میں اولڈ پولیس لائنز کے قریب دھماکے میں شہریوں کے زخمی ہونے پر افسوس کا اظہار

فتنہ الخوارج اور بیرونی پشت پناہی میں سرگرم دہشت گردوں کا مکمل خاتمہ قومی سلامتی کے لیے ناگزیر ہے، آصف علی زرداری

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف نے کوہاٹ میں اولڈ پولیس لائنز کے قریب دھماکے میں شہریوں کے زخمی ہونے پر افسوس کا اظہار (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 7)

27 ستمبر کو پی ٹی آئی کے لانگ مارچ کیخلاف درخواست پر تفصیلی فیصلہ جاری

اسلام آباد کے شہریوں کے بنیادی حقوق کی خلاف ورزی آئین کی خلاف ورزی تصور ہوگی، عدالت عالیہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اسلام آباد ہائی کورٹ نے 27 ستمبر کو پی ٹی آئی کے لانگ مارچ کے خلاف درخواست پر تفصیلی فیصلہ جاری کر دیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ اسلام (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 8)

وزیر خزانہ

پاکستان استحکام سے سرمایہ کاری اور خودمختار بحالی سے وسیع تر سرمایہ تشکیل کی جانب بڑھ رہا ہے

مالیاتی استحکام، بیرونی شعبے کے استحکام، مہنگائی، قرضوں کے انتظام اور عالمی مالیاتی منڈیوں تک دوبارہ رسائی کے شعبوں میں نمایاں پیش رفت ہوئی ہے

مالیاتی استحکام کے ساتھ یہ اقدامات مجموعی خودمختار مالیاتی پوزیشن کو مضبوط بنا رہے ہیں اور پاکستان کے معاشی مستقبل پر اعتماد میں اضافہ کر رہے ہیں، سینیٹر اورنگزیب کا تقریب سے خطاب

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات، سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان استحکام سے سرمایہ کاری اور خودمختار بحالی سے وسیع تر سرمایہ تشکیل کی جانب بڑھ (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 15)

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا نشتر ہسپتال میں پیٹ سی ٹی، سائیکلوٹرون، کینسر ٹریٹمنٹ کیلئے کوابلیشن سنٹر کا افتتاح

سینٹر کا دورہ، مشین کا جائزہ لیا، لاہور کے بعد ملتان میں آنے والی چین میں رائج کرائیوابیلیشن مشین کے ذریعے محض سوئی استعمال کر کے کینسر رسولیوں کو ختم کر دیا جاتا ہے

وزیراعلیٰ مریم نواز نشتر ہسپتال میں عوام کو دیکھ کر پاس پہنچ گئیں، صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق، سیکرٹری سی اینڈ ڈبلیو راجہ جہانگیر انور اور سیکرٹری ہیلتھ عظمت محمود نے تفصیلی بریفنگ دی

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ملتان کے نشتر ہسپتال میں پیٹ۔ سی ٹی سائیکلوٹرون، کینسر ٹریٹمنٹ کے لئے کوابلیشن سنٹر کا افتتاح کر دیا۔ وزیراعلیٰ (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 9)

پی ایم فیول ریلیف سکیم کے تحت 10 لاکھ رجسٹریشنز مکمل ہو چکی ہیں، وزارت آئی ٹی

شفافیت اور فوری ریلیف کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے خصوصی کنٹرول روم قائم کیا گیا ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم فیول ریلیف سکیم کے تحت ملک بھر میں مستحق افراد کو ریلیف کی فراہمی کے لئے اب تک 10 لاکھ سے زائد رجسٹریشنز مکمل ہو چکی ہیں۔ وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن کے ترجمان کے مطابق سکیم کے تحت اب تک 8 لاکھ سے زائد ٹوکنز جنریٹ کیے جا چکے ہیں۔ ٹوکنز ریڈیمپشن کے عمل میں پنجاب اور اسلام آباد سرفہرست ہیں۔ ترجمان (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 17)

اسلام آباد: وفاقی وزیر احسن اقبال تقریب سے خطاب کرتے ہوئے

چیئرمین این ڈی ایم اے کا اربن فلڈنگ کے انتظام کیلئے پیشگی اور مربوط حکمت عملی کی ضرورت پر زور

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) لیفٹیننٹ جنرل انعام حیدر ملک نے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 16)

مسجد جیسے مقدس مقام پر نمازیوں کو نشانہ بنانا انتہائی بربریت اور انسانیت و اسلام کی تعلیمات کے منافی ہے، یوسف رضا گیلانی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کوہاٹ پولیس لائنز مسجد میں نمازِ جمعہ کے دوران ہونے والے بم دھماکے کی شدید مذمت کرتے ہوئے قیمتی انسانی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 18)

اسلام آباد: نائب وزیراعظم اسحاق ڈار سے ترکیہ کے سفیر اور برطانوی ہائی کمشنر ملاقاتیں کرتے ہوئے

مسلم لیگ نئے صوبوں کے حوالے سے بھرپور مہم چلائے گی، نئے صوبے وقت کی ضرورت ہیں، چوہدری سالک

خیبر پختونخوا کے ممتاز عالم دین مولانا شعیب اور نوجوان رہنما عثمان اعوان کی شمولیت کے موقع پر گفتگو

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) مسلم لیگ خیبر پختونخوا کے صدر انتخاب خان چمکنی کی کوششوں سے پاکستان تحریک انصاف پارلیمنٹرین کے علماء و مشائخ ونگ کے صدر اور ممتاز (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 13)

بلوچستان کی ترقی کیلئے نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں میں شامل کرنا ہوگا، وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ وثقافت

وفاقی وزارت قومی ورثہ وثقافت کے لئے پاکستان کی تمام اکائیوں کی ثقافت اور ورثہ اہمیت رکھتے ہیں

کوئٹہ (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ و ثقافت اورنگزیب خان کھچی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے تاریخی مقامات خصوصاً مہرگڑھ کی مزید ترقی کیلئے اقدامات کئے جائیں گے اور آئندہ سال مہرگڑھ کو عالمی ورثے میں شامل کرانے کیلئے کوششیں کی جائیں گی۔ یہ بات انہوں نے پاکستان (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 14)

وفاقی وزیر سائنس وٹیکنالوجی خالد حسین مگسی کی کوہاٹ میں دھماکے کی شدید مذمت، دہشت گردی کے ذریعے ملک کے امن کو تباہ کرنے کی کوششیں ناکام ہوں گی، وفاقی وزیر

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر سائنس و ٹیکنالوجی خالد حسین مگسی نے کوہاٹ میں پرانی پولیس لائنز کے قریب ہونے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 11)

حکومت نے موٹر سائیکل، چنگچی اور چھوٹی گاڑیوں کے مالکان کو ریلیف فراہم کرنے کیلئے اقدامات کئے ہیں، طارق فضل چوہدری

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ امریکا ایران جنگ کے بعد پوری (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 12)

پنڈی بھٹیاں فیصل آباد ایم فور 6 لین منصوبہ 15 دسمبر تک مکمل کیا جائے، وفاقی وزیر علیم خان کی ہدایت

سرکاری فنڈز کے ایک ایک پیسے کا حساب رکھا جائے گا اور ضیاع برداشت نہیں کیا جائے گا، وزیر مواصلات کا بیان

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے نیشنل ہائی وے اتھارٹی (این ایچ اے) سینٹرل ریجن کے موٹرویز اور ہائی ویز کے متعدد ترقیاتی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 10)

ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری عرب نیوز کو انٹرویو دیتے ہوئے

وزیراعظم ٹاسک فورس کی اصلاحات کے تحت کے پی ٹی اور پپری ریلوے لنک کی بحالی

1.5 کلومیٹر مخصوص ریلوے لنک کے ذریعے لاجسٹکس پارک کو کراچی پورٹ اور پورٹ قاسم سے منسلک کیا جائے گا

پورٹ ٹرسٹ اور پپری ریلوے لنک کی بحالی کے منصوبے کے تحت 52 کلومیٹر طویل مخصوص ڈوئل ٹریک ریلوے لائن تعمیر کی جائے گی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم ٹاسک فورس کی جانب سے اصلاحات کے تحت کراچی پورٹ ٹرسٹ اور پپری ریلوے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 19)

اوگرا میں تعینات پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس، گریڈ 20 کے ماجد محسن پنہوار تبدیل

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اوگرا میں تعینات پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس، گریڈ 20 کے ماجد محسن پنہوار تبدیل کر دیئے گئے، ماجد محسن پنہوار کی خدمات گلگت بلتستان حکومت کے سپرد کر دی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 24)

وزیرآباد پریس کلب کے وفد کا وزارت اطلاعات کے ڈیجیٹل کمیونیکیشن ڈیپارٹمنٹ کا دورہ

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزیرآباد پریس کلب کے وفد نے وزارت اطلاعات و نشریات کے ڈیجیٹل کمیونیکیشن ڈیپارٹمنٹ (ڈی سی ڈی) کا دورہ کیا جہاں وفاقی وزیر اطلاعات (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 25)

اسحاق ڈار سے ترکیہ کے سفیر، برطانوی ہائی کمشنر کی ملاقاتیں، علاقائی صورتحال پر مشاورت!

مشترکہ کمیشن اور ہائی لیول اسٹریٹجک کوآپریشن کونسل کے آٹھویں اجلاس کی تیاریوں پر توجہ دی جائے گی، نائب وزیراعظم

وزیر خارجہ نے دورۂ برطانیہ میں طے ہوئی مفاہمتوں پر عملدرآمد کے حوالہ سے بات کی، مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے طریقوں پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نائب وزیراعظم اسحاق ڈار سے ترکیہ کے سفیر اور برطانوی ہائی کمشنر نے ملاقاتیں کیں جن میں (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 29)

اسحاق ڈار سے آمنہ بلوچ کی وزارت خارجہ کے سینئر افسران کے ہمراہ ملاقات

اپنی مدت کے دوران انجام دیئے گئے امور کار سے متعلق بریفنگ دی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے سیکرٹری خارجہ سفیر آمنہ بلوچ نے وزارت خارجہ کے سینئر افسران کے ہمراہ گزشتہ روز دفتر میں اپنے آخری روز ملاقات کی۔ ترجمان دفتر خارجہ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق سیکرٹری خارجہ نے نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ کو اپنی مدت کے دوران انجام دیئے گئے امور کار سے متعلق اہم شعبوں، جاری سفارتی مصروفیات (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 20)

ایمان مزاری اور ہادی علی کی دوبارہ گرفتاری پر اسلام آباد بار ایسوسی ایشن کا شدید ردعمل

اسلام آباد (سی ایم لنکس) ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کی دوبارہ گرفتاری پر اسلام آباد بار ایسوسی ایشن کا شدید ردعمل سامنے آیا ہے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 21)

ایسی سرگرمی جس سے بنیادی حقوق متاثر ہوں آئین کیخلاف تصور ہوگی، پی ٹی آئی لانگ مارچ کیخلاف تحریری فیصلہ

ذمہ دار شخص کیخلاف قانونی کارروائی ہوگی، پی ٹی آئی کی عدالتی احکامات کو نظرانداز کرنے کی تاریخ موجود ہے، ہائی کورٹ

اجتماع پر پابندی صرف قانون کے تحت اور مفادِ عامہ میں معقول حد تک عائد کی جا سکتی ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اسلام آباد ہائی کورٹ نے پی ٹی آئی ممکنہ لانگ مارچ کے خلاف کیس میں قرار دیا ہے کہ ایسی سرگرمی جس سے شہریوں کے بنیادی حقوق متاثر ہوں وہ آئین کی خلاف ورزی تصور ہوگی، ذمہ دار سرکاری افراد کو نتائج کا سامنا کرنا ہوگا۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے چیف جسٹس سردار سرفراز ڈوگر، جسٹس اعظم خان اور جسٹس محمد آصف پر (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 22)

ایف جی ای ایچ اے کے منصوبوں کو تیزی سے آگے بڑھایا جائے گا، وفاقی وزیر میاں ریاض حسین پیرزادہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر ہاؤسنگ و تعمیرات میاں ریاض حسین پیرزادہ نے کہا ہے کہ ایف جی ای ایچ اے کے مختلف ہاؤسنگ منصوبوں کو تیزی سے آگے بڑھانے، الاٹیز کو (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 23)

لندن: وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

اتحاد کی طاقت سے ہی ملک سے دہشت گردی کا خاتمہ ممکن ہے، سردار سلیم حیدر خان

قوم ملک سے دہشت گردی ختم کرنے کے عزم میں سیکیورٹی فورسز کے ساتھ ہے، گورنر پنجاب

گورنر سردار سلیم حیدر خان سے آئی جی ریلوے فخر سلطان کی ملاقات، مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا

لاہور (سٹاف رپورٹر) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے گورنر ہاؤس لاہور میں آئی جی ریلوے فخر سلطان نے ملاقات کی۔ ملاقات میں مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا کہ عوام کو بہتر اور محفوظ سفری سہولیات (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 26)

اسپیکر قومی اسمبلی فتنہ الخوارج کیخلاف کامیاب کارروائیوں پر سیکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین

وطن کے دفاع اور امن کے قیام کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنیوالے شہداء کی قربانیاں پوری قوم کیلئے باعث فخر ہے

اسلام آباد، (عباس ملک سے): اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الخوارج کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیوں کے دوران دہشتگردوں کو جہنم واصل کرنے پر سیکیورٹی فورسز کے بہادر جوانوں کو خراج (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 27)

زرمبادلہ کے بلندترین ذخائر ملک کی بیرونی مالی پوزیشن میں نمایاں بہتری کی عکاسی ہے، خرم شہزاد

23، 2022 کے مشکل حالات کے مقابلہ میں زرمبادلہ کی موجودہ سطح میں کئی گنا اضافہ ہوا ہے، مشیر وزیرخزانہ

درآمدات کے لیے دستیاب زرمبادلہ کا کور بھی بحران کے وقت صرف دو ہفتوں سے بڑھ کر اب تین ماہ سے زیادہ ہو گیا ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ کے مشیر خرم شہزاد نے کہا ہے کہ پاکستان کے زرمبادلہ کے ذخائر تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئے ہیں جو ملک کی بیرونی مالی پوزیشن میں نمایاں بہتری کی عکاسی ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں خرم شہزاد نے کہا کہ سٹیٹ (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 28)

پاکستان انجینئرنگ کونسل کے رجسٹرار کی بھرتی کا اشتہار عدالت میں چیلنج

اسلام آباد: (اے ایف بی) پاکستان انجینئرنگ کونسل کے رجسٹرار کی بھرتی کے لیے جاری اشتہار کو اسلام آباد ہائیکورٹ میں چیلنج (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 30)

خوارجیوں کی بزدلانہ کارروائیاں دہشت گردی کے خلاف قوم کے پختہ عزم کو کبھی کمزور نہیں کرسکتیں، محسن نقوی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کوہاٹ میں اولڈ پولیس لائن کے قریب ہونے والے دھماکے کی پرزور مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ خوارجیوں کی بزدلانہ (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 33)

وزیراعظم کا زرمبادلہ کے ذخائر تاریخی سطح 21.4 ارب ڈالر تک پہنچنے پر اظہارِ تشکر

زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافہ نہ صرف ملکی بیرونی ادائیگیوں کی صلاحیت کو مضبوط بنائے گا

اسلام آباد (اے ایف بی) وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان کے زرمبادلہ کے ذخائر کی تاریخ کی بلند ترین سطح 21.4 ارب ڈالر تک پہنچنے پر اظہارِ تشکر کیا ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے سٹیٹ بینک آف پاکستان کے زرمبادلہ کے ذخائر 21.4 ارب ڈالر کی تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچنے پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہوئے اسے معاشی استحکام کی جانب ایک اور تاریخی سنگِ میل قرار (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 31)

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ایکسپو سنٹر آمد، ''پاکستان انٹرنیشنل آٹو شو 2026'' کا افتتاح

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی آٹو موبائل انڈسٹری سے منسلک صنعتکاروں سے ملاقات

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا پاکستان انٹرنیشنل آٹو شو میں مختلف سٹالز کا دورہ، الیکٹرک گاڑیوں کا معائنہ، الیکٹرک ایمبولینس میں اظہار دلچسپی

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ایکسپو سنٹر میں ''پاکستان انٹرنیشنل آٹو شو 2026'' کا افتتاح کر دیا۔ لاہور ایکسپو سینٹر میں تین روزہ پاکستان انٹرنیشنل آٹو شو 2026 کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے آٹو موبائل انڈسٹری سے منسلک صنعتکاروں سے غیر رسمی ملاقات کی اور صنعتکاروں کی قومی معاشی ترقی کے لئے خدمات کو سراہا۔ وزیراعلیٰ (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 32)

اسلام آباد: قائمقام صدر سید یوسف رضا گیلانی سے اٹلی کے سفیر ملاقات کرتے ہوئے

Shehar Shehar Nagar Nagar

شہر شہر، نگر نگر

گجرات پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن جاری 5 ملزمان گرفتار کرلیا، 2 کلو سے زائد چرس اور 20 لیٹر شراب برآمد

گجرات پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن جاری 5 ملزمان گرفتار کرلیا، 2 کلو سے زائد چرس اور 20 لیٹر شراب برآمد

گجرات (سید طارق حسین + زیڈ اے بھٹی) گجرات پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن جاری 5 ملزمان گرفتار کرلیا، 2 کلو سے زائد چرس اور 20 لیٹر شراب برآمد تفصیلات کے مطابق ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد کی زیر قیادت گجرات پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ ڈی ایس پی سٹی سرکل ظفر اقبال کی زیر نگرانی ایس ایچ او تھانہ بی ڈویژن SI شہروز احمد نے اپنی پولیس ٹیم کے ہمراہ منشیات فروشوں کے خلاف کاروائیاں کرتے ہوئے 5 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزمان میں 1۔ سکندر خان 2۔ ذوالفقار شاہ 3۔ محمد شہریار 4۔ محمد آصف 5۔ عرفان اشرف (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 4)

لاہور شہر کا کھلاڑی موسیٰ عباس پاکستان فٹ بال کیمپ میں منتخب ننکانہ آمد پر شاندار استقبال

ننکانہ صاحب (محمد عرفان رفیع تحصیل بیورو چیف) تفصیلات کے مطابق لاہور شہر کی ممتاز سماجی و سیاسی شخصیت نسیم عباس کھوکھر کے صاحبزادے اور حاجی ملک کرامت علی کھوکھر آف شادیوال لاہور کے نواسے نوجوان کھلاڑی موسیٰ عباس کو پاکستان انڈر 15 فٹ بال ٹیم کے کیمپ جناح اسٹیڈیم اسلام آباد کے لیے سلیکٹ کر لیا گیا ہے جس کے اعزاز میں گزشتہ روز معروف صحافی رانا شاہد اسد نے اپنی رہائش گاہ پر ظہرانہ دیا جب وہ ننکانہ کی سرزمین پر پہنچے تو رانا شاہد اسد نے پھولوں کی پتیاں نچھاور کر کے ان کا شاندار استقبال کیا اس موقع پر ظہرانہ کی تقریب سے گفتگو کرتے ہوئے رانا شاہد اسد نے کہا کہ ایسے کامیاب کھلاڑی ہیں جو کہ ملک کی نیک نامی اور وقار کی بلندی کا باعث بنتے ہیں ہمیں ایسے عظیم سپوت پر فخر ہے ان کو مبارکباد دیتے ہوئے ان کی ترقی کے لیے دعا گو ہوں ایسے نوجوان اپنے علاقے شہر اور صوبے کا نام (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 5)

مبینہ حوثی ڈرون حملوں کے خلاف ننکانہ صاحب، موڑ کھنڈا، بچیکی، شاہکوٹ اور سانگلاہل سمیت ضلع بھر کے مختلف علاقوں میں احتجاجی مظاہرے

ننکانہ صاحب (نمائندہ روزنامہ سحر) پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے زیرِ اہتمام مبینہ حوثی ڈرون حملوں کے خلاف ننکانہ صاحب، موڑ کھنڈا، بچیکی، شاہکوٹ اور سانگلاہل سمیت ضلع بھر کے مختلف علاقوں میں احتجاجی مظاہرے اور ریلیاں نکالی گئیں، جن میں شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ مظاہرین نے سعودی عرب سے اظہارِ یکجہتی کرتے ہوئے حوثی حملوں کے خلاف نعرے لگائے جبکہ شرکا نے بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر ''تحفظ حرمین الشریفین جزوِ ایمان ہے'' سمیت دیگر نعرے درج تھے۔ مختلف مقامات پر مظاہرین سے خطاب کرتے ہوئے پاکستان مرکزی مسلم لیگ ضلع ننکانہ کے جنرل سیکرٹری ثاقب مجید نے کہا کہ حرمین شریفین پوری امتِ مسلمہ کے لیے انتہائی مقدس مقامات ہیں، ان کے تحفظ کے لیے مسلم ممالک کو سیاسی اور علاقائی مفادات سے بالاتر ہو کر متحد ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ دشمن عناصر کی سازشوں کے باوجود امتِ مسلمہ حرمین شریفین کے تقدس اور حرمت کے تحفظ کے لیے متحد ہے۔

مرکزی مسلم لیگ سانگلہ
condemn the terrorist attacks by
on Two Holy Mosques."
حرمت حرمین

اوکاڑہ ایس ایچ او تھانہ راوی طاہر بشیر وٹو کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بڑا کریک ڈاؤن، متعدد ملزمان گرفتار

اوکاڑہ (ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) اوکاڑہ ایس ایچ او تھانہ راوی طاہر بشیر وٹو کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بڑا کریک ڈاؤن، متعدد ملزمان گرفتار۔ ناجائز اسلحہ، موٹر سائیکل، دو لاکھ ساٹھ ہزار روپے نقدی، چالیس لیٹر شراب اور چالو بھٹی برآمد، کیٹیگری اے کا اشتہاری ملزم بھی گرفتار ڈی پی او اوکاڑہ ڈاکٹر اسد اعجاز ملہی کے احکامات اور ڈی ایس پی صدر سرکل سید زاہد حسین شاہ کی نگرانی میں ایس آئی/ ایس ایچ او تھانہ راوی طاہر بشیر وٹو نے اپنی ٹیموں کے ہمراہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مؤثر کارروائیاں کرتے ہوئے متعدد ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ ایس ایچ او طاہر بشیر وٹو کی قیادت میں ہونے والی ان کارروائیوں کو شہری حلقوں کی جانب سے سراہا جا رہا ہے۔ پولیس کے مطابق جعفر حسین ایس آئی انوسٹیگیشن نے اپنی ٹیم کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے طاہر زمان عرف عدنان ولد زمان قوم کھرل سکنہ پیر علی اور اللہ دتہ ولد (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 24)

Hi اوکاڑہ کے خصوصی طلبہ نے ڈویژنل سطح کے آرٹ مقابلوں میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے 16 پوزیشنز حاصل کیں

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) گورنمنٹ ہائر سیکنڈری سکول آف سپیشل ایجوکیشن Hi اوکاڑہ کے خصوصی طلبہ نے ڈویژنل سطح کے آرٹ مقابلوں میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے 16 پوزیشنز حاصل کیں، جن میں 9 پہلی پوزیشنز شامل ہیں۔ طلبہ نے مختلف آرٹ کیٹیگریز میں اپنی تخلیقی صلاحیتوں اور فنکارانہ مہارت کا بھرپور مظاہرہ کیا۔ اس شاندار کامیابی پر سکول کے طلبہ، اساتذہ اور والدین میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ پرنسپل گورنمنٹ ہائر سیکنڈری سکول آف سپیشل ایجوکیشن Hi اوکاڑہ نے کامیاب طلبہ، والدین اور اساتذہ کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ یہ کامیابی طلبہ کی محنت، اساتذہ کی رہنمائی اور ادارے کی مسلسل تعلیمی و ہم نصابی کاوشوں کا ثمر ہے۔ انہوں نے کہا کہ خصوصی طلبہ میں بے پناہ صلاحیتیں موجود ہیں، (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 23)

باغسر بنڈالہ میں پاک آرمی اور محکمہ صحت کے اشتراک سے ایک روزہ مفت میڈیکل کیمپ، سینکڑوں افراد کا معائنہ

بھمبر (نمائندہ سحرف) باغسر بنڈالہ میں پاک آرمی اور محکمہ صحت کے اشتراک سے ایک روزہ مفت میڈیکل کیمپ، سینکڑوں افراد کا معائنہ، یونین کونسل باغسر بنڈالہ میں پاک آرمی اور محکمہ صحت ضلع بھمبر کے مشترکہ اشتراک سے ایک روزہ مفت میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔ کیمپ بی ایچ یو بنڈالہ میں منعقد ہوا، جہاں مختلف امراض کے ماہر ڈاکٹروں کی ٹیم نے سینکڑوں مریضوں کا مفت طبی معائنہ کیا اور انہیں مفت ادویات فراہم کیں۔ میڈیکل کیمپ میں گائنا کالوجی، سرجری، دندان سازی، امراضِ قلب، بچوں اور دیگر امراض کے ماہر ڈاکٹرز نے خواتین، بچوں، بزرگوں اور دیگر مریضوں کا تفصیلی معائنہ کیا۔ کیمپ میں مریضوں کے لیے لیبارٹری ٹیسٹ سمیت دیگر بنیادی طبی سہولیات بھی فراہم کی گئیں۔ کیمپ کے دوران ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر بھمبر اور پاک آرمی کے بریگیڈ کمانڈر نے خصوصی شرکت کی اور کیمپ کے انتظامات، طبی سہولیات اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی خدمات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر یونین کونسل کی سطح پر مریضوں کا ڈیٹا مرتب کرنے اور عوام کو ان کی دہلیز پر بنیادی و ضروری طبی سہولیات کی فراہمی کے عزم کا اظہار کیا گیا۔ کیمپ میں سینکڑوں افراد نے استفادہ کیا۔ عوام علاقہ نے پاک آرمی، مقامی یونٹ اور محکمہ صحت ضلع بھمبر کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ سیز فائر لائن سے متصل علاقوں میں اس نوعیت کے مفت طبی کیمپ عوام کے لیے نہایت مفید ہیں، جن کے ذریعے لوگوں کو ان کی دہلیز پر طبی سہولیات میسر آتی ہیں۔ عوام نے مطالبہ کیا کہ ایسے مفت میڈیکل کیمپ مستقبل میں بھی باقاعدگی سے منعقد کیے جائیں تاکہ دور دراز علاقوں کے عوام کو بروقت علاج معالجے کی سہولت حاصل ہو سکے۔

ڈویژنل ڈائریکٹر لائیو سٹاک گوجرانوالا، ڈاکٹر محمد انیس کے ضلع گوجرانوالا کے سول ویٹرنری ہسپتالوں تتلے عالی اور سول ویٹرنری ڈسپنسری مجوچک میں اچانک چھاپے

نوشہرہ ورکاں تحصیل رپورٹر/ چوہدری امین گورایہ نمبردار سے ڈویژنل ڈائریکٹر لائیو سٹاک گوجرانوالا، ڈاکٹر محمد انیس کے ضلع گوجرانوالا کے سول ویٹرنری ہسپتالوں تتلے عالی اور؟ سول ویٹرنری ڈسپنسری مجوچک میں اچانک چھاپے۔ ڈویژنل؟ ڈائریکٹر ڈاکٹر محمد انیس نے اداروں کی صفائی ستھرائی، مجموعی حالت، عملے کی حاضری، سرکاری ریکارڈ، ادویات، ویکسین کے ذخیرے، آویزاں پینا فلیکسز، اور کولڈ چین کے نظام کا معائنہ کیا۔؟ ڈاکٹر محمد انیس نے علاقے کے لائیو سٹاک کسانوں سے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 21)

چوری کی مختلف وارداتوں میں شہری قیمتی چیزوں سے محروم ہوگئے

کاموکے (تحصیل رپورٹر) چوری کی مختلف وارداتوں میں شہری قیمتی چیزوں سے محروم ہوگئے۔ گذشتہ رات نواحی گاؤں ماڑی ٹھاکراں سے ہمایوں خاں کے کھیتوں سے نامعلوم چور بجلی کی موٹر چوری کر کے لے گئے۔ موضع راجہ کے الیاس کا موبائل فون حویلی سے چوری ہوگیا۔ ٹبہ محمد نگر کے محمد ندیم کی حویلی سے نامعلوم چور بکری (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 3)

سیالکوٹ میں محکمہ ریونیو کے دفاتر میں شہریوں کا کوئی پرسان حال نہیں

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) سیالکوٹ میں محکمہ ریونیو کے دفاتر میں شہریوں کا کوئی پرسان حال نہیں عرصہ ایک ماہ سے سیالکوٹ میں پٹوار سرکل بند ہونے کی وجہ سے شہریوں کو شدید پریشانی کا سامنا کرنا پڑھ رہا ہے ایک فرد کے حصول کے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 6)

ڈائریکٹ تاریں لگا کر بجلی چوری کرنے والے پانچ افراد پکڑے گئے

کاموکے (تحصیل رپورٹر) ڈائریکٹ تاریں لگا کر بجلی چوری کرنے والے پانچ افراد پکڑے گئے۔ گذشتہ روز صدر اور واہنڈو پولیس نے گیپکو کے ایس ڈی اوز کی درخواستوں پر ڈائریکٹ تاریں لگا کر بجلی چوری کرنے والے ٹبہ محمد نگر کے شہروز، عثمان، منڈیالہ پوناچ کے عدنان، چک علاؤالدین کے سلاور مسیح اور ڈیرہ قلندراں کے محمد صفدر کیخلاف مقدمات درج کر لیے ہیں۔

نہری پانی چوری کرنے والے دو زمیندار پکڑے گئے

کاموکے (تحصیل رپورٹر) نہری پانی چوری کرنے والے دو زمیندار پکڑے گئے۔ گذشتہ روز صدر پولیس نے سب ڈویژن کینال مجسٹریٹ محمد حسنین اعجاز کی درخواست پر نہری پانی چوری کرنے والے زمینداروں تولیکی کے شفیق اور حبیب پورہ کے ہدائت کیخلاف مقدمہ درج کر لیا ہے۔

تیز رفتار موٹر سائیکل سے گر کر نوجوان شدید زخمی ہوگیا

کاموکے (تحصیل رپورٹر) تیز رفتار موٹر سائیکل سے گر کر نوجوان شدید زخمی ہوگیا۔ گذشتہ روز سلامت پورہ اُنتیس سالہ حامد موٹر سائیکل سے گر کر شدید زخمی ہوگیا۔ دیگر ٹریفک حادثات میں پچاس سالہ محمد رضوان، تیس سالہ عرفان، پچیس سالہ نذیر، تیس سالہ مریم، اکیس سالہ واجد علی، بائیس سالہ محمد مبین، ستائیس سالہ علی رضا، اُنیس سالہ محمد (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 7)

مکہ مکرمہ مقدس شہر ڈورن حملے کی ناکام کوشش شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں، ڈپٹی اطاعت نشان حیدر پارٹی

اوکاڑہ (ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) اوکاڑہ چیئرمین سید سجاد حسین کاظمی نعیم شاہین مہر منور ساجد بھائی سید اکرام بخاری ممتاز سبز پوش حسنین زین العابدین سعید احمد جوئیہ ڈپٹی اطاعت نشانِ حیدر پارٹی پاکستان میاں بلال اکرم جوئیہ دیگر رہنماؤں نے مکہ مکرمہ پر ڈرون حملے کی ناکام کوشش کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ اپنے مذمتی بیان میں انہوں نے کہا کہ مکہ مکرمہ جیسے مقدس ترین شہر کو نشانہ بنانے کی کوئی بھی کوشش قطعی ناقابل قبول ہے۔ حرمین شریفین کا تقدس ہر مسلمان کے ایمان کا لازمی جزو ہے اور مقدس مقامات اور زائرین کی سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ امت مسلمہ ایسے بزدلانہ اقدامات کو کبھی برداشت نہیں کرے گی اور سعودی سیکورٹی فورسز کی بروقت کارروائی کو سراہتے ہیں۔

دونو جوانوں کے اغواء برائے تاوان کا معاملہ پولیس کی بروقت اور مؤثر کارروائی سے خود ساختہ اغواء کے ڈرامے میں تبدیل ہوگیا

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ + شکیل احمد آصم) تھانہ صدر اوکاڑہ کے علاقہ کاروان ٹاؤن سے لاپتہ ہونے والے دو نوجوانوں کے اغواء برائے تاوان کا معاملہ پولیس کی بروقت اور مؤثر کارروائی سے خود ساختہ اغواء کے ڈرامے میں تبدیل ہوگیا جبکہ دونوں نوجوانوں کو بحفاظت بازیاب کرلیا گیا۔ ترجمان پولیس کے مطابق عزیز پارک کے رہائشی 22 سالہ احمد رضا اور 20 سالہ علی اسفند دونوں گہرے دوست ہیں جو تین روز قبل اکٹھے گھر سے نکلے تھے اور واپس نہ آنے پر اہلخانہ کی جانب سے پولیس کو اطلاع دی گئی۔ واقعے پر درخواست موصول ہونے کے بعد تھانہ صدر اوکاڑہ میں اغواء کا مقدمہ درج کیا گیا اور دونوں نوجوانوں کی تلاش شروع کر دی گئی۔ ابتدائی تفتیش کے دوران علی اسفند کے موبائل نمبر سے واٹس ایپ کے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 1)

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب کی ہدایات پر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف موثر کارروائیاں جاری

بہاول پور (سی ایم لنکس) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب کی ہدایات پر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف موثر کارروائیاں جاری، بہاولپور پولیس نے گزشتہ 24 گھنٹوں میں مختلف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 13 ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں شراب، منشیات و اسلحہ ناجائز برآمد۔ سماج دشمن عناصر کسی رعائت کے مستحق نہیں، ڈی پی او تفصیلات کے مطابق تھانہ سول لائنز مسافر خانہ اور تھانہ ڈیرا اور پولیس جدید ٹیکنالوجی اور پیشہ وارانہ مہارت سے 03 مجرمان اشتہاری گرفتار کر لئے۔ تھانہ سٹی احمد پور شرقیہ، عنائتی اور تھانہ خیر پور ٹامیوالی پولیس نے شراب فروشی کے مرتکب 04 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 180 لیٹر شراب برآمد کرلی۔ اسی طرح تھانہ سٹی یزمان، صدر یزمان، خیر پور ٹامیوالی اور تھانہ سٹی حاصل پور پولیس نے منشیات فروشی کے مرتکب 04 ملزم کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 2150 گرام چرس اور 450 گرام کرسٹل آئس برآمد کرلی۔ جبکہ تھانہ صدر بہاولپور اور تھانہ مسافر خانہ پولیس (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 2)

ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کے سکیورٹی کے حوالے سے مساجد اور امام بارگاہوں کے وزٹ، موجودہ ملکی صورتحال کے پیش نظر ڈیوٹی پر مامور اہلکاروں کو الرٹ رہنے کی ہدایت

بہاول پور (سی ایم لنکس) سٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب کے احکامات، جمعۃ المبارک کے روز ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کے سکیورٹی کے حوالے سے مساجد اور امام بارگاہوں کے وزٹ، موجودہ ملکی صورتحال کے پیش نظر ڈیوٹی پر مامور اہلکاروں کو الرٹ رہنے کی ہدایت، سکیورٹی فرائض میں غفلت ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی، ڈی پی او رانا عبدالوہاب تفصیلات کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن پرامن پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او رانا عبدالوہاب کی ہدایت پر عمل پیرا ہوتے ہوئے ایس ڈی پی اوز نے اپنے سرکل جبکہ ایس ایچ اوز نے اپنے اپنے تھانہ جات کی حدود میں جمعۃ المبارک کے حوالے سے مساجد اور امام بارگاہوں کی سکیورٹی ڈیوٹی پر مامور افسران و جوانوں کو چیک کیا۔ سکیورٹی پر مامور جوانوں کے پاس موجود اسلحہ اور حفاظتی انتظامات کا جائزہ لیا۔ موجودہ ملکی صورتحال کے پیش نظر جوانوں کو الرٹ رہ کر ڈیوٹی سرانجام دینے کی ہدایت کی۔ ڈی پی او عبدالوہاب نے اپنے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 9)

ننکانہ صاحب میں چوری کی تین وارداتوں میں نامعلوم ملزمان موٹر سائیکل، ٹرانسفارمر، موبائل فونز اور نقدی لے گئے

ننکانہ صاحب (نمائندہ روزنامہ سحر) ننکانہ صاحب میں چوری کی تین وارداتوں میں نامعلوم ملزمان موٹر سائیکل، ٹرانسفارمر، موبائل فونز اور نقدی لے گئے۔ تفصیلات کے مطابق بچیکی کے محلّہ محمدی میں فیصل ندیم کی گھر کے باہر کھڑی موٹر سائیکل نمبری 6206/LEM چوری ہوگئی۔ تھانہ بڑا گھر کے علاقے لڑھکا میں سلطان کے زرعی رقبے میں نصب ٹیوب ویل سے نامعلوم ملزمان مبینہ طور پر ٹرانسفارمر لے گئے۔ تھانہ واربرٹن کے علاقے پل نہر جسلانی میں لفیر مسیح کے گھر سے 80 ہزار روپے مالیت کے دو موبائل فون اور ملز کا گیٹ پاس چوری ہوگیا، جس میں مبینہ طور پر 10 ہزار روپے موجود تھے۔

کم عمر بچوں کو موٹر سائیکل یا گاڑی دینا پیار نہیں بلکہ ان کی زندگی کو خطرے میں ڈالنے کے مترادف ہے، سربالی خان

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ + ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ + نامہ نگار سے) اوکاڑہ ڈسٹرکٹ ٹریفک آفیسر سربالی خان نے کہا ہے کہ کم عمر بچوں کو موٹر سائیکل یا گاڑی دینا پیار نہیں بلکہ ان کی زندگی کو خطرے میں ڈالنے کے مترادف ہے۔ کم عمر ڈرائیورز میں پختگی اور فوری فیصلے کرنے کی صلاحیت کم ہوتی ہے جس کی وجہ سے وہ نہ صرف اپنی بلکہ سڑک پر موجود دیگر معصوم لوگوں کی جانوں کو بھی خطرے میں ڈالتے ہیں۔ ٹریفک قوانین کی پاسداری کوئی اختیاری امر نہیں بلکہ ایک بنیادی شہری اور اخلاقی ذمہ داری ہے۔ ہیلمٹ کا استعمال، سیٹ بیلٹ باندھنا، تیز رفتاری سے پرہیز، اور ون وے کی خلاف ورزی نہ کرنا ایسے سنہری اصول ہیں جو بڑی حد تک حادثات کے نقصان کو کم کر سکتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ سربالی خان نے کہا کہ نے والدین اپنے ناپختہ بچوں کو گاڑی یا موٹر سائیکل دینے سے گریز کریں اور انہیں لائسنس کی عمر تک پہنچنے سے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 8)

اہم ٹیلی فون نمبرز

ریسکیو ایمبولینس	1122
پولیس ہیلپ لائن	15
ایدھی کنٹرول	115
فائر بریگیڈ	16
بم ڈسپوزل	99212111
موٹروے پولیس	130
پنجاب ہائی وے پولیس	1124

ریلوے اور پی آئی اے

ریلوے انکوائری	117
ریزرویشن	99201772
ریلوے پولیس	1333
فلائٹ انکوائری	114
پی آئی اے ریزرویشن	111-786-786

شکایات سیل اور سنٹرز

وزیراعلیٰ شکایات سیل	99204907-08
گورنر ہاؤس	99200087
چیف سیکرٹری مانیٹرنگ سیل	99213103
پولیس شکایت	99202881
واپڈا شکایت سنٹر	111-000-118
سوئی گیس شکایت سنٹر	99211022-9

ہسپتال اور بلڈ بنک

سروسز ہسپتال	99203402-22
میو ہسپتال	99211100-9
شیخ زید ہسپتال	35865831
جنرل ہسپتال	99264091-8
گنگا رام ہسپتال	99200572-9
یو سی ایچ ہسپتال	35763573-5
اتفاق ہسپتال	35881981-05
سی ایم ایچ	66996168-72
شوکت خانم	35945100
جناح ہسپتال	111-809-809
چلڈرن ہسپتال	99230901-3
فاطمید بلڈ بینک	35863950
ایدھی بلڈ بینک	35417440

حکومت عوام کو حقیقی ریلیف دینے کے بجائے ناکافی اور نمائشی پیکیجز کا اعلان کر رہی ہے، پرویز اختر عباسی

ہارون آباد (نمائندہ خصوصی) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما پرویز اختر عباسی نے کہا کہ حکومت عوام کو حقیقی ریلیف دینے کے بجائے ناکافی اور نمائشی پیکیجز (Packages) کا اعلان کر رہی ہے۔ ایران پر امریکی حملے کے فوری بعد فروری میں حکومت کو ریفائنریز (Refineries) سے بات کرنی چاہیے تھی، مگر ایسا نہیں کیا گیا بلکہ ایسے اقدامات کیے گئے اور عوام کی جیبوں پر ڈاکہ ڈالنا شروع کیا جس کی مثال نہیں ملتی۔ انہوں نے سوال کیا کہ آئل مارکیٹنگ کمپنیوں کو زیادہ منافع کیوں دیا جا رہا ہے جبکہ عوام مہنگائی کا بوجھ برداشت کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چھوٹی گاڑیاں زیادہ تر متوسط طبقہ استعمال کرتا ہے، اس لیے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ براہ راست متوسط اور غریب طبقے کو متاثر کرتا ہے۔ حکومت عوام کو ریلیف دینے کے لیے تیار نہیں، جبکہ حکومتی سطح پر یہ موقف اختیار کیا جاتا ہے کہ عالمی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 25)

حرمین شریفین کی حرمت اور سعودی عرب کی علاقائی سالمیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے، محمد اعجاز الحق

ہارون آباد (نمائندہ خصوصی) پاکستان مسلم لیگ ضیاء الحق شہید کے سربراہ اور ہارون آباد فورٹ عباس سے رکن قومی اسمبلی محمد اعجاز الحق نے مقدس شہر مکہ مکرمہ کی سمت حملے کی کوشش اور سعودی عرب پر حوثی باغیوں کی مسلسل جارحیت کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ حرمین شریفین کی حرمت اور سعودی عرب کی علاقائی سالمیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے مدینہ المنورہ میں ممتاز بزنس مین فیصل نوید اور نوید عابد کی رہائش گاہ پر ضیافت کے بعد گفتگو کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر مدینہ کرکٹ ایسوسی ایشن کے چیئرمین حاجی امانت علی، مدینہ کرکٹ ایسوسی ایشن کے صدر حماد سعید پاکستان سے عمرہ ادائیگی کے لیے ائے ہوئے ضلعی چیئرمین امن کمیٹی حاجی باؤ عطاالرحمٰن، سابق چیئرمین ملک محمد ریاض خلجی بھی موجود تھے، انہوں نے مزید کہا کہ مکہ مکرمہ کو نشانہ بنانے کی کوشش ایک گھناؤنی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 26)

ڈی پی او بہاولنگر محمد عمران کا ڈی سی بہاولنگر سید محمد عباس شاہ کے ہمراہ ایم کیٹ (MDCAT) ٹیسٹ سنٹر کا دورہ، سیکیورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیتے ہوئے

ڈی پی او بہاولنگر محمد عمران کا ڈی سی بہاولنگر سید محمد عباس شاہ کے ہمراہ ایم کیٹ (MDCAT) ٹیسٹ سنٹر کا دورہ

بہاولنگر (عبدالوحید سے + محمد جاوید چوہدری سے) ڈی پی او بہاولنگر محمد عمران کا ڈی سی بہاولنگر سید محمد عباس شاہ کے ہمراہ ایم کیٹ (MDCAT) ٹیسٹ سنٹر کا دورہ، سیکیورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولنگر محمد عمران نے ڈی سی بہاولنگر سید محمد عباس شاہ کے ہمراہ ضلع میں ایم کیٹ ٹیسٹ کے لیے قائم کردہ امتحانی مرکز کا اچانک دورہ کیا اور وہاں مجموعی حفاظتی انتظامات کا جائزہ لیا۔ افسران نے دورے کے دوران سنٹر کے داخلی و خارجی راستوں، واک تھرو گیٹس، اور (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 19)

چوہدری یاسر ملہی کے ماموں سابق ایڈیشنل سیکرٹری نیشنل اسمبلی چوہدری امجد سعید چیمہ انتقال فرما گئے

نارووال (بیورو چیف نارووال) بانی نیشنل میڈیا کونسل پاکستان اور جنرل سیکرٹری، صدر گلوبل پریس کلب بدوملہی، بانی و چیئرمین/ ایگزیکٹو ڈائریکٹر انٹرنیشنل انسٹیٹیوٹ آف کنزیومرز اینڈ ہیومن رائٹس پاکستان چوہدری یاسر ملہی کے ماموں سابق ایڈیشنل سیکرٹری نیشنل اسمبلی چوہدری امجد سعید چیمہ انتقال فرما گئے مرحوم سابق چیرمین بھوپال والہ، ایس ایس پی (ریٹائرڈ) سعید احمد چیمہ کے فرزند یاور سعید چیمہ چیئرمین بھوپالوالہ، انجینئر قیصر سعید چیمہ اور انسپکٹر پنجاب پولیس احمد سعید چیمہ (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 18)

وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق کمیونٹی پولیسنگ کے فروغ کیلئے اقدامات جاری

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق کمیونٹی پولیسنگ کے فروغ کیلئے اقدامات جاری ہیں۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چنیوٹ ڈاکٹر نوید عاطف نے جمعۃ المبارک کے موقع پر جامعہ مسجد فردوسیہ میں کھلی کچہری لگائی۔ کھلی کچہری میں ایس ایچ او تھانہ سٹی سب انسپکٹر رضوان علی، انچارج کمپلینٹ سیل، دیگر پولیس افسران اور نمازیوں کی کثیر تعداد موجود تھی۔ ڈی پی او ڈاکٹر نوید عاطف نے شہریوں کے مسائل سنے، مسائل کے حل کی یقین دہانی کروائی۔ ڈی پی او نے متعلقہ افسران کو دادرسی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ کمپلینٹ سیل کو درخواستوں کی دادرسی یقینی بنوا کر فالواپ رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی گئی۔ ڈی پی او نے پنجاب پولیس کی مختلف سروسز سے متعلق شرکاء کو بریفنگ دی۔ ڈی پی او نے شہریوں کو نئے ٹریفک قوانین سے متعلق آگاہی دی، شہریوں کو ٹریفک قوانین پر عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ ڈی پی او نے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مسجد میں کھلی کچہری لگانا حضرت محمد ﷺ (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 22)

کچہری بازار کے الیکٹرک سٹور میں آتشزدگی، ریسکیو 1122 نے بڑا حادثہ ٹال دیا

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) کچہری بازار کے الیکٹرک سٹور میں آتشزدگی، ریسکیو 1122 نے بڑا حادثہ ٹال دیا گزشتہ روز چنیوٹ کے معروف اور گنجان بوجھل تجارتی علاقے کچہری بازار میں واقع ایک الیکٹرک سٹور میں ناگہانی طور پر ہولناک آگ بھڑک اٹھی۔ ابتدائی معلومات کے مطابق آگ لگنے کی وجوہات فوری طور پر معلوم نہیں ہوسکیں، تاہم دکان سے اچانک اٹھتے ہوئے دھوئیں اور شعلوں نے اردگرد کے تاجروں میں شدید خوف و ہراس پھیلا دیا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کا شعبہ فائر ریسکیو فوری طور پر تحرک میں آیا اور ایمر جنسی ٹیمیں بغیر کسی تاخیر کے جائے وقوعہ پر پہنچ گئیں۔ آگ کی شدت کو مدنظر رکھتے ہوئے ریسکیو 1122 کی 4 فائر وہیکلز اور اہلکار فائر فائٹنگ آپریشن میں مصروف ہو گئے۔ کچہری بازار کی تنگ گلیوں اور گنجان آبادی کے باوجود فائر فائٹرز نے پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے آگ کو دیگر ملحقہ دکانوں اور عمارتوں تک پھیلنے سے روکا۔ انتھک محنت کے بعد ریسکیو ٹیموں نے فائر فائٹنگ آپریشن مکمل (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 20)

ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی کا اہم اجلاس منعقد

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں محکمہ صحت سے متعلق مختلف اہم امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ضلع بھر میں عوام کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، ہسپتالوں و مراکز صحت کے انتظامی امور، ادویات کی دستیابی، سٹاف سے متعلق مسائل اور دیگر محکمانہ امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر سی او ہیلتھ ڈاکٹر احمد خان و دیگر محکمہ صحت کے افسران نے ڈپٹی کمشنر کو مختلف امور پر بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان نے متعلقہ افسران کو درپیش مسائل کے جلد حل، طبی سہولیات میں مزید بہتری اور عوام کو بروقت و معیاری طبی خدمات کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے ضروری اقدامات کرنے کی ہدایات جاری کیں۔ انہوں نے کہا کہ صحت کے شعبہ میں عوام کو بہترین سہولیات کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، اس سلسلہ میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 17)

انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب عبدالکریم کے وژن کے مطابق پولیس اہلکاروں کی ویلفیئر کیلئے عملی اقدامات جاری

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب عبدالکریم کے وژن کے مطابق پولیس اہلکاروں کی ویلفیئر کیلئے عملی اقدامات جاری ہیں۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چنیوٹ ڈاکٹر نوید عاطف نے چنیوٹ پولیس کے شہید کی فیملی پولیس اہلکاروں سے ملاقات کی۔ ڈی پی او نے شہید کی فیملی، پولیس اہلکاروں سے خیریت دریافت کی، صحت، بچوں کی تعلیم کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا۔ ڈی پی او نے شہید کی فیملی، پولیس اہلکاروں کے مسائل سنے اور فوری ریلیف کے لیے احکامات جاری کیئے۔ ڈی پی او نے پولیس اہلکاروں کو تندہی سے فرائض سرانجام دینے کی ہدایت کی۔ اس حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ڈاکٹر نوید عاطف کا کہنا تھا کہ پولیس اہلکاروں اور ان کی فیمیلیز کی ویلفیئر کیلئے تمام تر ضروری اقدامات کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ کرپشن کیخلاف زیرو ٹالرنس پالیسی، محکمہ پولیس کی بدنامی کا باعث بننے والی کالی بھیڑوں کیخلاف (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 16)

توجہ برائے نمائندگان نیوز ایجنٹ
MEMBER APNS
ABC CERTIFIED
روزنامہ سحر
نہ ملنے یا لیٹ ملنے کی صورت میں ہمارے
فارورڈنگ ایجنٹ شعیب چودھری سے رابطہ کریں
0331-4667648
0321-4618852

گجرات: چرس برآمد ہونے پر ملزم کو میڈیا کے سامنے پیش کیا جارہا ہے

وزیراعظم پاکستان کے خصوصی فیول ریلیف پیکج کے ثمرات اہل شہریوں تک پہنچانے کیلئے ضلع پاکپتن میں عملی اقدامات تیز کردیے گئے

پاکپتن (نامہ نگار) وزیراعظم پاکستان کے خصوصی فیول ریلیف پیکج کے ثمرات اہل شہریوں تک پہنچانے کیلئے ضلع پاکپتن میں عملی اقدامات تیز کردیے گئے ہیں، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات کے مطابق ڈپٹی کمشنر آصف رضا کی زیر نگرانی ضلع بھر کے 113 سے زائد پٹرول پمپس پر شہریوں کی آگاہی، رہنمائی اور رجسٹریشن میں معاونت کیلئے ہیلپ ڈیسک فعال ہیں، جبکہ ضلعی انتظامیہ کے افسران فیلڈ میں متحرک رہتے ہوئے انتظامات کی مسلسل مانیٹرنگ کر رہے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر آصف رضا نے کہا ہے کہ وزیراعظم پاکستان کے خصوصی فیول ریلیف پیکج کے ثمرات حقیقی حق داروں تک شفاف، آسان اور (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 10)

ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ پرائس کنٹرول کمیٹی کا اجلاس منعقد

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ پرائس کنٹرول کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا جس میں اشیائے خوردونوش کی قیمتوں کا تعین کیا گیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ہیڈ کوارٹر اور انفورسمنٹ) صولت حیات وٹو، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (میونسپل سروسز) میاں سرمد حسین اور انجمن تاجران کے نمائندے شریک ہوئے۔ اس موقع پر مشاورت سے اشیائے خوردونوش کی پرچون قیمتوں کا تعین کیا گیا۔ اجلاس کے بعد جاری کی گئی ریٹ لسٹ کے مطابق اشیائے خوردونوش کی درج ذیل ہیں۔ سپر باسمتی چاول (نیا) 305 روپے فی کلو، دال چنا موٹی 235 روپے فی کلو، دال چنا باریک 200 روپے فی کلو، دال مسور 220 روپے فی کلو، دال ماش دھلی ہوئی 415 روپے فی کلو، دال ماش بغیر دھلی ہوئی 370 روپے فی کلو، دال مونگ دھلی ہوئی 250 روپے فی کلو، کالے چنے 222 روپے فی کلو، سفید (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 11)

تحفظ حرمین شریفین ریلی، اہلحدیث یوتھ فورس اور شہریوں کی بھرپور شرکت

شورکوٹ (محمد آصف ندیم) مرکزی جمعیت اہلحدیث اور اہلحدیث یوتھ فورس تحصیل شورکوٹ ضلع جھنگ کے زیر اہتمام تحفظ حرمین شریفین ریلی محلّہ کچکوٹہ سے نکالی گئی جو مختلف راستوں سے ہوتی ہوئی تحصیل چوک شورکوٹ پہنچی، جہاں ریلی نے جلسے کی شکل اختیار کر لی ریلی میں مرکزی جمعیت اہلحدیث ضلع جھنگ کے امیر حافظ ثاقب سرور ساقی، اہلحدیث یوتھ فورس ضلع جھنگ کے صدر حافظ شاہد ندیم، ناظم مرکزی جمعیت اہلحدیث ضلع جھنگ مولانا طاہر خان سلفی، مولانا عمران سیال، مولانا عاقب دانش، اہلحدیث یوتھ فورس ضلع جھنگ کے جنرل سیکرٹری زبیر اقبال چیمہ، مہر نور محمد، قاری اصغر علی، مڑل عبدالرحمن انصاری، شیخ شاہد اقبال سمیت دیگر علماء، کارکنان، طلباء، صحافیوں اور ممبر امن کمیٹی شورکوٹ رائے ایاز اکبر نے کثیر تعداد میں شرکت کی ریلی کے شرکاء نے حرمین (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 12)

تحفظ حرمین شریفین ریلی

حضرت خواجہ سائیں محمد عظیم قادری کے سالانہ عرس کی دو روزہ تقریبات 21 ستمبر سے شروع ہوں گی

بچیکی (نامہ نگار) حضرت خواجہ سائیں محمد عظیم قادری کے سالانہ عرس کی دو روزہ تقریبات 21 ستمبر سے شروع ہوں گی، یہ عرس مبارک حضرت پیر سائیں شیر محمد گیلانی کی آمد کے سلسلہ میں ہر سال منعقد کیا جاتا ہے تفصیلات کے مطابق عظیم صوفی بزرگ حضرت خواجہ سائیں محمد عظیم قادری کے دو روزہ سالانہ عرس مبارک کی تقریبات 21 اور 22 ستمبر کو عقیدت واحترام کے ساتھ منعقد ہوں گی۔ یہ عرس مبارک حضرت پیر سائیں شیر محمد گیلانی کی آمد کے سلسلہ میں ہر سال کھر پیڑ شریف میں منعقد کیا جاتا ہے، جس میں ملک بھر سے عقیدت مند اور زائرین شرکت کرتے ہیں۔ عرس مبارک کی دو روزہ تقریبات کے دوران سجادہ نشین صاحبزادہ پیر سائیں اویس احمد قادری درسِ مثنوی مولانا روم اور درسِ فتح الربانی کے ذریعے عقیدت مندوں کے دلوں کو منور کریں گے۔ اس موقع پر محافلِ ذکر، نعت، درود و سلام اور دیگر روحانی نشستوں کا (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 13)

نامعلوم چور کمپیوٹر اکیڈمی سے لاکھوں روپے مالیت کا سامان اور نقدی چرا کر لے گئے، پولیس مصروف تفتیش

بچیکی (نامہ نگار) نامعلوم چور کمپیوٹر اکیڈمی سے لاکھوں روپے مالیت کا سامان اور نقدی چرا کر لے گئے، پولیس مصروف تفتیش تفصیلات کے مطابق کوٹ نہال سنگھ کے رہائشی محمد وقاص نے محلّہ میجراں میں کمپیوٹر ٹریننگ سنٹر بنا رکھا ہے، گزشتہ رات نامعلوم چور وہاں سے چار لاکھ روپے مالیت کا سامان اور 50 ہزار روپے نقدی چرا کر لے گئے، محمد وقاص نے تھانہ بڑا گھر میں نامعلوم چوروں کے خلاف قانونی کاروائی کے لئے تحریری درخواست دے دی ہے جس پر پولیس نے تفتیش شروع کر دی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 14)

سمارٹ لاک ڈاؤن پر عملدرآمد کے لیے تحصیل انتظامیہ متحرک، اسسٹنٹ کمشنر ثوبیہ فلک راؤ نے جامع حکمتِ عملی واضح کر دی

عارفوالا (نامہ نگار) سمارٹ لاک ڈاؤن پر عملدرآمد کے لیے تحصیل انتظامیہ متحرک، اسسٹنٹ کمشنر ثوبیہ فلک راؤ نے جامع حکمتِ عملی واضح کر دی حکومت کی جانب سے نافذ کیے جانے والے سمارٹ لاک ڈاؤن کے تناظر میں تحصیل انتظامیہ عارفوالہ مکمل طور پر متحرک ہو چکی ہے معاشی سرگرمیوں کا توازن برقرار رکھنے کے لیے اسسٹنٹ کمشنر عارفوالہ ثوبیہ فلک راؤ نے اپنے دفتر میں معروف صحافی مرزا محمد جمیل اور شیخ عبدالجبار سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے انتظامی اقدامات، شہریوں کے لیے جاری کردہ ہدایات (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 15)

ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد نے شہریوں کے مسائل کی براہِ راست سماعت، فوری ازالے اور انصاف کی فراہمی کے لیے اپنے دفتر میں شہریوں سے ملاقات کی

لالہ موسیٰ (بیورو چیف) ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد نے شہریوں کے مسائل کی براہِ راست سماعت، فوری ازالے اور انصاف کی فراہمی کے لیے اپنے دفتر میں شہریوں سے ملاقات کی۔ اس سلسلے میں ڈی پی او گجرات نے آج اپنے دفتر میں آنے والے شہریوں کے مسائل، شکایات اور درخواستیں براہِ راست سنیں اور ان کے مسائل کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو فوری دادرسی اور قانون کے مطابق کارروائی کے احکامات جاری کیے۔

مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
Daily SEHAR
روزنامہ
سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان

محلہ جسونت نگر میں واسا (WASA) کی ٹیم پر بلوں کی تقسیم کے دوران غصے میں بپھرے ہوئے اہل محلہ نے حملہ کر دیا

خانوال (سی ایم لنکس) محلہ جسونت نگر میں واسا (WASA) کی ٹیم پر بلوں کی تقسیم کے دوران غصے میں بپھرے ہوئے اہل محلہ نے حملہ کر دیا۔ جھگڑے کے دوران گالم گلوچ کی گئی، بجلی و پانی کے بل پھاڑ دیے گئے اور عملے کو زبردستی کام کرنے سے روک دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق، واسا کی فیلڈ ٹیم محلہ جسونت نگر میں معمول کے مطابق بل تقسیم کرنے پہنچی تھی کہ اس دوران مقامی افراد کے ساتھ تلخ کلامی شروع (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 27)

اوکاڑہ: گورنمنٹ ہائر سیکنڈری سکول آف سپیشل ایجوکیشن HI اوکاڑہ میں طالبات کی شاندار کامیابی

پیرالحاج حکیم حاجی محمد اقبال چشتی صابری کا چوتھا سالانہ عرس مبارک 20 ستمبر کو عقیدت احترام سے منایا جائیگا، صاحبزادہ پیر حکیم قاری ظہور احمد الخیری چشتی صابری

پاکپتن (نامہ نگار) سجادہ نشین صاحبزادہ پیر حکیم قاری ظہور احمد الخیری چشتی صابری نے کہا ہے کہ معروف روحانی بزرگ پیرالحاج حکیم حاجی محمد اقبال چشتی صابری کا چوتھا سالانہ عرس مبارک 20 ستمبر کو عقیدت احترام سے منایا جائیگا تفصیلات کے مطابق معروف روحانی بزرگ پیر طریقت رہبر شریعت پیرالحاج حکیم حاجی محمد اقبال چشتی صابری کا چوتھا سالانہ عرس مبارک 20 ستمبر 2026 بروز اتوار بعد نماز ظہر جامعہ مسجد کچہری روڈ محلہ فرید نگر پاکپتن میں بڑی عقیدت احترام سے منایا جائیگا جس میں ملک پاکستان کے عظیم مشائخ و علماء کرام و نعت خواں شرکت کرینگے اور قبلہ باباجی کے مریدین و عقیدت مند بھی شرکت کرینگے عرس مبارک صبح 9 بجے سے شام تک جاری رہیگا جس میں صبح 10 بجے دربار شریف پر غسل (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 35)

وزیر اعظم کی خصوصی ریلیف سکیم برائے پٹرول کے حوالے سے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر انفورسمنٹ محمد عثمان جلیس کی زیر صدارت اجلاس منعقد

وہاڑی (سی ایم لنکس) وزیر اعظم کی خصوصی ریلیف سکیم برائے پٹرول کے حوالے سے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر انفورسمنٹ محمد عثمان جلیس کی زیر صدارت اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں پٹرول پمپس پر 100 روپے سستا پٹرول کی فراہمی، سہولت کاؤنٹرز سروسز، موبائل ایپ کی فعالیت اور پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی انسپکشنز بارے بریفنگ دی گئی ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر انفورسمنٹ محمد عثمان نے وزیر اعظم کی سبسڈی سکیم پر موثر عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت کی. اور کہا کہ وزیر اعظم کی خصوصی ریلیف سکیم برائے پٹرول کے ثمرات شہریوں تک پہنچانے کیلئے ضلعی انتظامیہ کوشاں ہے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 34)

عظیم صوفی شاعر حضرت خواجہ غلام فرید کوٹ مٹھن شریف کے تین روزہ عرس مبارک کی تقریبات کا باقاعدہ افتتاح کر دیا گیا

راجن پور (طیب قوم سے) برصغیر پاک و ہند کے ہفت زباں عظیم صوفی شاعر حضرت خواجہ غلام فرید کوٹ مٹھن شریف کے تین روزہ عرس مبارک کی تقریبات کا باقاعدہ افتتاح کر دیا گیا۔ افتتاحی تقریب میں ڈپٹی کمشنر راجن پور عمران حسین رانجھا، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد عمران اور خواجگان دربار فرید خواجہ عامر فرید کوریجہ، خواجہ غلام فرید کوریجہ، محمد فرید کوریجہ، راول معین کوریجہ اور دیگر نے شرکت کی۔ عرس مبارک کی افتتاحی تقریب کے موقع پر ڈپٹی کمشنر راجن پور عمران حسین رانجھا، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد عمران اور خواجگان دربار فرید خواجہ عامر فرید کوریجہ، خواجہ غلام فرید کوریجہ، محمد فرید کوریجہ، راول معین کوریجہ نے دربار (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 36)

ڈپٹی کمشنر خوشاب کا ڈی پی ایس جوہر آباد کا دورہ، ملٹی پرپز ہال کی تعمیر کا جائزہ

خوشاب (سی ایم لنکس) ڈپٹی کمشنر خوشاب ڈاکٹر جہانزیب حسین لابر نے ڈسٹرکٹ پبلک سکول (ڈی پی ایس) جوہر آباد کا دورہ کیا اور سکول میں نئے تعمیر کیے جانے والے ملٹی پرپز ہال کی سائٹ اور بنیاد کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر پرنسپل ڈی پی ایس جوہر آباد پروفیسر صلاح الدین، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ سہیل سکندر رانجھا، ایکسین بلڈنگ حافظ محمد (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 37)

اوکاڑہ: خودساختہ اغواء برائے تاوان کا ڈرامہ بے نقاب، سیف سٹی کیمروں اور سی سی ٹی وی فوٹیج سے پولیس نے اہم سراغ حاصل کر لیا

پیرا فورس کے اہلکار بے قابو ہو گئے، وردی کا تقدس فروٹ کے چند دانوں پر پامال کر دیا

سیالکوٹ (میاں عثمان شہزاد سے) پیرا فورس کے اہلکار بے قابو ہو گئے۔ وردی کا تقدس فروٹ کے چند دانوں پر پامال کر دیا۔ اگوکی وزیر آباد روڈ سے ایک ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی جس میں پیرا فورس کے دو باوردی اہلکاروں نے سرکاری موٹر سائیکل پر سوار ہو کر ریڑھی کو روک لیا اور اسی دوران پیچھے سوار پیرافورس کے اہلکار نے ریڑھی سے فروٹ کے چند دانے اٹھا کر موٹر سائیکل کی سائیڈ پر بنی ٹینکی میں رکھ لئے اور اس دوران ریڑھی بان انکے ہاتھ پکڑ کر روکتا رہا تاہم پیرا فورس کے باوردی اہلکاروں نے یونیفارم کا تقدس فروٹ کے چند دانوں پر پامال کر دیا۔ پیرا فورس کے اہلکاروں کی ویڈیو وائرل ہونے کے بعد انچارج پیرا فورس ناصر ججہ سے رابطہ ہوا تو انہوں نے بتایا کہ ویڈیو منظر عام پر آنے کے بعد اہلکاروں کو طلب کر لیا گیا ہے اور انکوائری کی جا رہی ہے اور اگوکی وزیر آباد روڈ پر ریڑھی بان سے بھی استفسار کیا گیا تو ریڑھی بان نے بتایا کہ وہ کھجور کی ریڑھی لگاتا ہے اور اہلکاروں نے ریڑھی سے وزن کرنے والے تول (باٹ) اٹھائے تھے محکمہ کی جانب سے بتایا گیا ہے کہ اہلکاروں نے متعدد مرتبہ انکو منع کیا جس بنا پر وہاں سے باٹ کو اٹھایا گیا اور ترازو وہی رہنے دیا گیا تاہم واقعہ کی مکمل انکوائری کے بعد اہلکاروں کے قصوروار ہونے نہ ہونے کا تعین کیا جائے گا۔

اسسٹنٹ چیف وائلڈ لائف رینجرز سدرۃ المنتہیٰ کی زیر قیادت وائلڈ لائف رینجرز کی کامیاب کارروائی

لیہ (سی ایم لنکس) اسسٹنٹ چیف وائلڈ لائف رینجرز سدرۃ المنتہیٰ کی زیر قیادت وائلڈ لائف رینجرز کی کامیاب کارروائی۔ بٹیر کے غیر قانونی شکار کے خلاف کریک ڈاؤن، 7 سیٹ اپ قبضہ میں لے لئے گئے۔ ملوث افراد کے خلاف قانونی کارروائی شروع کر دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق اسسٹنٹ چیف وائلڈ لائف رینجرز سدرۃ المنتہیٰ کی قیادت میں ضلع بھر میں بٹیر کے غیر قانونی شکار کے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 28)

پاکستان، سعودی عرب اور ترکی کے درمیان ایک نیا تاریخی معاہدہ طے پایا ہے، شیخ محمد نعیم ایڈووکیٹ

پاکپتن (نامہ نگار) مرکزی انجمن تاجران پاکپتن کے جنرل سیکرٹری اور انجمن تاجران منڈی روڈ پاکپتن کے صدر شیخ محمد نعیم ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکی کے درمیان ایک نیا تاریخی معاہدہ طے پایا ہے یہ معاہدہ صرف عسکری یا دفاعی نہیں بلکہ تینوں ممالک کے تعلقات کو ایک نئی جہت دینے والا سنگِ میل ہے پاکستان کو یہ اعزاز حاصل ہوا ہے کہ مکہ مکرمہ، مدینہ منورہ اور ترکی کی حفاظت کی ذمہ داری بھی اس کے حصے میں آئی ہے پاکستان، ترکی اور سعودی عرب اب ایک دوسرے کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں اگر ایک پر حملہ ہوگا تو یہ تمام فریقین پر حملہ تصور ہوگا یہ معاہدہ پاکستان کے دفاعی نظام، معیشت اور عالمی وقار کیلئے ایک نئی راہ ہموار کرے گا الحمدللہ! پاکستان کو مسجد نبوی ﷺ اور حرمین تحفظ کیلئے منتخب کیا گیا ہے پاکستان، سعودی عرب (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 33)

پولیس اور انتظامیہ کی جانب سے وکلاء کے خلاف جھوٹے، بے بنیاد اور من گھڑت مقدمات کا اندراج قابل مذمت ہے، سعید احمد بھلی ایڈووکیٹ

سیالکوٹ (میاں عثمان شہزاد سے) ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کے صدر سعید احمد بھلی ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ پولیس اور انتظامیہ کی جانب سے وکلاء کے خلاف جھوٹے، بے بنیاد اور من گھڑت مقدمات کا اندراج قابل مذمت ہے ایسے اوچھے ہتھکنڈوں سے وکلاء کو ڈرایا نہیں جا سکتا پولیس کی جانب سے درج جھوٹے مقدمہ کو 24 گھنٹوں میں خارج نہ کیا گیا تو وکلاء کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے، ان خیالات کا اظہار ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کے صدر سعید احمد بھلی ایڈووکیٹ نے علامہ اقبال بار ہال میں جنرل ہاؤس اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا۔ اجلاس سے سیکرٹری چوہدری شہباز شمس، سابق صدر مقصود احمد بھٹی، سابق صدر ایم اظہر چوہدری، سہیل اقبال ہرڑ، سابق سیکرٹریز بیرسٹر ملک جمشید غیاث، چوہدری احسن اسماعیل گجر، چوہدری عثمان علی مشتاق، چوہدری منیب حسین وڑائچ، اصغر اعوان عطاری، ملک بشیر حسین (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 38)

ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق نے گورنمنٹ پرائمری سکول گوہدپور، مرکز اگوکی اور گورنمنٹ گرلز ہائی سکول گوہدپور کا دورہ کیا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق نے گورنمنٹ پرائمری سکول گوہدپور، مرکز اگوکی اور گورنمنٹ گرلز ہائی سکول گوہدپور کا دورہ کیا اور سکولوں میں دستیاب سہولیات، صفائی ستھرائی اور تدریسی عمل کا تفصیلی جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے سکولوں میں واٹر فلٹرز کی صورتحال بھی چیک کی اور طلبہ و طالبات سے گفتگو کرتے ہوئے ان کی تعلیمی سرگرمیوں، تدریسی عمل اور سکول میں دستیاب سہولیات کے بارے میں دریافت کیا۔ انہوں نے طلبہ و طالبات سے مختلف سوالات بھی کئے اور ان کی تعلیمی کارکردگی کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ ڈپٹی کمشنر اویس مشتاق نے سکول انتظامیہ کو ہدایت کی کہ تعلیمی ماحول کو مزید بہتر بنایا جائے اور طلبہ و طالبات کو بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری سکولوں میں معیاری تعلیم کے ساتھ ساتھ صفائی، پینے کے صاف پانی اور دیگر بنیادی سہولیات کی دستیابی پر بھی خصوصی توجہ دی جائے۔

چنیوٹ: ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی اوپن ڈور پالیسی کے تحت ڈپٹی کمشنر خوشاب ڈاکٹر جہانزیب حسین لابر نے شہریوں کے مسائل سنے

خوشاب (سی ایم لنکس) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی اوپن ڈور پالیسی کے تحت ڈپٹی کمشنر خوشاب ڈاکٹر جہانزیب حسین لابر نے شہریوں کے مسائل سنے اور شہریوں کے مسائل کے فوری حل کے لئے متعلقہ محکموں کو احکامات صادر کیے اس موقع پر درخواست گزار سائلین موجود تھے ڈپٹی کمشنر خوشاب ڈاکٹر جہانزیب حسین لابر نے کہا کہ ڈی سی آفس کے دروازے ہر خاص و عام کے لیے ہمیشہ کھلے ہیں، شہری بلا جھجک اپنے مسائل بیان کریں اور سائلین کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا ہماری اولین ذمہ داری ہے۔ ڈپٹی کمشنر خوشاب ڈاکٹر جہانزیب حسین لابر نے اسسٹنٹ کمشنر خوشاب اور متعلقہ محکموں کے افسران کو ہدایت کی کہ شہریوں کے مسائل کے حل میں رکاوٹ کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی، ڈپٹی کمشنر (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 30)

محفوظ پنجاب کے وژن کے تحت شہریوں کے تحفظ اور محفوظ سفری سہولیات کے لیے حفاظتی اقدامات جاری

ٹوبہ ٹیک سنگھ (سی ایم لنکس) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات اور محفوظ پنجاب کے وژن کے تحت شہریوں کے تحفظ اور محفوظ سفری سہولیات کے لیے حفاظتی اقدامات جاری ہیں۔ ڈائریکٹر سول ڈیفنس پنجاب ضیغم نواز اور ڈپٹی کمشنر و کنٹرولر سول ڈیفنس ٹوبہ ٹیک سنگھ ماہم آصف ملک کی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 29)

پاکستان میں بے شمار ایسی خواتین ہیں جنہوں نے اپنا قومی شناختی کارڈ نہیں بنوایا، غلام نبی ڈھڈی

پاکپتن (نامہ نگار) زیادہ سے زیادہ خواتین کو ان کے شناختی کارڈ بنوانے چاہیے، خواتین کے قومی شناختی کارڈ کے دن سوشل ڈویلپمنٹ کونسل ملکہ ہانس پاکپتن کے صدر معروف سماجی رہنما غلام نبی ڈھڈی نے تقریب میں اپنا اظہار خیال کرتے کہا کہ پاکستان میں بے شمار ایسی خواتین ہیں جنہوں نے اپنا قومی شناختی کارڈ نہیں بنوایا، تھوڑی سی لاپرواہی کی وجہ سے بے شمار خواتین اپنے شناختی کارڈ نہ ہونے کی وجہ سے گورنمنٹ کی طرف سے جاری بہت ساری سکیموں سے محروم رہ جاتی ہیں اور الیکشن میں بھی اپنے رائے کا اظہار نہیں کر سکتی ہیں میرے دیکھنے میں آیا ہے کہ بچوں کی شادیاں ہو چکی ہیں بچے بھی پیدا ہو چکے ہیں مگر انہوں نے اپنے شناختی کارڈ نہیں بنوائے، کچھ ایسی بھی خواتین ہیں جن کی عمر 50 سال تک ہو چکی ہے، انکے والدین بھی زندہ نہ ہیں جو انکی شناخت کر سکیں یا بائیو میٹرک کروا سکیں، وہ اپنے شناختی کارڈ نہیں بنوا سکتی ہیں کیونکہ نہ انکے پاس برتھ سرٹیفکیٹ ہے اور نہ ہی انکے والدین اور بھائی بہن زندہ ہیں جو انکی بائیو میٹرک کر سکیں جس کی وجہ سے وہ خواتین اور مرد اپنے شناختی کارڈ بنوانے سے قاصر ہیں، گورنمنٹ نے یہ ایک (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 31)

محکمہ ماحولیات ساہیوال کی انسداد سموگ کارروائیاں جاری، متعدد کو جرمانے کئے گئے

ساہیوال (سی ایم لنکس) محکمہ ماحولیات ساہیوال کی انسداد سموگ کارروائیاں جاری۔ حکومت کی جانب سے جاری کردہ ایس او پیز اور زگ زیگ ٹیکنالوجی استعمال نہ کرنے پر ڈپٹی ڈائریکٹر ماحولیات محمد ادریس احمد، اسسٹنٹ ڈائریکٹر ماحولیات ساہیوال ڈاکٹر احمد حسن اور ماحولیاتی ٹیم نے رواں ماہ ستمبر میں متعدد بھٹہ خشت مالکان کو 15 لاکھ سے زائد جرمانہ کیا اور تین مختلف بھٹہ خشت کو مسمار کیا گیا۔ اسی طرح دو مختلف انڈسٹریل یونٹس کو 3 لاکھ روپے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 32)

ڈی پی او سیالکوٹ کی سربراہی میں نجی سکول میں خواتین اور بچوں کے تحفظ پر آگاہی سیمینار

سیالکوٹ (ڈویژنل بیورو چیف محمد سلیم عرف سائیں نکا سے) ڈی پی او سیالکوٹ کی سربراہی میں نجی سکول میں خواتین اور بچوں کے تحفظ پر آگاہی سیمینار۔ ڈی پی او سیالکوٹ کیپٹن (ر) دوست محمد کی سربراہی میں نجی سکول میں خواتین اور بچوں کے تحفظ کے حوالے سے آگاہی سیمینار منعقد ہوا۔ ڈی پی او نے طلباء اور خواتین اساتذہ سے خطاب کیا اور ذاتی تحفظ، ہراسگی سے بچاؤ اور محفوظ معاشرے کی تشکیل میں ان کے کردار پر روشنی ڈالی۔ یہ سیمینار آر پی او گوجرانوالہ خرم شہزاد حیدر وڑائچ کی ہدایات پر منائے جانے والے ہفتہ برائے آگاہی و تحفظ خواتین و بچوں کی کڑی ہے، جس کے تحت ڈی پی او سیالکوٹ کی نگرانی میں ضلع بھر میں آگاہی سرگرمیاں جاری ہیں۔ ڈی پی او کیپٹن (ر) دوست محمد نے اپنے خطاب میں طلباء کو نامناسب رویوں کی پہچان، محفوظ اور غیر محفوظ لمس، تشدد و استحصال سے بچاؤ اور موبائل فون، سوشل میڈیا و جدید گیجٹس کے ذمہ دارانہ استعمال سے متعلق آگاہ کیا۔ انہوں نے تاکید کی کہ کسی بھی نامناسب (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 40)

جنرل ہسپتال لیہ میں ڈاکٹروں کی رہائش گاہوں کی تعمیر شروع

لیہ (سی ایم لنکس) جنرل ہسپتال لیہ میں ڈاکٹروں کی رہائش گاہوں کی تعمیر شروع۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے احکامات پر جنرل ہسپتال منصوبے پر کام کی رفتار مزید تیز، ڈپٹی کمشنر آصف علی ڈوگر کا تعمیراتی کام کا جائزہ۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے احکامات کی روشنی میں جنرل ہسپتال لیہ کے منصوبے پر کام کی رفتار مزید تیز کر دی گئی ہے۔ جنرل ہسپتال میں ڈاکٹروں کی رہائش گاہوں کی تعمیر کا کام بھی شروع کر دیا گیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر لیہ آصف علی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 39)

DPO
DOST MUHAMMAD

ڈی پی او سیالکوٹ نجی سکول میں خواتین اور بچوں کے تحفظ پر آگاہی سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

ملک میں مہنگائی اور بے روزگاری کا یہ عالم ہے کہ غریب طبقہ دو وقت کی روٹی کے لیے سسک رہا ہے، راؤ بلال انور

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) معروف سیاسی و سماجی شخصیت راؤ بلال انور نے پیٹرولیم مصنوعات، بجلی کے نرخوں اور روزمرہ کی اشیاء خورونوش کی قیمتوں میں روزانہ کی بنیاد پر ہونے والے کمر توڑ اضافے پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے پنجاب حکومت کی ترجیحات کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ البرکت میڈیا گروپ کے صحافیوں سے گفتگو میں راؤ بلال انور نے کہا کہ "ملک میں مہنگائی اور بے روزگاری کا یہ عالم ہے کہ غریب طبقہ دو وقت کی روٹی کے لیے سسک رہا ہے، نوجوان ہاتھوں میں ڈگریاں لیے در در کی خاک چھان رہے ہیں، لیکن پنجاب حکومت زمینی حقائق سے آنکھیں چراتے ہوئے 'ڈیجیٹل شوبازی' اور خیالی منصوبوں میں مصروف ہے۔ عوام پر پیٹرول بم گرا کر ایک طرف معاشی قتل عام جاری ہے تو دوسری طرف حکومت 'پنجاب اے آئی وژن 2029' جیسے دور کے خواب دکھا کر عوام کے زخموں پر نمک چھڑک رہی ہے۔" انہوں نے مزید کہا کہ "جب صوبے کے سرکاری ہسپتالوں میں غریب کو پیناڈول کی گولی نہیں مل رہی، وہاں افسر شاہی کے لیے اربوں روپے کی لاگت سے پرتعیش اپارٹمنٹس کی منظوری پبلک فنڈز کا بدترین (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 41)

اوکاڑہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی ویمن ریزروسیٹ کے انتخابات، عائشہ امجد ایگزیکٹو ممبر ویمن انٹر پرینیورز بلا مقابلہ منتخب

اوکاڑہ (ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) اوکاڑہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی ویمن ریزروسیٹ کے انتخابات، عائشہ امجد ایگزیکٹو ممبر ویمن انٹر پرینیورز بلا مقابلہ منتخب، تفصیلات کے مطابق اوکاڑہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی ویمن ریزروسیٹ کے لیے انتخابات میں عائشہ امجد اوکاڑہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی ایگزیکٹو ممبر ویمن انٹر پرینیورز بلا مقابلہ منتخب ہو گئیں۔ صدر، سینئر نائب صدر اور نائب صدر کی نشستوں کے لیے میدان 29 ستمبر 2026 کو سجے گا۔ اوکاڑہ چیمبر کے آئندہ سال 2026-2028 کے لیے منتخب ایگزیکٹو ممبران میں سے اوکاڑہ چیمبر کے عہدیداران (صدر، سینئر نائب صدر، اور نائب صدر) کا انتخاب کریں گے۔ حتمی نتائج کا اعلان 30 ستمبر 2026 کو کیا جائے گا۔

راولپنڈی: 4 اکتوبر سے 30 نومبر تک راولپنڈی میں ہونے والے کرکٹ میچز کے لیے فول پروف انتظامات یقینی بنانے کی ہدایت

راولپنڈی (سی ایم لنکس) راولپنڈی: 4 اکتوبر سے 30 نومبر تک راولپنڈی میں منعقد ہونے والے کرکٹ میچز کے انتظامات کا جائزہ لینے کے لیے اجلاس ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کیپٹن (ر) ندیم ناصر کی زیر صدارت ان کے دفتر میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ملیحہ سحر، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز فضائل مدثر سمیت تمام متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں کرکٹ میچز کے دوران سکیورٹی، ٹریفک مینجمنٹ، پارکنگ، صفائی ستھرائی، لائٹنگ، ٹریفک کی روانی اور شائقین کو سہولیات کی فراہمی سمیت دیگر انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے ہدایت کی کہ میچز کے دوران شائقین اور شہریوں کو کسی قسم کی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے اور تمام متعلقہ ادارے باہمی رابطے اور مؤثر کوآرڈینیشن کے ساتھ اپنے فرائض سرانجام دیں۔ انہوں نے پولیس اور ٹریفک پولیس حکام کو سکیورٹی اور ٹریفک کے جامع انتظامات یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ میچز کے اوقات میں ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے لیے خصوصی ٹریفک پلان پر مؤثر عملدرآمد کیا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے سٹیڈیم روڈ اور مری روڈ پر جاری ترقیاتی و تعمیراتی کاموں کو بھی میچز سے قبل فوری مکمل کرنے کی ہدایات جاری کیں تاکہ شہریوں اور کرکٹ شائقین کو آمدورفت میں مشکلات پیش نہ آئیں۔ انہوں نے تمام متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ کرکٹ میچز کے انعقاد کے حوالے سے تفویض کردہ ذمہ داریوں کو بروقت مکمل کیا جائے اور انتظامات میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی نہ برتی جائے۔

ہیموفیلیا ایک جینیاتی بیماری ہے جو خون کے جمنے کی صلاحیت کو متاثر کرتی ہے، ناظر حسین

سیالکوٹ (ڈویژنل بیورو چیف محمد سلیم عرف سائیں نکا سے) دیا ویلفیئر آرگنائزیشن کے صدر ناظر حسین نے کہا ہے کہ ہیموفیلیا ایک جینیاتی بیماری ہے جو خون کے جمنے کی صلاحیت کو (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 42)

مین جی ٹی روڈ نزد کسان اڈہ کے قریب ٹریفک کے افسوسناک حادثے میں لوڈر رکشہ میں سوار ایک خاتون جاں بحق جبکہ دوسری زخمی ہو گئی

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) مین جی ٹی روڈ نزد کسان اڈہ کے قریب ٹریفک کے افسوسناک حادثے میں لوڈر رکشہ میں سوار ایک خاتون جاں بحق جبکہ دوسری زخمی ہو گئی۔ ریسکیو 1122 کے مطابق خراب لوڈر رکشہ کو دھکا لگا کر سڑک کے کنارے لے جایا جا رہا تھا کہ اسی دوران ایک ٹریلر نے رکشہ کو ٹکر مار دی۔ حادثے کے نتیجے میں رکشہ میں سوار 19 سالہ کول دختر کاشف موقع پر جاں بحق ہو گئی جبکہ 21 سالہ شازیہ زوجہ شمعون زخمی ہوئی۔ رکشہ میں موجود دیگر افراد حادثے میں محفوظ رہے۔ اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کی امدادی ٹیمیں فوری طور پر موقع پر پہنچ گئیں اور زخمی خاتون کو ابتدائی طبی امداد فراہم کی۔ بعد ازاں زخمی شازیہ کو مزید علاج کے لیے ڈی ایچ کیو ٹیچنگ ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ ریسکیو اہلکاروں نے جاں بحق خاتون کی نعش کو ضروری کارروائی کے بعد ڈی ایچ کیو ٹیچنگ ہسپتال منتقل کر دیا۔ پولیس نے واقعے کی تحقیقات شروع کر دی ہیں۔

م متعلقہ محکمے ذمہ داریوں کو پورا کریں، متعلقہ ادارے پولیو کے خاتمہ کے لیے شہریوں کو بھرپور آگاہی فراہم کریں، ڈپٹی کمشنر رانا عدیل تصور

شیخوپورہ (رانا عبداللہ سے) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایت پر شہریوں کو پولیو سے محفوظ رکھنے کیلئے تمام تر وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے تمام متعلقہ محکمے ذمہ داریوں کو پورا کریں، متعلقہ ادارے پولیو کے خاتمہ کے لیے شہریوں کو بھرپور آگاہی فراہم کریں۔ ڈپٹی کمشنر رانا عدیل تصور نے ان خیالات کا اظہار 21 ستمبر سے شروع ہونے والی چار روزہ قومی پولیو مہم کے سلسلہ میں منعقدہ ڈسٹرکٹ پولیو اریڈی کیشن کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ سی ای او ہیلتھ اتھارٹی، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر، ڈی ڈی ایچ اوز، ڈپٹی ڈائریکٹر لیبر، سی او ایجوکیشن، ڈبلیو ایچ او کے نمائندگان سمیت دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے اجلاس میں شرکت کی۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر نے اس موقع پر ڈپٹی کمشنر رانا عدیل تصور کو تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر رانا عدیل تصور نے کہا کہ شہریوں کو پولیو و دیگر مہلک بیماریوں سے مکمل بچاؤ کے لیے ممکنہ اقدامات اٹھانے میں کوئی کسر نہ چھوڑی جائے، محکمہ صحت، ریونیو، تعلیم اور پولیس کے افسران و دیگر عملہ پولیو مہم کے دوران اپنی ذمہ داریوں کو ترجیحی بنیادوں پر ادا کریں تاکہ انسدادی و حفاظتی اقدامات کے حوالے سے کسی جگہ کمی نہ رہے۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ 21 ستمبر کو ضلع بھر کی پانچوں تحصیلوں میں شروع ہونیوالی چار روزہ قومی پولیو مہم جو کہ 24 ستمبر تک جاری رہے گی اس کے دوران پولیو ورکرز اپنی ڈیوٹیاں قومی فریضہ سمجھ کر ادا کریں۔

ڈیجیٹل دور نے کاروباری مواقع کو آسان بنا دیا ہے، معروف بزنس مین اور کرسچن بزنس الائنس کے سینئر رہنما عبید رحمت

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) معروف بزنس مین اور کرسچن بزنس الائنس کے سینئر رہنما عبید رحمت نے کہا ہے کہ ڈیجیٹل دور نے کاروباری مواقع کو آسان بنا دیا ہے کاروبار ترقی خود انحصاری اور معاشی استحکام کی بنیاد فراہم کرتا ہے اس لیے مسیحیوں کے لیے ضروری ہے کہ وہ کاروبار کی طرف بھرپور توجہ دیں اور نئی نسل کو بھی کاروباری سرگرمیوں کی جانب راغب کریں جب تک کاروباری میدان میں پیش رفت نہیں ہوگی معاشی خود انحصاری اور باوقار زندگی کے امکانات محدود رہیں گے عبید رحمت نے کہا کہ سیالکوٹ صنعتی تجارتی اور برآمدی حوالے سے ایک اہم خطہ ہے جہاں کاروبار کے مختلف شعبوں میں وسیع امکانات موجود ہیں مسیحی نوجوان اگر تعلیم اور ہنر جدید ٹیکنالوجی اور کاروباری تربیت کو یکجا کریں تو وہ نہ صرف اپنے لیے روزگار کے مواقع پیدا کر سکتے ہیں بلکہ دوسروں کے لیے بھی روزگار کے دروازے کھول سکتے ہیں کاروبار صرف آمدن کا ذریعہ نہیں بلکہ خود اعتمادی خود انحصاری اور معاشی استحکام پیدا کرنے کا ایک مؤثر راستہ بھی ہے۔

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق بنیادی سہولیات شہریوں کا بنیادی حق ہے، ڈپٹی کمشنر محمد اشرف

لودھراں (سی ایم لنکس) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق بنیادی سہولیات شہریوں کا بنیادی حق ہے۔ لودھراں انتظامیہ کا صاف پانی، صحت و صفائی اور نکاسی آب پر فوکس ہے، سماجی تنظیموں کی طرف سے عوامی فلاح و بہبود کے اقدامات قابل ستائش ہیں۔ ان خیالات کا اظہار ڈپٹی کمشنر محمد اشرف نے واٹرایڈ پاکستان کے وفد سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ وفد میں محمد سفیان، جویریہ اعجاز، ادیب سحرش، پرویز ناصر اور ڈاکٹر جنید سولت شامل تھے۔ اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ حافظ محمد ظفر، ایکسین محمد محسن، اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ مدثر حسن و دیگر افسران موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ لودھراں ضلع کے بیشتر دیہی علاقوں میں بنیادی سہولیات کی دستیابی بہت ضروری ہیں، صاف پانی، ہیلتھ اور صفائی و ستھرائی بارے سماجی تنظیموں اور مخیر حضرات کی کاوشوں کو سراہتے ہیں، لودھراں، دنیا پور، کہروڑ پکا تحصیلوں میں عوامی ریلیف کیلئے ابھی بہت کام کرنے کی ضرورت ہے، وزیر اعلیٰ مریم (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 43)

ڈپٹی کمشنر مری کا گرلز ایلیمنٹری سکول سنی بنک کا اچانک دورہ

مری (سی ایم لنکس) ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی نے ایم سی گرلز ایلیمنٹری سکول سنی بنک کا اچانک دورہ کیا، جہاں انہوں نے سکول میں تعلیمی و انتظامی امور اور طالبات کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے اساتذہ اور دیگر عملے کی حاضری چیک کی اور تعلیمی نظام میں نظم و ضبط برقرار رکھنے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 44)

سیالکوٹ: دیا ویلفیئر آرگنائزیشن کی مارکیٹنگ ٹیم طلبہ و طالبات کو ہیموفیلیا بیماری بارے آگاہی دیتے ہوئے

حاجی عبدالرشید نے سعودی عرب میں مقدس مقامات پر ڈرون حملہ کی کوشش کو مکہ مکرمہ پر نہیں بلکہ پورے عالم اسلام پر حملہ قرار دیا

کاموکے (تحصیل رپورٹر) جمعیت علماء پاکستان تحصیل کاموکے کے صدر حاجی عبدالرشید نے سعودی عرب میں مقدس مقامات پر ڈرون حملہ کی کوشش کو مکہ مکرمہ پر نہیں بلکہ پورے عالم اسلام پر حملہ قرار دیا ہے اور کہا عالم اسلام کو ایک آواز ہونا چاہیے۔ یہ مقدس شہر مسلمانوں کے ایمان، عقیدت اور محبت کا مرکز ہیں۔ اس حملہ سے پوری امت مسلمہ کے جذبات کو مجروح کیا ہے۔ ایسے موقع پر صفِ اول کے محاذ پر پاکستان جو حرمین شریفین کے تحفظ کے حوالے سے اہم کردار ادا کر سکتا ہے، اسے آگے بڑھنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کفار کی سازش ہے کہ مسلمانوں کو آپس میں لڑایا جائے لیکن ایسا کبھی نہیں ہوگا۔ اب بھی وقت ہے اگر مسلم ممالک آپس میں اتحاد کر لیں تو یہ پوری دنیا پر راج کر سکتے ہیں۔ انہوں نے مکہ مکرمہ کی جانب حوثی ملیشیا کے مبینہ ڈرون حملے کی کوشش کی شدید مذمت کرتے ہوئے مزید کہا ہے کہ حرمین شریفین کی حرمت اور سلامتی پوری امتِ مسلمہ کے ایمان کا حصہ ہے۔ انتشار پھیلانے اور مقدس مقامات کو نشانہ بنانے والی تمام سازشیں قابلِ مذمت ہیں۔ عالمی برادری اور مسلم ممالک مقدس مقامات کے تحفظ اور امتِ مسلمہ کے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 51)

پاکستان مرکزی مسلم لیگ سیالکوٹ کے زیر اہتمام حرمین شریفین کی حرمت و تقدس کے دفاع اور حوثی باغیوں کے حملوں کے خلاف بھرپور عوامی مظاہرہ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پاکستان مرکزی مسلم لیگ سیالکوٹ کے زیر اہتمام حرمین شریفین کی حرمت و تقدس کے دفاع اور حوثی باغیوں کے حملوں کے خلاف بھرپور عوامی مظاہرہ کیا گیا۔ یہ مظاہرہ کوٹھی اسکول حاجی پورہ سے شروع ہو کر حاجی پورہ چوک تک جاری رہا، جس میں سیالکوٹ کی عوام نے سینکڑوں کی تعداد میں بھرپور شرکت کی۔ مظاہرے سے خطاب کرتے ہوئے پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے جنرل سیکرٹری انجینئر اعجاز نصر نے کہا کہ حرمت حرمین شریفین ہمارے ایمان اور عقیدے کا بنیادی حصہ ہے۔ حرمین شریفین کی حرمت کے آگے ہمارے لیے کوئی چیز مقدم نہیں، اور ہم اس مقدس حرمت کے تحفظ کے لیے اپنی جانیں قربان کرنے کے لیے بھی تیار ہیں۔ انجینئر اعجاز نصر نے حوثی باغیوں کی جانب سے سعودی عرب پر حملوں اور حرمین شریفین کے تقدس کو خطرے میں ڈالنے والی ہر کارروائی کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ یہ حرکت ناقابلِ برداشت ہے۔ پوری دنیا کو واضح پیغام دینا چاہتے ہیں کہ مسلمان اپنے مقدس مقامات کے دفاع اور حفاظت کے لیے متحد ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حاجی پورہ سے حاجی پورہ چوک تک ہونے والے اس عوامی مظاہرے نے ثابت کر دیا ہے کہ سیالکوٹ کی عوام اور پاکستان کی عوام پاک سعودی ترک دفاعی معاہدے کے ساتھ کھڑی ہے۔ حوثی باغیوں کی ہر جارحانہ کارروائی کے خلاف قوم متحد ہے اور ہر محاذ پر ان کے عزائم کا مقابلہ کرنے کے لیے تیار ہے۔ انجینئر اعجاز نصر نے کہا کہ حرمین شریفین کی حرمت و تقدس پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا۔ پاکستان مرکزی مسلم لیگ اور پاکستان کے نوجوان حرمین شریفین کی حفاظت کے لیے اپنی ذمہ داری سے آگاہ ہیں اور اس مقصد کے لیے پرامن اور قانونی جدوجہد جاری رکھیں گے۔ مظاہرین نے حرمین شریفین کی حفاظت، سعودی عرب کی سلامتی اور مسلم امہ کے اتحاد کے حق میں نعرے بلند کیے۔ شرکاء نے عالمی برادری اور مسلم ممالک سے مطالبہ کیا کہ مقدس مقامات کی سلامتی یقینی بنانے اور خطے میں امن و استحکام کے لیے مؤثر اقدامات (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 50)

ڈی سی چکوال سکالرشپ پروگرام کے تحت بن قطب کالج بھکھڑ کے انٹری ٹیسٹ کے کامیاب طلباء و طالبات کی میرٹ لسٹ جاری

چکوال (سی ایم لنکس) ڈی سی چکوال سکالرشپ پروگرام کے تحت بن قطب کالج آف ہیلتھ سائنسز، بھکھڑ، چکوال کے زیر اہتمام دوسالہ کورسز (ڈپلومہ ان ٹیکنیشن، ڈسپنسر، آپریشن تھیٹر ٹیکنیشن اور لیب ٹیکنیشن) کے لیے انٹری ٹیسٹ آج بروز جمعہ، 18 ستمبر 2026ء کو بمقام گورنمنٹ گرلز ہائی سکول نمبر 1، بھون روڈ، چکوال میں کامیابی سے منعقد ہوا۔ ٹیسٹ میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے 25 کامیاب طلباء و طالبات کی میرٹ لسٹ اس کے ساتھ منسلک ہے۔ تمام کامیاب طلباء کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ بروز سوموار، 21 ستمبر 2026ء کو اپنے داخلے کی مزید کارروائی اور تصدیق کے لیے بن قطب کالج آف ہیلتھ سائنسز، بھکھڑ، چکوال میں لازمی رپورٹ کریں۔

ڈپٹی کمشنر محمد اشرف عوام کو فوری ریلیف فراہمی کیلئے سرگرم ہیں، انہوں نے لودھراں شہر کے تفصیلی دورہ کے دوران بارشی پانی کی نکاسی عمل کا معائنہ کیا

لودھراں (سی ایم لنکس) لودھراں میں ڈپٹی کمشنر محمد اشرف عوام کو فوری ریلیف فراہمی کیلئے سرگرم ہیں، انہوں نے لودھراں شہر کے تفصیلی دورہ کے دوران بارشی پانی کی نکاسی عمل کا معائنہ کیا۔ جلالپور موڑ، مین بازار اور کہروڑ پکا روڈ میں واسا مشینری اور عملہ کے کام کا جائزہ لیا۔ ایم ڈی واسا عبدالسلام، ڈپٹی ڈائریکٹر محمد عمران سمیت دیگر افسران ہمراہ تھے۔ ایم ڈی واسا عبدالسلام نے دورہ کے دوران نکاسی آب آپریشن بارے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ واسا سٹاف نے برق رفتاری کا مظاہرہ کرتے ہوئے مین بازار میں ایک گھنٹے میں بارشی پانی کی نکاسی کو ممکن بنایا ہے، گزشتہ رات بارش کے بعد سے شہر کے مختلف علاقوں میں واسا کا فیلڈ آپریشن تاحال تیزی سے جاری ہے، دستیاب مشینری، ضروری وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے بارشی پانی کی مکمل نکاسی کیلئے متحرک ہیں، مختصر وقت میں شہریوں، دکانداروں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 46)

ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کی زیر صدارت انسداد پولیو مہم کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد

مری (سی ایم لنکس) ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کی زیر صدارت انسداد پولیو مہم کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں چیف ایگزیکٹو آفیسر (سی ای او) ہیلتھ، محکمہ صحت کے ڈاکٹرز، محکمہ تعلیم کے افسران اور پولیس حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع مری میں انسداد پولیو مہم کے انتظامات، اہداف اور مؤثر عملدرآمد کا تفصیلی جائزہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 45)

صوبائی سیکرٹری لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ پنجاب زید بن مقصود نے ضلع منڈی بہاؤالدین کی تحصیل پھالیہ کا دورہ کیا

منڈی بہاؤالدین (سی ایم لنکس) صوبائی سیکرٹری لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ پنجاب زید بن مقصود نے ضلع منڈی بہاء الدین کی تحصیل پھالیہ کا دورہ کیا۔ صوبائی سیکرٹری نے پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت مختلف جاری سیوریج سکیموں کا تفصیلی معائنہ کیا اور ان سکیموں کی پیش رفت کا بھی جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر عدیل حیدر، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر میونسپل سروسز راجہ حیدر عباس، اسسٹنٹ کمشنر پھالیہ آفتاب اشرف اور متعلقہ محکموں کے افسران بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر عدیل حیدر نے سیکرٹری لوکل گورنمنٹ کو تحصیل پھالیہ میں جاری سیوریج سکیموں، منصوبوں کی پیش رفت، تعمیراتی معیار اور شہریوں کو فراہم کی جانے والی نکاسی آب کی سہولیات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ سیکرٹری لوکل گورنمنٹ زید بن مقصود نے تکمیلی منصوبوں کا موقع پر معائنہ کیا اور متعلقہ افسران سے منصوبوں کی موجودہ صورتحال، تکمیل کے مراحل اور دیگر تکنیکی امور کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ سیکرٹری لوکل گورنمنٹ نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ سیوریج سمیت تمام جاری ترقیاتی منصوبوں کو مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے، تعمیراتی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 52)

ایس پی غازی فیصل سلیم، ریجنل آفیسر، پنجاب ہائی وے پٹرول راولپنڈی ریجن نے پٹرولنگ پولیس کے افسران کے ان بچوں کی حوصلہ افزائی کے لیے خصوصی تقریب کا انعقاد کیا

راولپنڈی (سی ایم لنکس) ایس پی غازی فیصل سلیم، ریجنل آفیسر، پنجاب ہائی وے پٹرول راولپنڈی ریجن نے پٹرولنگ پولیس کے افسران کے ان بچوں کی حوصلہ افزائی کے لیے خصوصی تقریب کا انعقاد کیا جنہوں نے میٹرک اور انٹرمیڈیٹ کے امتحانات میں 90 فیصد سے زائد نمبر حاصل کر کے نمایاں تعلیمی کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ اس موقع پر پٹرولنگ پولیس کے افسران اپنے ہونہار بچوں کے ہمراہ ریجنل آفس میں موجود تھے۔ ایس پی غازی فیصل سلیم نے نمایاں پوزیشن اور اعلیٰ نمبروں سے کامیابی حاصل کرنے والے طلباء و طالبات سے ملاقات کی اور ان کی شاندار تعلیمی کارکردگی کو سراہتے ہوئے انہیں خراج تحسین پیش کیا۔ ریجنل آفیسر نے طلباء و طالبات سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ تعلیم کسی بھی معاشرے کی ترقی اور خوشحالی کی بنیادی اساس ہے اور محنت، لگن، مستقل مزاجی اور نظم و ضبط کے ذریعے طلباء اپنے مستقبل کو روشن بنا سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 90 فیصد سے زائد نمبر حاصل کرنا ان بچوں کی محنت، صلاحیت اور والدین کی بہترین تربیت کا عکاس ہے، جس پر نہ صرف یہ طلباء و طالبات بلکہ ان کے والدین بھی مبارکباد کے مستحق ہیں۔ ریجنل آفیسر نے پٹرولنگ پولیس کے افسران کو بھی ان کے بچوں کی بہترین تعلیمی تربیت اور حوصلہ افزائی پر مبارکباد دی اور کہا کہ والدین کی رہنمائی، توجہ اور حوصلہ افزائی بچوں کی کامیابی میں کلیدی کردار ادا کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پولیس افسران اپنے فرائض منصبی کی انجام دہی کے ساتھ ساتھ اپنے بچوں کی تعلیم و تربیت پر بھی خصوصی توجہ دے رہے ہیں، جو قابل ستائش امر ہے۔ اس موقع پر ایس پی غازی فیصل سلیم نے نمایاں تعلیمی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے بچوں کو ان کے حاصل کردہ شاندار نمبروں پر مبارکباد دی، ان کی حوصلہ افزائی کی اور مستقبل میں مزید کامیابیاں حاصل کرنے کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ انہوں نے طلباء و طالبات پر زور دیا کہ وہ اپنی تعلیم کو اسی محنت، عزم اور مستقل مزاجی کے ساتھ جاری رکھیں اور مستقبل میں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 49)

معروف کاروباری شخصیت، سماجی کارکن و معروف میڈیا انفلوئنسر حافظ مظفر جٹ ڈیرہ شیراں والا کے اونر کے اعزاز میں گرینڈ ڈنر کا اہتمام کیا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پی کیو آر فرینڈز کلب کے سینئر رہنما سید مشکور گیلانی نے اپنی رہائش گاہ پر سیالکوٹ کی معروف کاروباری شخصیت، سماجی کارکن و معروف میڈیا انفلوئنسر حافظ مظفر جٹ ڈیرہ شیراں والا کے اونر کے اعزاز میں گرینڈ ڈنر کا اہتمام کیا جس میں رانا دلاور، الخودی سکول آف تھاٹس کے صدر ہمایوں الخودی اور جرنلسٹ جاوید گل نے شرکت کی اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے سید مشکور گیلانی نے کہا کہ حافظ مظفر جٹ کی سماجی خدمات قابل قدر اور قابل تحسین ہیں وہ سوشل میڈیا کے ذریعے لوگوں کو پذیرائی عزت اور حوصلہ فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ دوسروں کی خوشیوں کی بحالی میں بھی اپنا کردار ادا کر رہے ہیں ان کی لوگوں سے محبت خلوص اور وسیع تجربہ ہی وہ خوبیاں ہیں جن کی وجہ سے وہ جس شخص سے بھی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 48)

نوشہرہ ورکاں کے نواحی گاؤں بدورتہ میں زیر تعمیر عمارت کی چھت کا حصہ گرنے سے 2 مزدور زخمی

نوشہرہ ورکاں (تحصیل رپورٹر / چوہدری امین گورایہ نمبردار سے) نوشہرہ ورکاں کے نواحی گاؤں بدورتہ میں زیر تعمیر عمارت کی چھت کا حصہ گرنے سے 2 مزدور زخمی ہو گئے۔ نوشہرہ ورکاں کے نواحی گاؤں بدورتہ میں علی رضا CVP پیلنگ گودام کی تیار شدہ چھت کا ایک حصہ نامعلوم وجوہات کی بنا پر گر گیا، جس کے ملبے تلے دو مزدور دب گئے۔ اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 نوشہرہ ورکاں کی ٹیم نے موقع پر پہنچ کر ریسکیو آپریشن شروع کیا اور دونوں متاثرہ مزدوروں کو بحفاظت ملبے سے نکال کر ابتدائی طبی امداد فراہم کی۔ حادثے میں مجموعی طور پر 2 افراد متاثر ہوئے، جنہیں ریسکیو 1122 نے ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے بعد تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال نوشہرہ ورکاں منتقل کیا۔ دونوں افراد کو جسم پر دباؤ اور چوٹوں کی شکایت تھی زخمیوں کی شناخت سیف اللہ ولد مقبول حسین، عمر 28 سال، ساکن حاصل پور اور مبشر حسین ولد علی حسین، عمر 35 سال، (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 47)

نوشہرہ ورکاں کے نواحی گاؤں بدورتہ میں زیرِ تعمیر عمارت کی چھت کا حصہ گرنے سے 2 مزدور زخمی

حدیثِ مبارکہ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ مومن نہ تو طعنہ دینے والا ہوتا ہے 'نہ لعنت کرنے والا 'نہ فحش گو اور نہ زبان دراز۔.......(جامع ترمذی)

مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
Daily SEHAR
روزنامہ
سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان

کوہاٹ، پولیس لائنز میں نماز جمعہ کے دوران دھماکا، 16 افراد شہید

خیبر پختونخوا کے ضلع کوہاٹ میں پشاور روڈ پر پرانی پولیس لائنز میں نماز جمعہ کے دوران دھماکے کے نتیجے میں 5 پولیس اہلکاروں سمیت 16 افراد شہید ہو گئے جب کہ دھماکے میں 57 افراد زخمی ہیں۔ پولیس ذرائع نے کہا کہ دھماکے کے نتیجے میں 5 پولیس اہلکاروں سمیت 16 افراد شہید ہو گئے جب کہ دھماکے میں 57 افراد زخمی ہیں۔ ترجمان ریسکیو 1122 خیبر پختونخوا بلال احمد فیضی نے کہا کہ پرانی پولیس لائن کے قریب دھماکے کے بعد ریسکیو 1122 کا سرچ اینڈ ریسکیو آپریشن تاحال جاری ہے، زخمیوں کو موقع پر فوری طبی امداد فراہم کرنے کے بعد ریسکیو 1122 کی ایمبولینسز کے ذریعے ہسپتال منتقل کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریسکیو آپریشن کو مزید مؤثر بنانے کے لیے کرک اور ہنگو سے اضافی ایمبولینسز اور ریسکیو اہلکار بھی جائے وقوعہ پر پہنچ کر سرچ اینڈ ریسکیو آپریشن میں حصہ لے رہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ جائے وقوعہ پر جاری سرچ اینڈ ریسکیو آپریشن میں 20 ایمبولینسز، ریسکیو ویکلز، ریکوری وہیکل سمیت 60 سے زائد ریسکیو اہلکار حصہ لے رہے ہیں۔ حکام نے کہا کہ پولیس لائنز کے احاطے میں پولیس اور سی ٹی ڈی کا فتنہ الخوارج سے مقابلہ جاری ہے، ابتدائی اطلاعات کے مطابق دھماکے کے بعد ایک خودکش حملہ آور نے سپیشل برانچ بلڈنگ کے قریب خود کو دھماکے سے اڑایا، اب تک ایک دہشتگرد سنائپر مقابلے میں جہنم واصل ہو چکا ہے، آپریشن تاحال جاری ہے۔ موصولہ اطلاعات کے مطابق دھماکے میں 5 پولیس اہلکار اور 11 سویلین شہید ہوئے ہیں۔ آئی جی پی نے کہا کہ فتنہ الخوارج کے مکمل خاتمے تک آپریشن جاری رہے گا، خیبر پختونخوا پولیس کے حوصلے بلند ہیں، دہشتگردوں کو کیفر کردار تک پہنچائیں گے۔ کوہاٹ پولیس لائنز مسجد پر دھماکے کے بعد 7 مسلح دہشتگردوں نے پولیس لائنز میں دراندازی کی، پولیس اور سی ٹی ڈی نے دہشتگردوں کا بھرپور مقابلہ کیا، ابتدا میں دہشتگردوں کے اسنائپر کو جہنم واصل کر دیا گیا۔ اب تک کی اطلاعات کے مطابق خودکش بمبار اور سنائپر سمیت 6 دہشتگرد جہنم واصل ہو چکے ہیں، دہشتگردوں کے خلاف کلیئرنس آپریشن آخری مراحل میں داخل ہو گیا ہے۔ آئی جی خیبر پختونخوا ذوالفقار حمید نے کہا کہ خیبر پختونخوا پولیس دہشتگردوں کو صفحہ ہستی سے مٹانے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے کوہاٹ میں اولڈ پولیس لائنز کے قریب دھماکے کے نتیجے میں شہریوں کے زخمی ہونے پر اظہار افسوس کیا ہے۔ صدر مملکت نے دھماکے میں زخمی ہونے والے افراد کی جلد صحتیابی کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے زخمیوں کو فوری اور بہترین طبی امداد فراہم کرنے کی ہدایت کی۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا کہ فتنہ الخوارج اور بیرونی پشت پناہی میں سرگرم دہشت گردوں کا مکمل خاتمہ قومی سلامتی کے لیے ناگزیر ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کوہاٹ کے پرانا پولیس لائن میں ہونے والے دھماکے کی شدید مذمت کرتے ہوئے متعدد افراد کے زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ وزیراعظم نے زخمیوں کو فوری اور بہترین طبی امداد فراہم کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے ان کی جلد صحتیابی کے لیے دعا کی۔

قدم جب دھمک سے تاریخ جاگ اٹھے — افواجِ پاکستان کی پریڈ اور قومی وقار کا استعارہ

آنکھ سے نظر تک
عباس ملک
0300-5558352

وہ شام ابھی پوری طرح اتری بھی نہ تھی کہ سبز ہلالی پرچم نے جیسے ہوا سے کوئی رازدارانہ گفتگو شروع کر دی۔

فضا خاموش تھی، مگر اس خاموشی کے اندر جانے کتنی داستانیں سانس لے رہی تھیں۔

اچانک دور کہیں سے بوٹوں کی یکساں چاپ سنائی دی۔۔۔۔

ایک قدم، پھر دوسرا قدم، پھر سینکڑوں قدم۔۔۔۔

اور یوں محسوس ہوا جیسے وقت اپنی رفتار روک کر کسی منظر کا انتظار کر رہا ہو۔

آخر عسکری پریڈ میں ایسا کیا ہے کہ پوری قوم اپنی نظریں اس منظر پر جما دیتی ہے؟ کیا یہ صرف وردیوں کی ترتیب ہے، قدموں کی ہم آہنگی ہے، توپوں کی گھن گرج ہے یا آسمان کو چیرتے شاہینوں کی پرواز؟ نہیں۔۔

۔شاید اس کے پیچھے اس سے کہیں زیادہ گہری کوئی کہانی ہے۔

یہ تحریر کسی مخصوص پریڈ یا قومی دن کی مناسبت سے نہیں،

بلکہ اس کیفیت کو سمجھنے کی ایک ادبی کوشش ہے جو عسکری پریڈ کا منظر دیکھتے ہوئے پاکستانی معاشرے کے ایک بڑے حصے میں پیدا ہوتی ہے۔

یقین کی شمشیر و ایقان کے چراغ جب قوموں کی رگ و پے میں اتر آئیں تو میدان میں حوصلے جیتتے ہیں،

اور پرچم محض کپڑا نہیں بلکہ تقدیر کا استعارہ بن جاتا ہے؛ یہی راز ہے

افواجِ پاکستان کی پریڈ کا،

جہاں عسکری قدموں کی دھمک وقت کے سینے پر ایمان کی تحریر لکھ دیتی ہے۔

اے سرزمینِ پاکستان! تیری صبحوں کا نور اور تیری شاموں کی رعنائیاں

ایسے لمحات میں ایک نئے عہد کی شہادت دیتی ہیں۔

فضاؤں میں لہراتا سبز ہلالی پرچم گویا یہ اعلان کرتا ہے کہ ہم زندہ ہیں،

ہم جاگ رہے ہیں،

ہم سینہ سپر ہیں۔

دیکھو!

یہ شاہراہیں بج رہی ہیں،

یہ زمین لرز رہی ہے، یہ فضائیں گونج رہی ہیں، اور یہ سب کچھ محض مظاہرہ نہیں، یہ ایمان کی تجدید ہے۔

قدموں کی دھمک میں تاریخ کے اوراق جھنجھنا رہے ہیں، بندوقوں کے کندھوں پر وقار کے مینار کھڑے ہیں،

اور جوانوں کے فولادی چہروں پر پاکستان کے مستقبل کی مسکراہٹ جگمگا رہی ہے۔

یہ قدم ہی نہیں بڑھ رہے،

بلکہ یہ حوصلے بڑھ رہے ہیں۔

یہ صف نہیں بن رہی، یہ تقدیر لکھی جا رہی ہے۔

جب جوان ایک ساتھ قدم اٹھاتے ہیں تو زمین تھرتھرا اٹھتی ہے۔

یہ وردی محض کپڑا نہیں،

یہ قربانیوں کا کفن ہے، یہ ایمان کا لبادہ ہے، یہ پاکستان کا وقار ہے۔

اور جب فلک بوس شاہین بادلوں کو چیرتے ہیں،

فضا میں دائرے بناتے ہیں تو یہ صرف جہاز نہیں اڑتے

، یہ پاکستانی قوم کی دعائیں پرواز کرتی ہیں

۔ یہ جے ایف-17 تھنڈر نہیں،

یہ گرجتے ہوئے بادل ہیں۔

یہ ایف-16 کی پرواز محض ایک منظر نہیں،

بلکہ دفاعِ وطن کی صلاحیت اور عزم کی علامت بن جاتی ہے۔

۔۔واہگہ بارڈر کی پرچم کشائی کی تقریب ہو یا یومِ پاکستان کی عظیم الشان پریڈ،

ان لمحات میں ہر پاکستانی کے دل کی دھڑکنیں تیز ہو جاتی ہیں،

آنکھوں میں چمک آ جاتی ہے،

جسم میں ایک عجیب سا ولولہ اور ایک ناقابلِ بیان جذبہ موجزن ہو جاتا ہے۔

آخر

پاکستانی عوام فوجی پریڈ دیکھنے کے لیے کیوں بیتاب رہتی ہے؟

اس سوال کا جواب صرف عقل سے نہیں، بلکہ دل اور روح سے دیا جا سکتا ہے۔

لوگ ان مناظر میں صرف وردیوں، ہتھیاروں اور طیاروں کو نہیں دیکھتے؛

وہ اپنے عظیم محافظوں کی تربیت، نظم وضبط، قربانی اور قومی ذمہ داری کی ایک تصویر دیکھتے ہیں۔

واہگہ بارڈر پر جب میدان سجتا ہے، بلند و بالا پاکستانی پرچم ہوا میں لہراتا ہے، عوام کے نعرے گونجتے ہیں اور ہمارے رینجرز کے جوان اپنے فولادی قدموں کے ساتھ دھرتی کو ہلا دیتے ہیں تو ایک عجیب کیفیت طاری ہو جاتی ہے۔

ان کا ہر قدم ایک ایسے وقار کی علامت بن جاتا ہے جسے دیکھ کر وطن سے وابستگی کا احساس مزید گہرا ہو جاتا ہے۔

یومِ پاکستان کی پریڈ تو اپنی مثال آپ ہے۔ 23 مارچ ہمیں قراردادِ لاہور اور پاکستان کے قیام کی جدوجہد کی یاد دلاتا ہے۔

اسلام آباد کی فضائیں جب عسکری طیاروں کی گرج سے گونجتی ہیں،

جب شاہراہیں فوجی بینڈ کی دھمک سے معمور ہوتی ہیں

اور جب مختلف دستے ترتیب وار قدم بڑھاتے ہیں

تو ہر منظر تاریخ کے کسی نہ کسی باب کو روشن کرتا محسوس ہوتا ہے۔

یہ پریڈ قوم کو اتحاد، قربانی اور استقامت کا سبق بھی دیتی ہے۔ یہ یاد دلاتی ہے کہ پاکستان کی بنیادیں قربانیوں پر رکھی گئی ہیں

اور اس کی سلامتی کے لیے نسلوں نے اپنے حصے کا کردار ادا کیا ہے۔

یہ افواجِ پاکستان ہیں جنہوں نے برف پوش پہاڑوں سے لے کر صحراؤں کی تپتی ریت تک وطن کی حفاظت کی،

دہشت گردی کے خلاف جنگ میں قربانیاں دیں

اور سیلاب و زلزلے جیسی قدرتی آفات میں بھی اپنے لوگوں کی مدد کی۔

اسی لیے جب عوام جوانوں کو صف بستہ دیکھتے ہیں

تو ان کے سامنے صرف ایک پریڈ نہیں ہوتی؛

ان کے ذہن میں قربانیوں

،شہادتوں

اور قومی ذمہ داریوں کی ایک پوری داستان جاگ اٹھتی ہے۔

جب قومی ترانے کی آواز گونجتی ہے،

جب پرچم بلند ہوتا ہے،

جب کمانڈوز فولادی جسموں کے ساتھ صف بستہ ہوتے ہیں تو دل بے اختیار اپنے شہداء کو سلام پیش کرتے ہیں،

غازیوں کی بہادری کو یاد کرتے ہیں

اور وطن کی سلامتی کے لیے دعا کرتے ہیں۔

یہ پریڈ محض عسکری مظاہرہ نہیں، یہ عشق کا بیان ہے۔

یہ فلائی پاسٹ محض مشق نہیں،

یہ شہداء کے لہو کی خوشبو ہے۔

اور اے اہلِ وطن!

جب کبھی تم یہ منظر دیکھو تو یاد رکھو کہ یہ جوان صرف ایک ادارے کی نمائندگی نہیں کرتے؛

یہ اپنی ذمہ داری، اپنی تربیت اور اپنے وطن کے دفاع کے عزم کے ساتھ میدان میں اترتے ہیں۔

یہ قدم نہیں، حوصلے ہیں۔

یہ صف نہیں،

نظم وضبط ہے۔

یہ پرچم نہیں،

ایک قوم کی شناخت ہیں

اور شاید اسی لیے جب عسکری پریڈ کا منظر سامنے آتا ہے تو کچھ دیر کے لیے وقت ٹھہر سا جاتا ہے، نگاہیں پرچم پر رک جاتی ہیں

اور دل میں ایک ہی احساس ابھرتا ہے:

وہ قدم جو زمین پر پڑتے ہیں، مگر ان کی دھمک سے تاریخ جاگ اٹھتی ہے۔

پاکستان زندہ باد

پاک افواج پائندہ باد

ہم نے گلشن کے تحفظ کی قسم کھائی ہے

گل و خار
پروفیسر حکیم سید عمران فیاض
hakeemsyedimran7@gmail.com

اتائیت جیسے عفریب کے سہولت کاروں اور سرپرستوں کے خلاف بھی کارروائی موجودہ وقت کی اہم ضرورت ھے۔ اسکے ساتھ وطن عزیز کے مختلف محکموں میں موجود کالی بھیڑوں کے خلاف بھی سخت ترین اقدامات کرنے ھوں گے۔ وزیراعلی پنجاب محترمہ مریم نواز صاحبہ سے گذارش ھے کہ وطن عزیز میں اتائیت جیسے عفریب کے خلاف بھی اقدام اٹھائیں۔ 2010ء میں پنجاب ہیلتھ کیئر کمیشن کے نام سے ایک ادارہ قائم کیا۔ جس کا کام پنجاب سے اتائیت کا خاتمہ کرنا اور شعبہ صحت کی قدر و منزلت کو بحال کرنا۔ یہ بات درست ہے کہ اس نے اپنے قیام سے لے کر اب تک ہزاروں کی تعداد میں اتائیوں کی دکانوں کو چیک کیا اور بڑی تعداد میں ان کو جرمانے اور دکانوں کو سیل کیا۔ لیکن ذرائع کے مطابق یہ بھی حقیقت ہے کہ اکثر نے کالی بھیڑوں کی ملی بھگت سے اپنی دکانیں یا تو از خود ڈی سیل کر لیں۔ یا اپنی شاپ کا نام بدل کر قریب ہی نئی شاپ نئے نام سے کھول لی۔ جبکہ جراحی و حجامہ صرف نیشنل کونسل فار طب سے رجسٹرڈ شخص ھی کرنے کا مجاز ھے لیکن یہاں انڈر میٹرک۔ میڈل۔ پرائمری اور انگھوٹھا چھاپ لوگ یہ کام کر رھے ھیں ان کے خلاف کسی بھی قسم کی کارروائی ندارد پنجاب ہیلتھ کیئر کمیشن اور متعلقہ محکمے خاموش تماشائی بنے ھوئے ھیں اور اوپر سب اچھا کی رپورٹ ھے۔ اکثر دوکانوں پر صفائی کا خیال بھی نہیں رکھا جاتا اور سگریٹ۔ پان۔ گٹکا و دیگر نشہ آور اشیا کا بھی استعمال کیا جاتا ھے۔ وزیراعلی پنجاب اپنی خفیہ ٹیم سے اگر چیک کرنا چاہیں تو کروا لیں۔ پنجاب کے اندر اکثر علاقوں میں نان کوالیفائیڈ انڈر میٹرک لوگ بطور ہیلتھ کیئر پرووائیڈر بڑی دیدہ دلیری سے ان کالی بھیڑوں کی نگرانی میں کام کر رھے ھیں اور عوام میں موذی بیماریاں پھیلا رھے ھیں مزید یہ کہ بعض مقامات پر پنجاب ہیلتھ کیئر کمیشن کے ایس او پیز اور ایم ایس ڈی ایس پر عملدرآمد نہیں کیا جاتا اور نہ ھی ڈریپ کے قوانین پر بھی کوئی عمل نہیں کیا جا رہا۔ جبکہ بعض جگہوں پر کوالیفائیڈ ملازمین کو حراسمینٹ کا بھی سامنا ھے۔ ملازمین کے تحفظ کیلئے موجود قوانین پر عملدرآمد کون کروائے گا۔ گزشتہ 15 سالوں میں این سی ٹی سے رجسٹرڈ اطباء کی میٹرک کی اسناد انکے متعلقہ بورڈز سے چیک کروائی جائیں اور این سی ٹی کا حساس ادارے کے ذریعے آڈٹ کروائیں تو کئی اہم انکشافات منظر عام پر آئیں گے۔ وزیراعظم پاکستان نے (این ٹی سی اے ایس ایم) نیشنل ٹریڈیشنل کمپلیمینٹری اینڈ آلٹرنیٹیو میڈیسن کونسل بنانے کی منظوری دی لیکن اس پر عملدرآمد کروانے میں ناکام رھی۔ جو عناصر اس میں رکاوٹ بنے انکے خلاف کارروائی وقت کی اہم ضرورت ھے۔ عوامی و سماجی حلقوں اور انجمن تحفظ حقوق عوام پاکستان نے وزیراعظم پاکستان۔ سپریم کورٹ آف پاکستان۔ وفاقی وزارت صحت۔ وزیراعلی پنجاب۔ وزیر صحت پنجاب۔ چیئرمین پنجاب ہیلتھ کیئر کمیشن سے اپیل ھے کہ وہ اتائیوں کے خلاف سخت سے سخت کارروائی کریں۔

خونِ دل دے کے نکھاریں گے رخِ برگ گلاب
ہم نے گلشن کے تحفظ کی قسم کھائی ہے

I ♥ GUJRANWALA

پہلوانوں کے شہر سے

افتخار احمد چوہان

ہنگامی جنگی حالات سے نمٹنے کیلئے فرضی مشقوں کا دائرہ وسیع کیا جائے، کمشنر

وزیراعلی پنجاب مریم نواز کے خصوصی احکامات پر پنجاب یونیورسٹی گوجرانوالہ کیمپس اور سول ڈیفنس ڈیپارٹمنٹ کے زیر اہتمام سول ڈیفنس سیمینار اور ہنگامی و جنگی حالات سے نمٹنے کیلئے فرضی مشقوں کا عملی مظاہرہ کیا گیا

تقریب میں کمشنر ڈویژن محمد علی بطور مہمان خصوصی جبکہ ڈائریکٹر جنرل سول ڈیفنس پنجاب ضیغم نواز (تمغہ امتیاز)، قائمقام ایڈیشنل کمشنر پنجاب ریونیو اتھارٹی فیصل سلطان، ڈی جی پنجاب یونیورسٹی نے بطور مہمان اعزاز شرکت کی

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) وزیراعلی پنجاب مریم نواز کے خصوصی احکامات پر پنجاب یونیورسٹی گوجرانوالہ کیمپس اور سول ڈیفنس ڈیپارٹمنٹ کے زیر اہتمام سول ڈیفنس سیمینار اور ہنگامی و جنگی حالات سے نمٹنے کیلئے فرضی مشقوں کا عملی مظاہرہ کیا گیا۔ تقریب میں طلبہ، اساتذہ، سول ڈیفنس رضاکاروں اور متعلقہ اداروں کے نمائندگان نے شرکت کی۔ تقریب میں کمشنر ڈویژن محمد علی بطور مہمان خصوصی جبکہ ڈائریکٹر جنرل سول ڈیفنس پنجاب ضیغم نواز) تمغہ امتیاز (، قائمقام ایڈیشنل کمشنر پنجاب ریونیو اتھارٹی فیصل سلطان، ڈی جی پنجاب یونیورسٹی نے بطور مہمان اعزاز شرکت کی فرضی مشقوں کے دوران جنگی و ہنگامی صورتحال کے مختلف منظرنامے پیش کیے گئے۔ عمارت منہدم ہونے کے بعد ملبے تلے پھنسے افراد کو ریسکیو کرنے، زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے اور آگ لگنے کی صورت میں فوری کارروائی کا عملی مظاہرہ کیا گیا۔ پنجاب سول ڈیفنس کے تربیت یافتہ ریسکیورز نے زخمی افراد کو ابتدائی طبی امداد فراہم کی، جبکہ تربیت یافتہ فائر فائٹرز نے آگ بجھانے کی مشق کا عملی مظاہرہ کیا۔ شرکا کو سول ڈیفنس کی جدید ڈرون ٹیکنالوجی سے بھی متعارف کرایا گیا، جس میں سرویلنس ڈرون، ڈسٹرپٹر ڈرون اور ایئر لفٹ ڈرون کے ذریعے نگرانی، ہنگامی صورتحال میں معاونت اور ریسکیو آپریشنز کا عملی مظاہرہ شامل تھا۔ کمشنر ڈویژن محمد علی نے سول ڈیفنس کی عملی مشقوں کو سراہتے ہوئے ڈائریکٹر جنرل سول ڈیفنس، ڈپٹی کمشنر اور سول ڈیفنس افسران کی کاوشوں کو خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہنگامی و جنگی حالات سے موثر انداز میں نمٹنے کیلئے سول ڈیفنس کی تربیت، عملی مشقوں اور عوامی آگاہی کو فروغ دینا ناگزیر ہے۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ اس نوعیت کی سول ڈیفنس مشقوں کا دائرہ کار ڈویژن کے تمام اضلاع تک وسیع کیا جائے تاکہ زیادہ سے زیادہ طلبہ، رضاکاروں اور شہریوں کو ہنگامی حالات سے نمٹنے کی عملی تربیت اور آگاہی فراہم کی جا سکے۔ انہوں نے شرکا میں شیلڈز اور تعریفی اسناد بھی تقسیم کیں۔ اس موقع پر کنٹرولر سول ڈیفنس و ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہنگامی اور جنگی حالات سے مؤثر انداز میں نمٹنے کے لیے سول ڈیفنس کی تربیت اور عملی مشقوں کا انعقاد ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ طلبہ، اساتذہ، رضاکاروں اور شہریوں میں ہنگامی حالات سے متعلق شعور اجاگر کرنے کے ساتھ ساتھ انہیں محفوظ انخلا، ابتدائی طبی امداد، آگ بجھانے اور ریسکیو کے بنیادی طریقہ کار سے آگاہ کیا جانا چاہیے۔ انہوں نے سول ڈیفنس اور پنجاب یونیورسٹی کی جانب سے فرضی مشقوں اور آگاہی سیمینار کے انعقاد کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایسی سرگرمیوں کا دائرہ کار مزید وسیع کیا جائے تاکہ زیادہ سے زیادہ شہریوں کو ہنگامی صورتحال میں بروقت اور مؤثر ردعمل کے لیے تیار کیا جا سکے۔ تقریب کے اختتام پر شرکا اور رضاکاروں میں سرٹیفکیٹس بھی تقسیم کیے گئے۔ مقررین نے کہا کہ سول ڈیفنس کے حوالے سے ایسی آگاہی اور تربیتی سرگرمیوں کا مقصد شہریوں میں حفاظتی شعور اجاگر کرنے کے ساتھ ساتھ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں بروقت، منظم اور مؤثر ردعمل کی صلاحیت پیدا کرنا ہے۔

پیرا فورس میں وسیع پیمانے پر تقرر و تبادلے، فوری نافذ العمل نوٹیفکیشن جاری

چیئرمین پنجاب انفورسمنٹ اینڈ ریگولیٹری بورڈ، ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے پیرا فورس میں متعدد انویسٹی گیشن آفیسرز، سینئر سارجنٹ، سارجنٹ کے تقرر و تبادلے کر دیئے ہیں

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) چیئرمین پنجاب انفورسمنٹ اینڈ ریگولیٹری بورڈ، ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے پیرا فورس میں متعدد انویسٹی گیشن آفیسر، سینئر سارجنٹ، سارجنٹ کے تقرر و تبادلے کر دیئے ہیں جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق چیئرمین پی ای آر بورڈ نوید احمد نے انویسٹی گیشن آفیسر نعمان اسلم کو گوجرانوالہ صدر سے کاموکی، انویسٹی گیشن آفیسر فرمان علی کو گوجرانوالہ سٹی سے نوشہرہ ورکاں، انویسٹی گیشن آفیسر احسن رضا خالد کو کاموکی سے گوجرانوالہ صدر، سارجنٹ طالش جاوید کو گوجرانوالہ سٹی سے نوشہرہ ورکاں، سارجنٹ شازب کو گوجرانوالہ سٹی سے نوشہرہ ورکاں، سارجنٹ محمد فیضان کو گوجرانوالہ صدر سے گوجرانوالہ سٹی، سارجنٹ امیر حمزہ خان کو گوجرانوالہ صدر سے گوجرانوالہ سٹی، سارجنٹ عمر فاروق کو گوجرانوالہ صدر سے کاموکی، سارجنٹ طارق مشتاق کو گوجرانوالہ سٹی سے نوشہرہ ورکاں، سارجنٹ ثاقب اکرم کو گوجرانوالہ سٹی سے نوشہرہ ورکاں، سارجنٹ عاقب حسین کو گوجرانوالہ سٹی سے گوجرانوالہ صدر، سارجنٹ علی حسن شاہد کو گوجرانوالہ سٹی سے کاموکی، سارجنٹ حنظلہ وارث کو گوجرانوالہ سٹی سے گوجرانوالہ صدر، سارجنٹ محمد ولید کو گوجرانوالہ سٹی سے گوجرانوالہ صدر، سارجنٹ سجادت علی گوجرانوالہ سٹی سے گوجرانوالہ صدر، سارجنٹ انصر علی کو گوجرانوالہ صدر سے گوجرانوالہ سٹی، سارجنٹ ذوہیب کو گوجرانوالہ صدر سے گوجرانوالہ سٹی، سارجنٹ محمد اسامہ کو گوجرانوالہ صدر سے گوجرانوالہ سٹی، سارجنٹ مستجاب جاوید کو گوجرانوالہ صدر سے گوجرانوالہ سٹی، سارجنٹ اعزاز حیدر کو گوجرانوالہ صدر سے نوشہرہ ورکاں، سارجنٹ امیر حمزہ کو گوجرانوالہ صدر سے گوجرانوالہ سٹی، سارجنٹ دانیال سیف کو کاموکی سے گوجرانوالہ سٹی، سارجنٹ عثمان اکرم کو کاموکی سے گوجرانوالہ سٹی، سارجنٹ خاور سیف کو نوشہرہ ورکاں سے گوجرانوالہ سٹی، سارجنٹ نور حسین کو کاموکی سے گوجرانوالہ صدر، سارجنٹ بلال شوکت کو نوشہرہ ورکاں سے گوجرانوالہ صدر، سارجنٹ شہروز حسن کو نوشہرہ ورکاں سے گوجرانوالہ صدر، سارجنٹ ظفر ریاض کو نوشہرہ ورکاں سے گوجرانوالہ صدر، سینئر سارجنٹ افضال بشیر کو نوشہرہ ورکاں سے گوجرانوالہ صدر، سارجنٹ ابوسفیان کو نوشہرہ ورکاں سے گوجرانوالہ سٹی ٹرانسفر و پوسٹ کیا ہے جبکہ انہیں ہدایت کی گئی ہے کہ وہ نئی جگہوں پر انفورسمنٹ سٹیشنز پر ایس ڈی ای اوز کو رپورٹ کریں تاہم انہیں چھوڑنے والے سٹیشن سے مکمل کلیئرنس حاصل کرنا ہوگی۔ مراسلہ وسیع تر عوامی مفاد میں فوری نافذ العمل ہوگا جو اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز اور دیگر متعلقہ افسران تک بھجوا دیا گیا ہے۔

گوجرانوالہ پولیس کی جانب سے آر پی او کے احکامات پر خواتین و بچوں کے تحفظ کیلئے خصوصی آگاہی مہم کا انعقاد

سی پی او گوجرانوالہ کی ہدایت پر ضلع بھر میں پولیس افسران کی آگاہی واکس اور لیکچرز کا انعقاد، خواتین و بچوں کے تحفظ کے لیے عوام میں شعور اجاگر کرنا اور پولیس سے تعاون ناگزیر ہے، سی پی او

گوجرانوالہ پولیس
آگاہی واک

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) ریجنل پولیس آفیسر گوجرانوالہ خرم شہزاد حیدر وڑائچ کے احکامات کی روشنی میں سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر سردار غیاث گل خان کی ہدایت پر خواتین و بچوں کے تحفظ کے حوالے سے خصوصی آگاہی مہم ضلع بھر میں جاری ہے۔ اس سلسلے میں ضلع بھر کے پولیس افسران نے مختلف تعلیمی اداروں میں آگاہی واکس اور لیکچرز کا انعقاد کیا، جن میں طلبا و طالبات، شہریوں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کو خواتین و بچوں کے بنیادی حقوق، تحفظ، عزت و احترام اور ان کے لیے محفوظ ماحول کی فراہمی کے حوالے سے تفصیلی آگاہی دی گئی۔ آگاہی سرگرمیوں کا مقصد معاشرے میں خواتین و بچوں کے تحفظ سے متعلق احساسِ ذمہ داری کو فروغ دینا اور شہریوں کو اس حوالے سے اپنا مؤثر کردار ادا کرنے کی ترغیب دینا ہے۔ پولیس افسران نے شرکا کو آگاہ کیا کہ خواتین اور بچوں کے ساتھ کسی بھی قسم کی زیادتی، ہراسانی یا تشدد کی صورت میں خاموش رہنے کے بجائے فوری طور پر پولیس سے رابطہ کیا جائے تاکہ بروقت قانونی کارروائی عمل میں لائی جا سکے۔ والدین، اساتذہ اور شہریوں پر بھی زور دیا گیا کہ وہ اپنے اردگرد کے ماحول پر نظر رکھیں اور خواتین و بچوں کے تحفظ کو یقینی بنانے میں پولیس کا ساتھ دیں۔ اس موقع پر سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر سردار غیاث گل خان نے کہا کہ خواتین و بچوں کا تحفظ پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اور اس سلسلے میں تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔

☆☆☆☆

www.sehar.pk
dailysehar1@gmail.com
MEMBER APNS
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
Daily SEHAR
روزنامہ
سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان

جی پی او، ریٹائرڈ ہونے والے ملازمین کیلئے الوداعی تقریب

ساتھی اہلکاروں، افسران کی طرف سے بھرپور خراج تحسین پیش، تحائف بھی دیئے گئے

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ پاکستان پوسٹ محمد سلیم سروری اور جی پی او چیف پوسٹ ماسٹر رضوان اللہ قمر نے کہا ہے کہ دوران سروس ماتحت عملہ سے خوش اخلاقی سے پیش آنے والے ملازمین ریٹائر ہو کر بھی ڈیپارٹمنٹ میں موجود رہتے ہیں، آج جو لوگ اس محکمہ پوسٹ سے ریٹائر ہو رہے ہیں خوش نصیب ہیں کیونکہ آج کی تقریب انکے اعلی اخلاق کا منہ بولتا ثبوت ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے گذشتہ روز جی پی او میں ریٹائرڈ ہونے والے ملازمین کی الوداعی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر اسسٹنٹ ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ رانا بلاول حسین نے بھی ملازمین کے اعلی اقدار کا ذکر کیا رانا عامر شہزاد، آصف ڈیال، رانا یاسر، طاہر چیمہ، سید محمد راشد اور فیصل ہارون نے دیگر ساتھیوں کے ہمراہ ریٹائرڈ ہونے والے ملازمین محمد خالد بٹ، محمد رفیق، محمد اعظم، عامر حسین ناز اور محمد انور کو تحائف اور نیک تمناؤں سے رخصت کیا۔

ڈی سی کا دورہ چلڈرن ہسپتال، ادویات کی فراہمی سمیت مختلف امور کا معائنہ کیا

بہترین سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے چلڈرن ہسپتال کا دورہ کیا اور ہسپتال میں مریض بچوں کو فراہم کی جانے والی طبی و صحت کی سہولیات، فائر سیفٹی انتظامات، ایمرجنسی رسپانس سسٹم اور دیگر حفاظتی اقدامات کا جائزہ لیا انہوں نے ہسپتال کے نرسری وارڈ، او پی ڈی، فارمیسی، ایمرجنسی اور دیگر مختلف شعبہ جات کا معائنہ کیا۔ انہوں نے ہسپتال انتظامیہ سے مریضوں کی تعداد، علاج معالجے کے طریقہ کار اور دستیاب طبی سہولیات کے حوالے سے بھی بریفنگ لی اور ہدایت کی کہ مریض بچوں کو بروقت، معیاری اور بلا تعطل طبی سہولیات کی فراہمی ہر صورت یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ بچوں کے علاج معالجے کیلئے تمام ضروری ادویات، طبی آلات اور دیگر سہولیات کی دستیابی کو یقینی بنایا جائے

عوامی مفاد سے وابستہ منصوبوں کی کڑی نگرانی کا حکم

ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے علی الصبح فرید ٹاؤن، کشمیر روڈ، پیپلز کالونی، بہاری کالونی، کچا ایمن آباد روڈ، نگار چوک جی ٹی روڈ اور دیگر علاقوں کا دورہ کیا اور صفائی، تجاوزات، نکاسی آب، سڑکوں کی بحالی، سیوریج سکیم اور سہولت ریڑھی بازار کے قیام کے حوالے سے جاری کاموں کا جائزہ لیا

کئی مقامات پر صفائی کی غیر تسلی بخش صورتحال پر اظہار برہمی کرتے ہوئے متعلقہ افسران کو صفائی کے معیار میں فوری بہتری اور موثر نگرانی یقینی بنانے کی ہدایات جاری کیں۔ ڈپٹی کمشنر نے بہاری کالونی کی مختلف گلیوں اور بازاروں کا دورہ کرتے ہوئے صفائی اور نکاسی آب کے انتظامات کا جائزہ لیا

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے علی الصبح فرید ٹاؤن، کشمیر روڈ، پیپلز کالونی، بہاری کالونی، کچا ایمن آباد روڈ، نگار چوک جی ٹی روڈ اور دیگر علاقوں کا دورہ کیا اور صفائی، تجاوزات، نکاسی آب، سڑکوں کی بحالی، سیوریج سکیم اور سہولت ریڑھی بازار کے قیام کے حوالے سے جاری کاموں کا جائزہ لیا۔ کئی مقامات پر صفائی کی غیر تسلی بخش صورتحال پر اظہار برہمی کرتے ہوئے متعلقہ افسران کو صفائی کے معیار میں فوری بہتری اور موثر نگرانی یقینی بنانے کی ہدایات جاری کیں۔ ڈپٹی کمشنر نے بہاری کالونی کی مختلف گلیوں اور بازاروں کا دورہ کرتے ہوئے صفائی اور نکاسی آب کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے پیپلز کالونی کشمیر روڈ پر قائم کوڑا ٹرانسفر پوائنٹ اور ملحقہ کھیل کے میدان کے اطراف صفائی ستھرائی کے انتظامات کا بھی جائزہ لیا۔ اور متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ کوڑا بروقت اٹھانے، صفائی آپریشن میں تسلسل برقرار رکھنے اور کھیل کے میدان کے اطراف صفائی کی صورتحال مستقل بنیادوں پر بہتر بنانے کیلئے موثر اقدامات کیے جائیں۔ ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے نگار چوک جی ٹی روڈ پر سہولت ریڑھی بازار کے قیام کیلئے جاری تعمیراتی کاموں کا معائنہ کیا۔ انہوں نے اسسٹنٹ کمشنر سٹی اور متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ تعمیراتی کام مقررہ معیار اور رفتار کے مطابق جلد مکمل کیے جائیں تاکہ سڑکوں پر قائم ریڑھیوں کو سہولت ریڑھی بازار میں منتقل کیا جا سکے۔ سہولت ریڑھی بازار کے قیام سے ریڑھی بانوں کو باعزت روزگار کے مواقع فراہم کرنے کے ساتھ شہریوں کو اشیائے ضروریہ کی خریداری کی بہتر سہولت میسر آئے گی اور ٹریفک کی روانی بھی برقرار رکھنے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے واضح کیا کہ ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل میں رفتار کے ساتھ ساتھ تعمیراتی معیار اور کوالٹی پر کسی قسم کا سمجھوتہ قابل قبول نہیں ہوگا۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ شہر میں جاری صفائی، ترقیاتی اور بحالی کے تمام منصوبوں کی باقاعدگی سے نگرانی کی جائے اور عوامی سہولیات سے متعلق امور کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے۔

فوڈ اتھارٹی کی ٹیمیں متحرک، 17 پوائنٹس کو ساڑھے تین لاکھ سے زائد جرمانے

فوڈ سیفٹی قوانین پر عملدرآمد کو یقینی بنانے کیلئے فیلڈ میں نگرانی کا عمل مزید موثر بنایا جائے، فہد اعجاز بٹ

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر نوید احمد کی ہدایت، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر انفورسمنٹ فہد اعجاز بٹ کی زیر نگرانی پنجاب فوڈ اتھارٹی کی جانب سے ملاوٹ، غیر معیاری اور مضر صحت اشیائے خورد و نوش کیخلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ اس سلسلہ میں پنجاب فوڈ اتھارٹی کی ٹیموں نے ضلع بھر میں 159 مختلف فوڈ پوائنٹس کا معائنہ کیا اور حفظان صحت کے اصولوں کی خلاف ورزی پر 17 فوڈ پوائنٹس کو مجموعی طور پر 3 لاکھ 55 ہزار 500 روپے جرمانے عائد کیے۔ فہد اعجاز بٹ نے بتایا کہ کارروائیوں کے دوران غیر معیاری اور ممنوعہ اشیا کے خلاف بھی موثر کارروائی عمل میں لائی گئی۔ جبکہ 60 لیٹر دودھ، 23.5 کلوگرام کھلے مصالحہ جات اور 4.65 کلوگرام ممنوعہ اشیا تلف کر دی گئیں، جبکہ 5 لیٹر خراب خوردنی تیل اور 0.5 کلوگرام مختلف غیر معیاری غذائی اشیا بھی موقع پر تلف کی گئیں۔

☆☆☆☆☆

بعدالت جناب اُجالا امبر صاحبہ سول جج فیملی کورٹ فیروزوالہ

دعویٰ: تنسیخ نکاح بربنائے خلع، بعنوان: آسیہ بی بی بنام عمران
اشتہار بنام: عمران ولد ظفر اقبال قوم بھٹی ساکن ننکانہ صاحب تحصیل وضلع ننکانہ صاحب بنام مدعاعلیہ۔ بنام مدعاعلیہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہورہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعاعلیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعاعلیہ تاریخ 05-10-2026 کو بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کاروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے ومہر عدالت جاری ہوا۔

Cr..FW

بعدالت جناب نوید انجم صاحب سول جج فیروزوالہ

درخواست سرٹیفکیٹ جانشینی، بعنوان: توصیف حیدر بنام عوام الناس وغیرہ
توصیف حید ولد نصیر احمد ساکن کٹھیالہ ورکاں ڈاکخانہ خاص تحصیل مریدکے ضلع شیخوپورہ بنام عوام الناس وغیرہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں سائل نے درخواست برائے جانشینی نسبت ترکہ بابت متوفی عدالت ہذا میں گذاری ہے کہ عوام الناس کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار ازاں عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت درخواست ہذا جانشینی بحق سائل / سائلہ بالا جاری کرنے میں کوئی اعتراض ہو تو تاریخ 23-09-2026 کو اصالتاً وکالتاً عدالت ہذا میں حاضر ہوں بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔ بدستخط میرے اور مہر عدالت کے جاری ہوا۔

Cr..FW

بعدالت جناب آصف اقبال صاحب جج فیملی کورٹ سلانوالی ضلع سرگودھا

دعویٰ اعادہ حقوق زن آشوئی
محمد اسامہ بنام ام رومان
اشتہار بنام۔ ام رومان زوجہ محمد اسامہ دختر ابوبکر قاضی بھٹی سکنہ ڈاور ڈاکخانہ خاص تحصیل لالیاں ضلع چنیوٹ
مدعاعلیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تقرر 21.09.2026 کو اصالتاً یا وکالتاً بوقت 9 بجے حاضر ہوں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔ آج ہمارے مہر ودستخط سے جاری ہوا۔

Cr..Asif

بعدالت جناب محمد اجمل خاں صاحب سول جج / جج فیملی کورٹ قصور

شائلہ بنام صدام حسین دعویٰ تنسیخ نکاح۔ اشتہار بنام؛۔ صدام حسین ولد محمد رفیق سکنہ مصطفیٰ آباد دفتوہ ڈاکخانہ خاص تحصیل وضلع قصور مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کو متعدد بار بذریعہ سمن / نوٹس طلب کیا گیا۔ مگر مدعاعلیہ حاضر عدالت نہ آیا ہے۔ چونکہ مقدمہ ہذا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا ناممکن معلوم ہوتی ہے۔ لہذا مدعاعلیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی مورخہ 22-09-2026 بوقت 8 بجے بمقام قصور عدالت ہذا میں اصالتاً وکالتاً حاضر آویں۔ بصورت دیگران کے خلاف کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جاوے گی۔ آج بدستخط ہمارے ومہر عدالت سے جاری کیا ہوا۔

Cr..Bhutta

لیٹ اندراج پیدائش برائے ریکارڈ یونین کونسل نمبر 40 کوڑیانوالی

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مسماۃ صابراں بی بی سکنہ ڈاکخانہ ملک پورہ بکھو شاہ تحصیل وضلع بہاولنگر نے درخواست گزاری کہ اس کے حقیقی بچوں کشف بی بی تاریخ پیدائش مورخہ 21-09-2020، رئیس اعظم تاریخ پیدائش مورخہ 14-09-2010، محمد حماد تاریخ پیدائش 11-08-2016، محمد رحمان تاریخ پیدائش مورخہ 14?07?2014، شہزاد حیدر تاریخ پیدائش مورخہ 19-08-2012 ہے جن کی پیدائش کا اندراج بروقت یونین کونسل میں نہ کروایا جا سکا۔ درخواست گزار یا اس کے کسی رشتہ دار وعزیز و اقارب میں پیدائش کا اندراج پاکستان کے کسی بھی یونین کونسل / لوکل گورنمنٹ میں نہ کروایا گیا ہے اور نہ ہی پہلے سے درج ہے۔ مذکورہ لیٹ اندراج پیدائش کے بارے میں اگر کسی کو کوئی عذر یا اعتراض ہوتو اندر اشاعت اخبار 7 یوم ہمراہ ثبوت حاضر دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ بہاولنگر میں جمع کروائیں، اس مدت گزرنے کے بعد کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔
المشتہر۔ ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ بہاولنگر

(R)Cr..Raja Kokab

بخدمت جناب ظفر مہدی صاحب ایڈیشنل ڈسٹرک جج صاحب پسرور

آئندہ پیشی 26-09-2026
ملک سرفراز اعوان ولد محمد رمضان قوم اعوان ساکن سورنگیاں تحصیل پسرور ضلع سیالکوٹ
بنام محمود عالم اعوان ولد محمد خبیر قوم اعوان ساکن سورنگیاں تحصیل پسرور ضلع سیالکوٹ
اپیل دیوانی زیر دفعہ 96 ضابہ دیوانی
درخواست بمراد بحالی فرمائے جانے اپیل مندرجہ عنوان بالا
مارکیٹ اور دیگر عوامل کے باعث قیمتیں بڑھ رہی ہیں۔ دراصل حکومت عوام کو لوٹ کر اپنے ریونیو اہداف پورے کررہی ہے، یہ اپنی عیاشیاں اور غیر ضروری اخراجات کم کرنے کو تیار نہیں۔ انہیں تجاویز دی جائیں تو آئی ایم ایف کا جواز پیش کردیتے ہیں۔ البتہ جب آئی ایم ایف جاگیرداروں پر ٹیکس لگانے کا کہتا ہے تو ان پر ٹیکس نہیں لگایا جاتا، لیکن ایسے لوگوں پر بھاری ٹیکس عائد کیے جارہے ہیں جن کی آمدن قابل ٹیکس نہیں۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ شرح سود میں تین فیصد کمی کی جائے، کیونکہ صرف ایک فیصد شرح سود کم کرنے سے 574 ارب روپے کی بچت ہوسکتی ہے۔ تاہم حکومت بنکوں کے منافع میں کمی نہیں کرنا چاہتی اور کہا جاتا ہے کہ سود کم کرنے کا اختیار سٹیٹ بنک کو جو خود مختار ادارہ ہے۔ سوال یہ ہے کہ اگر ملک کے مالی معاملات کو چلانے والا ادارہ حکومت کے ہاتھ میں نہیں تو پھر کس کے ہاتھ میں ہے؟ انہوں نے کہا کہ حکومت بنک مافیا کو ناراض کرنے سے ڈرتی ہے۔

بقیہ سحر 26

اور انتہائی تشویشناک ناک اقدام ہے، جس سے دنیا بھر کے کروڑوں مسلمانوں کے مذہبی جذبات مجروح ہوئے ہیں انہوں نے کہا کہ پاکستان سعودی عرب کی خود مختاری امن اور علاقائی تحفظ کے لیے اپنے برادر ملک کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑا ہے، پاکستان سعودی عرب کے شہری علاقوں اور تنصیبات پر حوثی شدت پسندوں کے حملوں کی پرزور مذمت کرتا ہے، پاکستان مشرق وسطی میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کا انتہائی سنجیدگی سے جائزہ لے رہا ہے، خطے میں پائیدار امن اور تنازعات کے حل کے لیے پاکستان ہمیشہ سفارت کاری اور پرامن مذاکرات کی حمایت کرتا رہے گا

بقیہ سحر 27

ہوگئی جو دیکھتے ہی دیکھتے ہنگامہ آرائی میں تبدیل ہوگئی۔ مشتعل افراد نے نہ صرف سرکاری عملے کے ساتھ بدتمیزی اور گالم گلوچ کی بلکہ بلوں کے کاغذی نسخے بھی پھاڑ ڈالے اور ٹیم کو علاقے سے نکالنے کی کوشش کی۔ ناگفتہ بہ صورتحال پر قابو پانے کے لیے واسا ٹیم نے فوری طور پر ایمرجنسی ہیلپ لائن 15 پر کال کی۔ اطلاع ملتے ہی تھانہ سٹی کی پولیس فوری طور پر موقع پر پہنچ گئی اور صورتحال کو کنٹرول کرتے ہوئے واسا کے ورکرز کو مشتعل ہجوم کے نرغے سے بحفاظت نکالا۔ پولیس نے واسا ورکر کی مدعیت میں سرکاری کام میں مداخلت، دھمکیاں دینے اور املاک کو نقصان پہنچانے کے الزامات کے تحت مقدمہ درج کرکے قانونی کاروائی کا آغاز کردیا ہے۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ سرکاری فرائض میں رکاوٹ ڈالنے اور قانون ہاتھ میں لینے والوں کے خلاف سخت قانونی لائحہ عمل اپنایا جائے گا۔

بقیہ سحر 28

خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ اس سلسلہ میں وائلڈ لائف رینجرز ٹیم تحصیل کروڑ لعل عیسن نے انسپکٹر محمد جاوید کی سربراہی میں مختلف مقامات پر کارروائی کے دوران بٹیر کے غیر قانونی شکار کے لئے لگائے گئے 7 سیٹ اپ، جال، بیٹریاں، سپیکر اور دیگر سامان قبضہ میں لے لیا۔ اسسٹنٹ چیف وائلڈ لائف رینجرز سدرۃ المنتہیٰ نے بتایا کہ وائلڈ لائف ٹیموں نے مذکورہ سامان قبضہ میں لے لیا ہے اور ملوث افراد کے خلاف وائلڈ لائف ایکٹ کے تحت قانونی کارروائی شروع کردی گئی ہے۔

بقیہ سحر 29

خصوصی ہدایات پر سول ڈیفنس آفیسر محمود حسین گل کی زیرنگرانی سول ڈیفنس ٹوبہ ٹیک سنگھ کی فنی ٹیم نے پنجاب حکومت کی گرین بس سروس کی الیکٹرک بسوں کے عملہ کو خصوصی فائر سیفٹی تربیت فراہم کی۔ تربیتی ورکشاپ کے دوران عملہ کو آگ سے بچاؤ، آتشزدگی کی ہنگامی صورتحال میں فوری ردعمل، ہنگامی حالات سے نمٹنے اور مسافروں کے بحفاظت انخلاء کے حوالے سے عملی تربیت دی گئی۔ شرکاء کو حفاظتی تدابیر اور ہنگامی صورتحال میں مسافروں کے تحفظ کے لیے اختیار کیے جانے والے ضروری اقدامات سے بھی آگاہ کیا گیا۔ سول ڈیفنس حکام کے مطابق تربیتی سرگرمی کا مقصد الیکٹرک بسوں کے عملہ کو ہنگامی حالات میں بروقت اور مؤثر اقدامات کی عملی مہارت فراہم کرنا، انسانی جانوں کا تحفظ اور مسافروں کے لیے محفوظ سفری ماحول یقینی بنانے میں معاونت فراہم کرنا ہے۔

بعدالت جناب محترمہ عفاف اسلم صاحبہ سینئر سول جج (فیملی ڈویژن) ضلع شیخوپورہ

مقدمہ نمبر 376/3 مورخہ 11-09-26 سال 2026ء۔ درخواست حصول سرٹیفکیٹ گارڈین۔ عنوان مقدمہ۔ تنزیلہ کوثر بنام عوام الناس وغیرہ۔ پتہ سائلہ۔ تنزیلہ کوثر بیوہ محمد زاہد یعقوب ساکن فیصل ٹاؤن مانانوالہ کرپال سنگھ، تحصیل وضلع شیخوپورہ۔ اخبار اشتہار بنام۔ (1) عوام الناس (2) زبیدہ بی بی بیوہ محمد یعقوب ذات آرائیں ساکن 90 چٹی، تحصیل جڑانوالہ، فیصل آباد۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مسئول علیہم کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ 23-09-2026 بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں۔ بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

cr...sana ullah

تلاش گمشدہ سرٹیفکیٹ

میں عالیہ حمید ولد حافظ عبدالحمید بذریعہ اخبار اشتہار کر رہی ہوں کہ میرا بی ایڈ کا پروویژنل سرٹیفکیٹ رول نمبر U688420 سال 2007 جاری کردہ AIOU اور میرا ٹیفل ڈپلومہ پروویژنل سرٹیفکیٹ رول نمبر AP523700 سال 2012 جاری کردہ ملتان علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام اباد گم ہوگئے ہیں جس کو ملے اس پتہ ہاؤسنگ کالونی مقام نمبر 272 ایکس بلاک شیخوپورہ پر ارسال کریں فون نمبر 03437845605

Cr..Waqar Farid

بقیہ سحر 30

آفس میں آنے والے سائلین کے مسائل ڈپٹی کمشنر خوشاب ڈاکٹر جہانزیب حسین لابر نے خود سُنے، انہوں نے کہا کہ روزانہ کی بنیاد پر شہریوں مسائل سُنے جاتے ہیں۔ انہوں نے متعلقہ محکموں کے افسران کو ہدایت کہ سائلین کی طرف سے دی گئی درخواستوں پر عملدرآمد کی رپورٹ پیش کی جائے شہریوں کے مسائل کا حل اولین ترجیح ہے نیز محکموں میں غفلت، سستی و کوتاہی کسی صورت برداشت نہیں کی گئی تمام محکمے اپنی ڈیوٹی عوامی خدمت میں فرض سمجھ کر نبھائیں۔

بقیہ سحر 31

اچھی رعایت دے دی ہے کہ لڑکی عمر 18 سال سے زائد ہے وہ برتھ سرٹیفکیٹ کے بغیر اپنے والد والدہ کی شناخت پر کارڈ بنوا سکتے ہیں، کسی لڑکے کی عمر 24 سال سے زیادہ ہے وہ بھی بغیر برتھ سرٹیفکیٹ کے شناختی کارڈ بنوا سکتے ہیں، اپنا شناختی کارڈ بنوا سکتی ہے مگر اکثر خواتین والدین زندہ نہ ہونے کی وجہ سے اس سالوں سے محروم ہیں آج کے دن کے حوالے سے گورنمنٹ کو ان خواتین کی طرف سے گزارش ہے کہ اس میں مزید نرمی کی ضرورت ہے ان سے مقامی تصدیق لے لی جائے تاکہ ایسی خواتین بھی اس اسکیم سے فائدہ اٹھا سکیں، ہماری گورنمنٹ اس سلسلہ سلسلہ میں پہلے ہی اقدامات کرچکی ہے MRV کی صورت میں میری تمام خواتین سے گزارش ہے کہ وہ اپنی شناختی کٹ بنوائیں اور ملک کی ترقی میں اپنا کردار ادا کریں

بقیہ سحر 32

جرمانہ اور 2 یونٹس کو سیل کیا گیا۔ اس کے علاوہ مختلف ہوٹلز اور ریسٹورنٹس میں سیکشن ہُڈ کی عدم تنصیب کے سلسلے میں نوٹسز بھی جارے کئے گئے۔

بقیہ سحر 33

اور ترکی کے مابین طے پانے والا عظیم اور تاریخی دفاعی معاہدہ امت مسلمہ کیلئے ایک غیر معمولی خوشخبری اور ایمان افروز پیش رفت ہے، یہ معاہدہ نہ صرف تینوں برادر اسلامی ممالک کے درمیان دیرینہ تعلقات کو نئی بلندیوں تک لے جائیگا بلکہ پوری امت کے اتحاد، تحفظ اور استحکام کا روشن مینار ثابت ہوگا پاکستان، ترکی اور سعودی عرب کا تاریخی دفاعی معاہدہ انتہائی خوش آئند ہے، تمام اسلامی ممالک کے مابین دفاعی تعاون اور ایک مضبوط دفاعی اتحاد وقت کی ضرورت ہے اللہ تعالی امت مسلمہ کو ایک اور حقیقی معنوں میں ملت واحدہ بنائے

بقیہ سحر 34

رجسٹرڈ افراد کو سبسڈی پر پٹرول کی فراہمی میں کسی قسم کی رکاوٹ نہ آنے دی جائے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر انفورسمنٹ محمد عثمان جلیس نے مزید کہا کہ سبسڈی پر پٹرول کے حصول کیلئے آنے والے شہریوں کو ہر ممکن سہولت فراہم کی جائے۔ پٹرول پمپس پر قائم سہولت کاؤنٹرز کو فعال اور موثر انداز میں چلایا جائے سہولت کاؤنٹرز پر تربیت یافتہ عملہ تعینات رکھا جائے وزیراعظم ریلیف سکیم سے متعلق شہریوں کو مکمل رہنمائی اور ضروری معلومات کی فراہمی یقینی بنائی جائے اس موقع پر اے سی وہاڑی انعم اکرم، ایس ڈی ای او پیرااعظم جوئیہ، ڈی او انڈسٹریز عابدہ حنیف اور دیگر موجود تھے اجلاس میں اے سی بوریوالا جواد حسین ملک اور اے سی میلسی سعد بن خالد نے بذریعہ ویڈیو لنک اجلاس میں شرکت کی

بقیہ سحر 35

مبارک اور چادر پوشی ہوگی، عرس مبارک کی صدارت مفتی شاہد محمود نقشبندی کریں گے، علامہ قاری مشتاق الرحمٰن رضوی، مولانا پیر سید طاہر حسین شاہ کاظمی، خطاب کرینگے، تلاوت صاحبزادہ زین العابدین چشتی صابری، صاحبزادہ محمد احمد چشتی طاہر، سید زعیم الحسن شاہ کاظمی، محمد عباس فریدی، سردار علی فریدی، قاری محمد جمال نوری، علی رضا فریدی نعت رسول مقبول پیش کرینگے، سابق صدر پریس کلب پاکپتن وقار فرید جگنو، سیکرٹری جنرل پی ایس اے حکیم لطف اللہ، سینئر صحافی حاجی محمد یٰسین چوغطہ، صدر انجمن فلاح مریضاں ڈاکٹر شاہد مرتضیٰ چشتی مہمان اعزاز ہونگے، عرس مبارک کے اختتام پر سجادہ نشین دربار عالیہ صاحبزادہ پیر حکیم قاری ظہور احمد الخیری چشتی صابری ملک پاکستان، عالم اسلام، مریدین اور عقیدت مندوں کیلئے خصوصی دعا کرینگے عرس مبارک میں تمام عالم اسلام کو خصوصی شرکت کی دعوت دی جاتی ہے عرس مبارک کے اختتام پر لنگر کا وسیع انتظام ہوگا

بعدالت جناب مسزوردہ خان صاحبہ سول جج/ بااختیارات فیملی کورٹ ضلع شیخوپورہ

مقدمہ نمبر 2548/FC مورخہ 18-07-26 سال 2026ء۔ دعوی تنسیخ نکاح بر بنائے خلع۔ عنوان مقدمہ۔ اقراء عبداللہ بنام عابد علی۔ اخبار اشتہار بنام۔ عابد علی ولد محمد شریف ساکن جھبراں، تحصیل وضلع شیخوپورہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ 19-09-2026 بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں۔ بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

cr...sana ullah

بعدالت جناب ریونیو آفیسر حلقہ پاکپتن II/37 ایس پی تحصیل وضلع پاکپتن

اشتہار انتقال وراثت، ہرگاہ خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی محمد یٰسین ولد نورمحمد قوم کھرل سکنہ گلی نمبر 2 محلّہ عزیز آباد تحصیل وضلع پاکپتن جو کہ بقضا الٰہی وفات پاچکا ہے جس کا رقبہ 37 ایس پی اربن کا وراثتی انتقال درج کیا جانا ہے، والد نورمحمد والدہ خاتون بی بی پہلے فوت شدہ ہے، بازگشت وارثان میں سرداراں بی بی بیوہ، غلام رسول پسر، سلمیٰ بیگم، سکینہ بی بی، نگینہ یٰسین، صدیقہ بی بی، حلیمہ بی بی، مقدس علی دختران زندہ اور حقیقی وشرعی وارث ہیں اگر انکے علاوہ کوئی وارث یادعویدار ہو تو اشاعت اخبار اشتہار اندرسات یوم زیردستخطی سے رابطہ کرے بصورت دیگر انتقال پاس کردیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر/ اعتراض قابل قبول نہ ہوگا

Cr..Waqar Farid

بقیہ سحر 36

فرید کو عرق گلاب سے غسل دیا۔ بعد ازاں دربار فرید پر چادر اور پھول چڑھائے گئے اور فاتحہ خوانی بھی کی گئی۔ اس موقع پر ملک وقوم کی سلامتی، امن وخوشحالی کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی۔ ڈپٹی کمشنر راجن پور عمران حسین رانجھا نے کہا کہ حضرت خواجہ غلام فرید کی تعلیمات ہمارے لیے امن، محبت، بھائی چارے، اخوت، رواداری اور انسانیت سے محبت کا پیغام ہیں۔

بقیہ سحر 37

رجسٹرڈ افراد کو سبسڈی پر پٹرول کی فراہمی میں کسی قسم کی رکاوٹ نہ آنے دی جائے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر انفورسمنٹ محمد عثمان جلیس نے مزید کہا کہ سبسڈی پر پٹرول کے حصول کیلئے آنے والے شہریوں کو ہر ممکن سہولت فراہم کی جائے۔ پٹرول پمپس پر قائم سہولت کاؤنٹرز کو فعال اور موثر انداز میں چلایا جائے سہولت کاؤنٹرز پر تربیت یافتہ عملہ تعینات رکھا جائے وزیراعظم ریلیف سکیم سے متعلق شہریوں کو مکمل رہنمائی اور ضروری معلومات کی فراہمی یقینی بنائی جائے اس موقع پر اے سی وہاڑی انعم اکرم، ایس ڈی ای او پیرااعظم جوئیہ، ڈی او انڈسٹریز عابدہ حنیف اور دیگر موجود تھے اجلاس میں اے سی بوریوالا جواد حسین ملک اور اے سی میلسی سعد بن خالد نے بذریعہ ویڈیو لنک اجلاس میں شرکت کی

بقیہ سحر 38

اعوان، خواجہ عماد احمد، انجم پرویز نت، مرزا حامد بیگ، ملک لقمان شفیق اعوان، ملک نسیم اعوان، حافظ عماد رضا و دیگر نے بھی خطاب کیا۔ مقررین نے کہا کہ پولیس کی جانب سے صدر بار سعید احمد بھلی، سابق سیکرٹری بیرسٹر جمشید غیاث پر دہشت گردی سمیت دیگر ایکٹ کے تحت جھوٹے اور بے بنیاد، من گھڑت مقدمہ کے اندراج اور معزز ممبر بار مبشر اعوان کے ڈیٹینشن آرڈر کی بھرپور مذمت کرتے ہیں جبکہ پولیس اور انتظامیہ کی جانب سے وکلاء کے گھروں پر غیر قانونی چھاپوں، ان کی فیملیز کو ہراساں کرنا اور جھوٹے مقدمات کا جو سلسلہ شروع کیا گیا ہے اسے فی الفور بند ہونا چاہیے صدر بار اور سابق سیکرٹری پر مقدمہ پوری بار پر مقدمہ ہے جو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ پولیس اور انتظامیہ کی جانب سے بڑھتے ہوئے غیر قانونی اقدامات قابل مذمت ہیں۔ مقررین نے جھوٹے مقدمات کے اخراج تک پولیس کے عدالتوں میں داخلے پر مکمل پابندی کا مطالبہ کیا۔ صدر بار سعید احمد بھلی ایڈووکیٹ نے کہا کہ جھوٹے، بے بنیاد اور من گھڑت مقدمہ کے خارج، 27 ستمبر تک کسی بھی وکیل کی گرفتاری، غیر قانونی چھاپوں پر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ اپنا سخت ردعمل دے گی اور گرفتار وکلاء کو فی الفور رہائی کا مطالبہ کیا۔ صدر بار سعید احمد بھلی نے پنجاب بھر کی بار ایسوسی ایشنز کی جانب سے اظہار یکجہتی پر شکریہ ادا کیا ڈسٹرکٹ بار کے جنرل ہاؤس نے قرار داد منظور کی کہ آئین وقانون کی بالادستی اور وکلاء کی عزت وتکریم پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کے مطالبے کی منظوری تک وکلاء عدالتوں میں پیش نہ ہونگے اور غیر معینہ مدت تک ہڑتال کریں گے۔ احاطہ سول وسیشن کورٹ میں پولیس کا داخلہ مکمل بند ہوگا۔ اگر مطالبات تسلیم نہ کئے گئے تو سوموار کو ضلع کچہری چوک میں آل پنجاب وکلاء کنونشن منعقد ہوگا۔ جس میں پنجاب بھر کی بار ایسوسی ایشنز کے وکلاء آئین وقانون کی بالادستی اور وکلاء کے خلاف غیر قانونی مقدمات اور چھاپوں پر پنجاب بھر کے لئے لائحہ عمل ترتیب دیا جائے گا۔ بعد ازاں وکلاء کی کثیر تعداد نے ضلع کچہری چوک میں پرامن دھرنا دیا جس میں پولیس اور انتظامیہ کے خلاف شدید نعرے بازی کی گئی اور احتجاج کے دائرہ کار کو پورے پنجاب تک پھیلانے کا اعادہ کیا۔

بقیہ سحر 39

ڈوگر نے جنرل ہسپتال کا دورہ کیا اور ڈاکٹروں کی رہائش گاہوں سمیت جاری تعمیراتی کام کا تفصیلی جائزہ لیا۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ ڈاکٹر شاہد ریاض بھی ان کے ہمراہ تھے۔ اس موقع پر متعلقہ حکام نے انہیں تعمیراتی پیش رفت، کام کی رفتار اور منصوبے کے مختلف امور بارے بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر آصف علی ڈوگر نے متعلقہ حکام کو تعمیراتی کام مقررہ معیار کے مطابق تیزی سے مکمل کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ جنرل ہسپتال لیہ کی تکمیل حکومت پنجاب کی ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے تعمیراتی کام کی مسلسل مانیٹرنگ اور معیار پر خصوصی توجہ دینے کی بھی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ جنرل ہسپتال اور ڈاکٹروں کے لئے رہائش کا قیام علاقہ کے لئے ایک بہت بڑی نعمت ہے۔ صحت کی بہترین سہولیات ہر فرد کا بنیادی حق ہے اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اس سلسلہ میں عملی اقدامات اٹھا رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جنرل ہسپتال سٹیٹ آف دی آرٹ ہسپتال ہے جس میں جدید طبی سہولیات، مشینری، ادویات اور قابل ڈاکٹرز کی سہولت میسر آئے گی۔

بعدالت جناب نائب تحصیلدار صاحب ڈونگہ بونگہ

عنوان اخبار اشتہار تقسیم کھاتہ۔ کھاتہ نمبر 110 تا 104 موضع ڈونگہ عاکوکا تحصیل بہاول نگر بعنوان محمد آصف ولد محمد طفیل ذات جوئیہ موضع ڈونگہ عاکوکا مقدمہ زیر سماعت ہے مسئول علیہ فریق دوئم محمد ساجد ولد محمد طفیل۔ عبدالرزاق پسران محمد حسین وغیرہ اقوام جوئیہ سخی محمد پسران خوشی محمد۔ امام سین بیوہ محمد حسین وغیرہ۔ اقوام جوئیہ ساکنان موضع ڈونگہ عاکوکا کو متعدد بار نوٹس بھیجنے کے بوجود عدالت ھذا میں حاضر نہ آئے ہیں اخبار اشتہار دیا جاتا ہے مورخہ 24.09.2026 مقررہ تاریخ سے پہلے اگر کسی عدالت کی طرف سے اگر کوئی حکم امتناری جاری شدہ ہوتو عدالت میں حاضر آکر مطلع کریں دفتر زیر دستخطی اصالتاً یا وکالتاً حاضر آویں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جاوے گی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

(مہر عدالت) (دستخط آفیسر مجاز)

Cr..Donga

بعدالت جناب رانا عدیل صاحب تحصیلدار سرکل 1 حلقہ بڑی راکھ پاکپتن شریف

عنوان، منسوخی واخراج انتقال

فریق اول محمد اسلم بنام فریق دوم عبدالرافع، مامون احمد پسران شمعون بہادر زات بھٹی ساکن بڑی راکھ پاکپتن، ہرگاہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ فریق اول نے درخواست منسوخی و اخراج انتقال نمبر 4550 چک نمبر 17 ایس پی پاکپتن دے رکھی ہے جس کی بابت متعدد بار نوٹس کیا گیا مگر اطلاع یابی آسان طریقہ سے نہیں ہورہی لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے آئندہ پیشی بتاریخ 22 ستمبر 2026 صبح 8 بجے کو اصالتاً یا وکالتاً عدالت ہذا میں حاضر آویں عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کاروائی عمل لائی جائیگی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

دستخط مجاز ومہر عدالت

Cr..Waqar Farid

بقیہ سحر 40

روپے یا خطرے کی صورت میں خاموش رہنے کے بجائے والدین، اساتذہ یا کسی قابلِ اعتماد بڑے کو فوری بتائیں اور پولیس سے مدد حاصل کریں۔ انہوں نے کہا کہ خواتین اور بچوں کا تحفظ سیالکوٹ پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ والدین، تعلیمی اداروں اور پولیس کے باہمی تعاون سے ایسا ماحول فراہم کرنا ہے جہاں خواتین اور بچے بلاخوف اپنی تعلیمی اور روزمرہ سرگرمیاں جاری رکھ سکیں۔ سیمینار میں انسپکٹر خرم شہزاد، پبلک ریلیشنز آفیسر سیالکوٹ پولیس انچارج ویمن پولیس اسٹیشن سب انسپکٹر سعدیہ نایاب نے طلباء سے گفتگو کی۔ انہوں نے خواتین اور بچوں کے تحفظ کے لیے دستیاب پولیس سہولیات، سیف سٹی کے اقدامات، پینک بٹن اور ویمن سیفٹی ایپ کے ذریعے مدد حاصل کرنے کے طریقہ ؟ کار سے آگاہ کیا۔ ڈی پی او سیالکوٹ کی ہدایات پر ضلع بھر کے تمام ایس ڈی پی اوز، ایس ایچ اوز اور دیگر پولیس افسران مختلف اسکولوں، کالجوں، یونیورسٹیوں اور اداروں میں آگاہی لیکچرز اور سیمینارز کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہیں۔

بقیہ سحر 41

زیاں اور عوام دوستی کے دعوؤں کے منہ پر طمانچہ ہے۔'' راؤ بلال انور نے پنجاب حکومت کے متنازعہ بیانات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ''ایک ایسے نازک وقت میں جب وفاق اور صوبوں کے درمیان مضبوط روابط کی ضرورت ہے، پنجاب کو پڑوسی صوبوں سے خطرہ بتانے جیسے بیانات بین الصوبائی ہم آہنگی کو پارہ پارہ کرنے اور فیڈریشن کو نقصان پہنچانے کے مترادف ہیں۔'' بیان کے آخر میں انہوں نے مطالبہ کیا کہ '' حکومت فوری طور پر روزانہ کی بنیاد پر پیٹرولیم اور بجلی کی قیمتوں میں اضافے کا سلسلہ بند کرے، اشتہاری مہم جوئی اور وی آئی پی اسکیموں پر پابندی لگائے، اور یہ اربوں روپے غریب عوام کو براہ راست ریلیف دینے، مہنگائی پر قابو پانے اور بے روزگار نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کرنے پر خرچ کرے۔ اگر ہوش کے ناخن نہ لیے گئے تو سڑکوں پر پستی ہوئی یہ عوام حکمرانوں کا محاسبہ خود کرے گی۔''

بقیہ سحر 42

متاثر کرتی ہے۔ اس بیماری کے شکار بچوں میں معمولی زخم بھی خطرناک ہوسکتے ہیں کیونکہ ان کا خون بہنے سے رکنے میں وقت لگتا ہے۔ انہوں نے والدین کو مشورہ دیا کہ وہ بچوں کو زخموں سے بچائیں اور کسی بھی چوٹ کی صورت میں فوری طبی امداد حاصل کریں۔ والدین سے احتیاطی تدابیر اختیار کریں اور ہیموفیلیا جیسی بیماری سے بچاؤ کے لیے آگاہ رہیں۔ انسانیت کی خدمت ہی ہمارا مشن ہے محسن انسانیت کتنے بھی انسانیت کی خدمت کا درس دیا ہے ہمیں سب کو ملکر ہر انداز کے ساتھ انسانیت کی خدمت میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینا چاہیے۔ نرمی اور محبت کے ساتھ پیش آنا ہمیں اللہ کے قریب کر دیتا ہے۔ ہمیں اپنے دلوں کو سختی سے پاک کرنا چاہیے تاکہ ہم اللہ کی محبت حاصل کرسکیں۔ دیا ویلفیئر آرگنائزیشن کی مارکیٹنگ ٹیم نے بڈیانہ اور گردونواح کے علاقوں کے مختلف اسکولز میں ہیموفیلیا اور صحت سے متعلق آگاہی سیمینارز کا انعقاد کیا جارہا ہے۔ ان سیمینارز کا مقصد طلبہ، اساتذہ اور تعلیمی اداروں میں ہیموفیلیا کی بروقت پہچان، مناسب علاج، احتیاطی تدابیر اور مریضوں کے ساتھ مثبت رویے کے حوالے سے شعور اجاگر کرنا ہے۔ دیا ویلفیئر آرگنائزیشن کا عزم ہے کہ آگاہی کو معاشرے کے ہر طبقے تک پہنچایا جائے تاکہ ہیموفیلیا کے مریضوں کو بروقت رہنمائی، علاج اور بہتر زندگی کے مواقع میسر آسکیں۔ اس موقع پر سینئر نائب صدر راحیلہ اشرف نے کہا کہ اندرونی خون بہنے کی صورت میں فوری طور پر برف کی ٹکور کریں تاکہ خون بہنا کم ہو سکے۔ جب ناک سے اندرونی خون بہے تو ناک کے نرم حصے پر ہلکا دباؤ ڈالیں اور بچے کا سر اوپر کی طرف نہ رکھا جائے اور نہ ہی لٹایا جائے بلکہ سر کو نیچے کی جانب رکھے تاکہ خون بہنا کم ہو سکے۔ اور اگر خون زیادہ بہہ رہا ہو تو ڈاکٹر سے رجوع کریں۔ بچوں کو محفوظ ماحول فراہم کریں اور ان کی روزمرہ کی سرگرمیوں پر نظر رکھیں تاکہ حادثات سے بچا جاسکے۔

بقیہ سحر 43

نوازشریف کے احکامات کی روشنی میں صاف پانی اولین ترجیح ہے، جن علاقوں میں بنیادی سہولیات میسر نہ ہوں انہیں ترجیح دی جائے گی۔

بقیہ سحر 44

کی ہدایت کی۔ انہوں نے سکول کے کلاس رومز سمیت مجموعی ماحول میں صفائی ستھرائی کے انتظامات کا بھی معائنہ کیا۔ اس موقع پر سکول کے عملے نے ڈپٹی کمشنر کو ادارے کو درپیش مختلف مسائل اور ضروریات سے آگاہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ سکول کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے اور طالبات کو بہتر اور سازگار تعلیمی ماحول کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ سرکاری تعلیمی اداروں میں نظم وضبط، صفائی اور بنیادی سہولیات کی دستیابی کو یقینی بنانا انتظامیہ کی اہم ذمہ داری ہے۔

بقیہ سحر 45

لیا گیا۔ اس موقع پر بچوں کو پولیو سے محفوظ رکھنے کے لیے سو فیصد کوریج یقینی بنانے پر خصوصی توجہ دی گئی۔ اجلاس کے دوران محکمہ صحت کی جانب سے پولیو ٹیموں کی تشکیل، تربیت اور فیلڈ میں مؤثر کارکردگی کے حوالے سے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ محکمہ تعلیم کو سکولوں کے ذریعے عوامی آگاہی بڑھانے اور بچوں تک رسائی میں معاونت فراہم کرنے کی ہدایت کی گئی۔ پولیو ٹیموں کی سیکیورٹی کے حوالے سے بھی تفصیلی غور کیا گیا، جبکہ پولیس افسران کو فیلڈ میں تعینات ٹیموں کے تحفظ اور سکیورٹی کے مؤثر انتظامات یقینی بنانے کے لیے خصوصی ہدایات جاری کی گئیں۔ ڈپٹی کمشنر آغا ظہیر عباس شیرازی نے تمام متعلقہ محکموں کو باہمی رابطے اور مؤثر تعاون کے ساتھ کام کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ انسدادِ پولیو مہم کے مقررہ اہداف کے حصول کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں تاکہ ضلع مری کے ہر بچے کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کو یقینی بنایا جاسکے۔

بعدالت جناب نائب تحصیلدار صاحب ڈونگہ بونگہ

عنوان اخبار اشتہار تقسیم کھاتہ۔ کھاتہ نمبر 1 تا 2 موضع چک عزیزدین تحصیل بہاول نگر بعنوان قرۃ العین بیوہ ضمیر حیدر ذات جوئیہ عاکوکا سکنہ موضع چک عزیزدین مقدمہ زیر سماعت ہے مسئول علیہ فریق دوئم منیر فاطمہ زوجہ محمد ارشد۔ محمد ارشد خاں ولد سراج خاں۔ غلام شبیر وغیرہ پسران و دختران محمد ارشد خاں عبدالحق ولد محمد رشید۔ محمد جمال حیدر ولد ضمیر حیدر اقوام جوئیہ عاکوکا۔ محبوب حسین۔ ولد علی احمد ذات جٹ گورایہ۔ محمد آصف وغیرہ پسران مقصود احمد۔ سلمان تاثیر آصف ولد محمد آصف۔ اقوام ہلوان جٹ وغیرہ۔ محمد رفیق ولد سلیم زات شیخ قریشی۔ محمد ابراہیم ولد نور محمد زات آرائیں وغیرہ۔ ساکنان موضع چک عزیزدین کو متعدد بار نوٹس بھیجنے کے بوجود عدالت ھذا میں حاضر نہ آئے ہیں اخبار اشتہار دیا جاتا ہے مورخہ 24.09.2026 مقررہ تاریخ سے پہلے اگر کسی عدالت کی طرف سے اگر کوئی حکم امتناری جاری شدہ ہوتو عدالت میں حاضر آکر مطلع کریں دفتر زیر دستخطی اصالتاً یا وکالتاً حاضر آویں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جاوے گی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

(مہر عدالت) (دستخط آفیسر مجاز)

Cr..Donga

درستگی نام

میں نے سیکنڈری سکول سالانہ امتحان رول نمبر 197781 لاہور بورڈ سے پاس کیا ہوا ہے جبکہ میرا درست نام مہوش بتول Mehwish Batool ہے اور میری سند پر نام مہوش Mahwish درج ہوگیا ہے جو کہ درست نہ ہے۔ میں اپنا نام مہوش سے مہوش بتول ترمیم کروانا چاہتی ہوں۔ المشتہر: مہوش دختر زاہد ساکن گلی نمبر 3 سعید پارک شاہدرہ لاہور۔

Cr..FW

بقیہ سحر 46

کو آمدورفت میں درپیش مشکلات سے فوری ریلیف دلایا گیا ہے، واسا لودھراں کی جانب عوام کیلئے فیلڈ آپریشنز تسلسل کے ساتھ جاری رہیں گے، ڈپٹی کمشنر نے کامیاب نکاسی عمل پر ایم ڈی واسا اور عملے کی کاوشوں کو سراہا ہے۔ انہوں نے واٹر سٹوریج ٹینک اور واٹر ریچارجنگ ویل کی ورکنگ بھی چیک کی۔ اس دوران ڈپٹی کمشنر نے کامیاب نکاسی آب آپریشن بارے تاجروں سے معلومات لیں اور کہا کہ عوامی فیڈ بیک سے انتظامیہ کے حوصلے بلند ہوتے ہیں۔

بقیہ سحر 47

ساکن بہاولپور کے نام سے ہوئی ہے۔

بقیہ سحر 48

ملتے ہیں اس کے دل میں اپنی جگہ بنا لیتے ہیں سید مشکور گیلانی نے کہا کہ بی کیو آر فرینڈز کلب کا وسیع تر وژن بھی معاشرتی ناہمواریوں کے خاتمے اور خدمتِ خلق کے جذبے کو فروغ دینا ہے تنظیم کی کوشش ہے کہ ایسے اقدامات کیے جائیں جن سے معاشرے کے محروم اور پسے ہوئے طبقات کی خوشیوں کی بحالی ممکن ہو اور انہیں عزت ووقار کے ساتھ معاشرے کا فعال حصہ بنایا جاسکے بی کیو آر فرینڈز کلب کے ارکان خدمت کے اس جذبے کو عملی شکل دینے کے لیے اپنا کردار ادا کریں گے تاکہ معاشرے میں ایک دوسرے کے دکھ درد بانٹنے اور خوشیوں میں شریک ہونے کی روایت مزید مضبوط ہو سکے

بقیہ سحر 49

ملک وقوم کی خدمت کے لیے خود کو تیار کریں۔ ریجنل آفیسر نے اس عزم کا اظہار بھی کیا کہ پنجاب ہائی وے پٹرول راولپنڈی ریجن اپنے افسران کی فلاح و بہبود کے ساتھ ساتھ ان کے بچوں کی حوصلہ افزائی اور تعلیمی کامیابیوں کو بھی قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ ایسے اقدامات کا مقصد نہ صرف ہونہار طلباء کی حوصلہ افزائی کرنا ہے بلکہ دیگر بچوں میں بھی تعلیم کے حصول، محنت اور نمایاں کارکردگی کا جذبہ پیدا کرنا ہے۔ تقریب کے اختتام پر ایس پی غازی فیصل سلیم نے تمام کامیاب طلباء و طالبات اور ان کے والدین کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ کامیابی ان کے روشن مستقبل کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ تمام بچوں کو مزید کامیابیاں عطا فرمائے، انہیں اپنی تعلیم میں اعلیٰ مقام حاصل کرنے کی توفیق دے اور انہیں مستقبل میں ملک وقوم کی خدمت کا بہترین ذریعہ بنائے۔ پنجاب ہائی وے پٹرول راولپنڈی ریجن اپنے ہونہار اور باصلاحیت بچوں کی کامیابیوں پر فخر محسوس کرتا ہے اور ان کی مزید کامیابیوں کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتا ہے۔

بقیہ سحر 50

کیے جائیں۔ پاکستان مرکزی مسلم لیگ سیالکوٹ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ حرمین شریفین کی حرمت وتقدس کے تحفظ کے لیے عوامی شعور بیدار کرنے اور پرامن احتجاج کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا

بقیہ سحر 51

اتحاد کے لیے اپنا موثر کردار ادا کریں۔ سعودی عرب کی سلامتی اور حرمین شریفین کے تحفظ کے لیے بھرپور حمایت کا اظہار کیا۔

بقیہ سحر 52

کاموں میں اعلیٰ معیار کو ہر صورت یقینی بنایا جائے اور شہریوں کو بہتر، مؤثر اور پائیدار نکاسی آب کی سہولیات کی فراہمی پر خصوصی توجہ دی جائے

بعدالت جناب نعیم علی صاحب سول جج درجہ اول لاہور

درخواست: (2)12 ضابطہ دیوانی

عنوان: روشینہ کوکب وغیرہ بنام نویدہ سلیم بٹ وغیرہ

اخبار اشتہار بنام نایاب سلیم دختر سلیم اللہ بٹ سکنہ مکان نمبر 4 گلی نمبر 1 محلّہ آصف بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا مشکل ہے بذریعہ اشتہار اخبار مدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کی وہ عدالت ہذا میں بتقرر 28 ستمبر 2026 بوقت 8 بجے عدالت ہذا میں پیش ہوں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

Cr..Anwar

اہم عوامی پیشگی اطلاع

میں عمران احمد بٹ ولد غلام عباس بٹ، ساکن اصغر کالونی، کھاریاں سٹی، ضلع گجرات، بذریعہ ہذا عوام الناس اور متعلقہ حکام کو پیشگی اطلاع دیتا ہوں کہ میری سابقہ اہلیہ مسما ؟ مدیحہ اعجاز سے میری ازدواجی علیحدگی/ طلاق مورخہ 30-05-2024 کو مؤثر ہوئی، جس کی بناء پر مسٹر اعجاز احمد بھٹی (میرے سابق سسر)، ڈاکٹر عمر اعجاز اور عمیر اعجاز (میرے سابق برادرانِ نسبتی) اور مظہر حسین بھٹی (میری سابقہ اہلیہ کے چچا) مجھ سے رنجش رکھتے ہیں۔ مذکورہ اشخاص متعدد مرتبہ براہِ راست اور بذریعہ مختلف اشخاص مجھے سنگین نتائج کی دھمکیاں دے چکے ہیں، جن میں جان سے مارنے، میرے خلاف جھوٹے ومن گھڑت مقدمات درج کروانے اور دیگر قانونی وجانی نقصان پہنچانے کی دھمکیاں شامل ہیں۔ مذکورہ دھمکیوں کے باعث مجھے اپنی جان، مال، عزت اور آزادی کے متعلق شدید خدشات لاحق ہیں اور مجھے معقول اندیشہ ہے کہ مذکورہ اشخاص سابقہ رنجش کی بناء پر کسی بھی وقت میرے خلاف کوئی غیر قانونی یا ناخوشگوار کارروائی کر سکتے ہیں۔

لہٰذا یہ پیشگی اطلاع بطور حفاظتی ریکارڈ متعلقہ حکام اور عوام الناس کے علم میں لائی جارہی ہے کہ خدانخواستہ آئندہ میرے یا میرے اہلِ خانہ کے ساتھ کوئی جانی یا مالی نقصان، حملہ، تشدد، اغواء، ہراسانی، دھمکی یا دیگر ناخوشگوار واقعہ پیش آئے، یا میرے خلاف کسی قسم کا جھوٹا، بے بنیاد یا من گھڑت مقدمہ درج کروانے یا قانونی کارروائی عمل میں لانے کی کوشش کی جائے، تو مذکورہ بالا اشخاص کی سابقہ دھمکیوں اور رنجش کو پیش نظر رکھتے ہوئے ان کے اور دیگر ذمہ داران کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے۔

Cr..Afzal

بقیہ سحر 1

نے مزید بتایا کہ کوہاٹ پولیس لائنز کی مسجد پر دھماکے کے بعد 7 مسلح دہشتگردوں نے پولیس لائنز میں دراندازی کی، پولیس اور سی ٹی ڈی نے دہشتگردوں کا بھرپور مقابلہ کیا، ابتدا میں دہشتگردوں کے سنائپر کو جہنم واصل کر دیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ پولیس لائنز کے احاطے میں پولیس اور سی ٹی ڈی کا فتنہ الخوارج سے مقابلہ جاری ہے، اب تک خودکش حملہ آور سمیت 7 دہشت گرد جہنم واصل کیے جا چکے ہیں، کلیئرنس آپریشن آخری مراحل میں داخل ہو چکا ہے۔

بقیہ سحر 2

کے دوران ہلاک فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں سے بھاری اسلحہ و گولہ بارود برآمد ہوا۔ سکیورٹی فورسز کی ضلع کچھی کے علاقہ قیدھاڈر میں کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی کے دوران 2 دہشت گرد مارے گئے، متعدد دہشت گردوں کے زخمی ہونے کی بھی اطلاعات ہیں۔ سکیورٹی فورسز بلوچستان میں دہشت گردوں کے مکمل خاتمے اور امن وامان کے قیام کیلئے کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہیں۔ دوسری طرف آئی ایس پی آر کا کہنا ہے کہ شمالی وزیرستان میں خوارج کی موجودگی کی اطلاع پر سکیورٹی فورسز نے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا، کارروائی کے دوران فورسز نے خوارج کے ٹھکانے کو مؤثر انداز میں نشانہ بنایا اور شدید فائرنگ کے تبادلے کے بعد 6 خوارج کو ہلاک کر دیا۔

بقیہ سحر 3

سفارتی اور عملی طور پر مکمل کھڑا ہے اور اس کا عزم مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ سمیت دونوں مقدس ترین مقامات کے تحفظ تک پھیلا ہوا ہے۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف نے کہا کہ ہم کسی بھی حد تک جائیں گے اور سعودی عرب کو کسی بھی جارحیت کے خلاف دفاع فراہم کرتے رہیں گے، سعودی سلامتی کے لئے پاکستان کا عزم غیر مشروط ہے اور دونوں ممالک کے عوام، افواج اور قیادت کے درمیان تاریخی تعلقات اس کی بنیاد ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان سعودی قیادت سے مسلسل رابطے میں ہے اور خطے کی حکومتوں سے مشاورت کے ذریعے مذاکرات اور پرُامن حل کی کوشش کر رہا ہے۔ انہوں نے اسلام آباد مفاہمتی یادداشت کو موجودہ پیچیدہ فوجی صورتحال سے نکلنے کے لئے واحد حقیقی راستہ قرار دیتے ہوئے کہا پاکستان واشنگٹن اور تہران کو دوبارہ مذاکرات کی میز پر لانے کے لئے مشترکہ بنیاد تلاش کر رہا ہے۔

بقیہ سحر 4

جاری بیان کے مطابق ملاقات میں بات چیت کا محور پاکستان اور برطانیہ کے تعلقات، نائب وزیراعظم کے اگست 2026 کے دورہ برطانیہ اور باہمی دلچسپی کے امور پر تعاون مزید مستحکم بنانا تھا۔ نائب وزیراعظم نے اعلیٰ سطح کی پائیدار بات چیت کی اہمیت اور عالمی اور علاقائی امور پر ہونے والی باہمی دلچسپی کی پیش رفت پر روشنی ڈالی۔

بقیہ سحر 5

کی ہے۔ وزیراعظم آفس میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق یکم جنوری 2006 کے بعد رجسٹرڈ تمام موٹر سائیکلیں، رکشے، چنگ چی وزیراعظم فیول ریلیف سکیم میں رجسٹریشن کے لیے اہل ہوں گے، وزیراعظم فیول ریلیف سکیم سے اب 20 سال پرانی موٹر سائیکلیں، رکشے، چنگ چی چلانے والے بھی مستفید ہو سکیں گے

بقیہ سحر 6

دارالحکومت اسلام آباد یا کسی دوسرے صوبے پر دھاوا بولا جائے۔ انہوں نے کہا کہ تمام قانون نافذ کرنے والے اداروں کو بہت وضاحت کے ساتھ ہم نے بتا دیا ہے کہ اگر کوئی بھی نکلنے کی کوشش کرتا ہے اور اسلام آباد ہائی کورٹ کے فیصلے کی خلاف ورزی کرتا ہے تو توہین عدالت پر جائیں گے۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کا حوالہ دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ فیصلے کی خلاف ورزی پر توہین عدالت کے لیے عدالت سے رجوع کریں گے، دوسرے نمبر پر ہم ان کو ہر ممکن طریقے سے روکیں گے، ماضی میں ہمارے بہت زیادہ نقصان ہوتے رہے ہیں اور دوسری طرف سے اسلحہ استعمال کیا گیا ہے۔ محسن نقوی نے کہا کہ سوشل میڈیا پر بات ہو رہی ہے کہ مخصوص قبائل کے لوگ آ رہے ہیں

بقیہ سحر 7

کرتے ہوئے کہا ہے کہ فتنہ الخوارج اور بیرونی پشت پناہی میں سرگرم دہشت گردوں کا مکمل خاتمہ قومی سلامتی کے لیے ناگزیر ہے۔ جمعہ کو ایوان صدر کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے دھماکے میں زخمی ہونے والے افراد کی جلد صحت یابی کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا ہے۔

بقیہ سحر 8

آباد کے شہریوں کے بنیادی حقوق کی خلاف ورزی آئین کی خلاف ورزی تصور ہوگی۔ جمعہ کو عدالت کی جانب سے جاری کردہ 37 صفحات پر مشتمل حکم نامے کے مطابق ایسی سرگرمی جس سے بنیادی حقوق متاثر ہوں وہ آئین کی خلاف ورزی تصور ہوگی۔ عدالتی حکم نامے میں لکھا کہ اسلام آباد کے شہریوں کے بنیادی حقوق کی خلاف ورزی آئین کی خلاف ورزی تصور ہوگی، ذمے دار افراد کو قانون کے مطابق قانونی کارروائی کا سامنا کرنا ہوگا۔ عدالتی حکم نامے کے مطابق کسی بھی سیاسی جماعت کو شاہراہیں اور راستے بند کرنے کا کوئی قانونی حق نہیں، صوبائی حکومتیں اسلام آباد مارچ کے لیے سرکاری وسائل اور فنڈز کا استعمال نہ کریں، سرکاری گاڑیوں اور مشینری کو لانگ مارچ کی سہولت کے لیے استعمال کرنے پر مکمل پابندی ہے۔ عدالتی حکم نامے میں لکھا کہ غیر قانونی احکامات کی صورت میں سرکاری ملازمین کے لیے فوری ہیلپ لائن قائم کی جائے۔ عدالتی حکم نامے کے مطابق عدالتی احکامات کی خلاف ورزی اور شہریوں کے حقوق متاثر کرنے والوں کے خلاف کارروائی ہوگی، سرکاری عہدہ رکھنے والا اگر آئین وقانون کی خلاف ورزی کرے تو وہ اپنے حلف سے انحراف کا مرتکب ہوگا۔ عدالتی حکم نامے میں لکھا کہ سرکاری عہدیدار کی وجہ سے بنیادی حقوق متاثر ہوئے تو اسے حلف کی خلاف ورزی تصور کیا جائے گا، آئین اور قانون کی خلاف ورزی پر ذمے دار سرکاری افراد کو نتائج کا سامنا کرنا ہوگا۔

بقیہ سحر 9

مریم نواز شریف نے نشتر ہسپتال میں کوابلیشن سینٹر کا دورہ کیا اور مشین کا جائزہ لیا- وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پیٹ- سی ٹی سائیکلوٹرون سنٹر کا دورہ کیا- سائیکلوٹرون مشین کے پروسیجر کا معائنہ کیا اور ریڈیو فارماسیوٹیکل پروڈکشن لیب، فارمیسی ہاٹ لیب کا دورہ کیا- وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے نشتر ہسپتال میں 100 بیڈ پر مشتمل کینسر سنٹر کا بھی دورہ کیا-

بقیہ سحر 10

منصوبوں کی منظوری دیتے ہوئے پنڈی بھٹیاں تا فیصل آباد (ایم فور) کو 4 سے 6 لین کرنے کا منصوبہ ہر صورت 15 دسمبر تک مکمل کرنے کی ہدایت جاری کر دی۔ یہ ہدایت وفاقی وزیر مواصلات کی زیر صدارت این ایچ اے کے اجلاس میں کی گئی۔ اجلاس میں اہم فیصلوں کی منظوری دی گئی۔ وفاقی وزیر مواصلات نے بتایا کہ لودھراں ملتان ایکسپریس وے پر تعمیراتی کام تیزی سے جاری ہے جبکہ جی ٹی روڈ (این 5) لالہ موسیٰ بائی پاس کا ابتدائی کام شروع کر دیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ دریائے ستلج پر بابا فرید پل کی بحالی پر جلد کام شروع ہوگا اور جنوبی پنجاب میں لیہ اور تونسہ پلوں کو قومی شاہراہوں سے جوڑا جائے گا۔ وفاقی وزیر نے ہدایت کی کہ این 5 پھول نگر انٹرچینج کی معیاری تعمیر یقینی بنائی جائے اور مری اسلام آباد ایکسپریس وے کو ماڈل بنا کر تمام نئی شاہراہوں پر جدید لائٹس، معیاری ریسٹ ایریاز اور پیدل چلنے والوں کے لیے محفوظ گزرگاہیں تعمیر کی جائیں۔ انہوں نے زور دیا کہ سرکاری فنڈز کے ایک ایک پیسے کا حساب رکھا جائے گا اور ضیاع برداشت نہیں کیا جائے گا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ تعمیراتی کاموں کے دوران ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے لیے متعلقہ ڈی آئی جی موٹر ویز ذمہ دار ہوں گے۔ چیئرمین این ایچ اے کو تمام تفویض کردہ ٹاسکس پر جلد تفصیلی رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی گئی۔

بقیہ سحر 11

والے دھماکے کی شدید مذمت کرتے ہوئے قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی کے ذریعے ملک کے امن کو تباہ کرنے کی کوششیں ناکام ہوں گی۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے شہدا کے درجات کی بلندی اور مغفرت کے لیے دعا کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ سوگوار خاندانوں کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ انہوں نے زخمی افراد کی جلد اور مکمل صحتیابی کے لیے بھی دعا کی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ دہشت گردی کے ذریعے ملک کے امن کو تباہ کرنے کی کوششیں ناکام ہوں گی۔ انہوں نے دہشت گردی کے خلاف سکیورٹی فورسز کی جدوجہد اور قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ فتنہ الخوارج کے خلاف قومی جدوجہد میں پوری قوم سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ خالد حسین مگسی نے کہا کہ دہشت گردی کے واقعات ہمارے بہادر پولیس اور سکیورٹی اہلکاروں کے عزم کو شکست نہیں دے سکتے، قوم امن واستحکام کے لیے سکیورٹی فورسز کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔

بقیہ سحر 12

دنیا مشکلات کا شکار ہوئی ہے، حکومت نے اس صورتحال کا ادراک کرتے ہوئے موٹر سائیکل، چنگچی اور 800 سی سی گاڑیوں کے مالکان کو ریلیف فراہم کرنے کیلئے اقدامات کئے ہیں، فیول ریلیف سکیم کے حوالے سے کسی بھی قسم کی کوئی رکاوٹ نہیں ہے

بقیہ سحر 13

عالم دین مولانا شعیب اور یوتھ پارلیمنٹ کے صدر و پی ایس ایف کے رہنما عثمان اعوان نے مسلم لیگ کے سینئر نائب صدر و وفاقی وزیر برائے اوورسیز پاکستانیز اینڈ ہیومن ریسورس ڈویلپمنٹ چوہدری سالک حسین سے ملاقات کی اور مسلم لیگ میں باقاعدہ شمولیت کا اعلان کیا۔ اس موقع پر مسلم لیگ کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات و ترجمان غلام مصطفیٰ ملک، صوبائی صدر گلگت بلتستان دلفراز خان اور دیگر رہنما بھی موجود تھے۔ مولانا شعیب اور عثمان اعوان نے کہا کہ مسلم لیگ محبّ وطن جماعت ہے، چوہدری شجاعت حسین کی وضع داری، رواداری اور قومی مسائل کے حل کے لیے سیاسی کردار سے متاثر ہو کر مسلم لیگ میں شمولیت کا فیصلہ کیا ہے۔

بقیہ سحر 14

پاورٹی ایلیویشن فنڈ کے زیر اہتمام بلوچستان سینٹر آف ایکسی لنس آن کاؤنٹرنگ وائیلنٹ ایکسٹریمزم کے تعاون سے سول سوسائٹی کی تنظیموں کے ساتھ منعقدہ اعلیٰ سطحی سیشن سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ غیر سرکاری تنظیموں کا بلوچستان کی ترقی، خوشحالی اور تعمیر میں اہم کردار ہے، نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں میں شامل کرنا ہوگا جبکہ حکومت پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت آگے بڑھے گی۔ وفاقی وزیر قومی ورثہ و ثقافت نے کہا کہ انہیں دورہ کوئٹہ کے دوران مختلف مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد سے گفتگو کا موقع ملا ہے۔ صوبائی حکومت عوام کی بھرپور خدمت کر رہی ہے اور اس نے بلوچستان کا مقدمہ بہتر انداز میں دنیا کے سامنے پیش کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی وزارت قومی ورثہ وثقافت کے لئے پاکستان کی تمام اکائیوں کی ثقافت اور ورثہ اہمیت رکھتے ہیں۔ صوبائی حکومت مہرگڑھ کے تاریخی مقامات کو مزید ترقی دے، آئندہ سال مہرگڑھ کو عالمی ورثے میں شامل کرانے کیلئے جدوجہد کی جائے گی۔ بلوچستان کے تاریخی مقامات کے تحفظ اور فروغ کیلئے صوبائی محکمہ آرکائیوز کے ساتھ تعاون کیا جائے گا۔ وفاقی وزیر اورنگزیب خان کھچی نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کے شکر گزار ہیں کہ انہوں نے بلوچستان میں دانش سکولز کے قیام کا سلسلہ شروع کیا ہے۔

بقیہ سحر 15

رہا ہے، مالیاتی استحکام، بیرونی شعبے کے استحکام، مہنگائی، قرضوں کے انتظام اور عالمی مالیاتی منڈیوں تک دوبارہ رسائی کے شعبوں میں نمایاں پیش رفت ہوئی ہے، مالیاتی استحکام کے ساتھ یہ اقدامات مجموعی خودمختار مالیاتی پوزیشن کو مضبوط بنا رہے ہیں اور پاکستان کے معاشی مستقبل پر اعتماد میں اضافہ کر رہے ہیں۔ فاقی وزیر خزانہ ومحصولات، سینیٹر محمد اورنگزیب نے جے پی مورگن کی ایمرجنگ اینڈ فرنٹیئر مارکیٹس مواقع کانفرنس میں منعقدہ خصوصی نشست سے خطاب کیا

بقیہ سحر 16

اربن فلڈنگ کے انتظام کیلئے پیشگی اور مربوط حکمت عملی کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ بارشوں اور سیلاب کے بعد کے روایتی ردعمل سے نکل کر پائیدار اور طویل مدتی شہری تحفظ کی منصوبہ بندی کی جانب بڑھنا ہوگا۔ وہ این ڈی ایم اے کے زیر اہتمام اربن فلڈنگ سے نمٹنے کے لیے پائیدار اقدامات، وژن :2027 بارشوں اور سیلاب سے آگے کے عنوان سے منعقدہ سیمینار کی اختتامی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔

بقیہ سحر 17

نے بتایا کہ شفافیت اور فوری ریلیف کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے خصوصی کنٹرول روم قائم کیا گیا ہے جہاں سے 24 گھنٹے ملک بھر میں رئیل ٹائم مانیٹرنگ کی جا رہی ہے۔ عوام کی رہنمائی اور مزید معلومات کیلئے سرکاری پورٹل pmfuelrelief.pk فعال ہے جہاں سے شہری معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

بقیہ سحر 18

جانوں کے ضیاع پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ اپنے بیان میں چیئرمین سینیٹ نے دھماکے میں شہید ہونے والے افراد کے درجات کی بلندی اور ان کے اہلِ خانہ کے لیے صبرِ جمیل کی دعا کرتے ہوئے لواحقین سے دلی ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار کیا۔

بقیہ سحر 19

لنک کی بحالی جاری ہے۔ وزیراعظم ٹاسک فورس کی اصلاحات کے تحت ریلوے اور بندرگاہی انفرااسٹرکچر بہتر بنا کر کارگو ترسیل مؤثر بنانے کے اقدامات جاری ہیں۔ کراچی پورٹ ٹرسٹ اور پپری ریلوے لنک کی بحالی کے منصوبے کے تحت 52 کلومیٹر طویل مخصوص ڈوئل ٹریک ریلوے لائن تعمیر کی جائے گی۔ منصوبے کے تحت 25 بڑے ریلوے و سڑکوں کے پل اور 6 فلائی اوورز و گریڈ سیپریٹرز تعمیر کیے جائیں گے۔ منصوبے میں 100 فیصد حفاظتی باڑ اور حفاظتی انتظامات کے ساتھ جدید مرکزی خودکار سگنلنگ نظام بھی شامل ہے۔ 1.5 کلومیٹر مخصوص ریلوے لنک کے ذریعے لاجسٹکس پارک کو کراچی پورٹ اور پورٹ قاسم سے منسلک کیا جائے گا۔ بندرگاہوں سے کنٹینرز ریلوے کے ذریعے لاجسٹکس پارک لا کر ٹریلرز سے اپ کنٹری بھیجے جائیں گے۔

بقیہ سحر 20

اور ان اہم معاملات پر بریفنگ دی جن پر مسلسل توجہ درکار ہے۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ نے ان شعبوں میں تسلسل اور مستقل رفتار کار کو یقینی بنانے کی اہمیت پر زور دیا۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ نے وزارت کے سینئر افسران کو ہدایت کی کہ وہ قریبی رابطہ کاری برقرار رکھیں، جاری سرگرمیوں اور ترجیحات پر مؤثر پیروی کو یقینی بنائیں اور پاکستان کے خارجہ پالیسی مقاصد اور قومی مفادات کو آگے بڑھانے پر واضح توجہ کے ساتھ امور کار انجام دیں۔

بقیہ سحر 21

۔اسلام آباد بار ایسوسی ایشن نے وکلا ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کی گرفتاری پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے 19 ستمبر 2026 کو وفاقی دارالحکومت کی تمام عدالتوں کے مکمل بائیکاٹ کا اعلان کر دیا ہے۔ بار ایسوسی ایشن نے اپنے مؤقف میں کہا کہ سپریم کورٹ کے حکم پر ضمانت ملنے کے باوجود ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کی دوبارہ گرفتاری عدالتی کارروائی کی حرمت کے منافی ہے۔ سپریم کورٹ نے 17 ستمبر کو دونوں کی سزائیں معطل کرتے ہوئے ضمانت منظور کی تھی، جس کے چند گھنٹوں بعد انہیں ایک دوسرے مقدمے میں دوبارہ گرفتار کیا گیا۔

بقیہ سحر 22

مشتمل لارجر بینچ نے پی ٹی آئی کے 27 ستمبر کے ممکنہ لانگ مارچ کے خلاف تاجر وقاص احمد کی درخواست پر تحریری فیصلہ جاری کر دیا، مختصر فیصلہ 14 ستمبر کو جاری کیا تھا۔ عدالت نے کہا ہے کہ سیاسی جماعتوں کو پرُامن اجتماع اور سیاسی اختلاف کا آئینی حق حاصل ہے، شہریوں کے جان، آزادی، عزت، آزادانہ نقل وحرکت اور کاروبار کے حقوق بھی آئینی ہیں، سیاسی احتجاج کے حق اور شہریوں کے بنیادی حقوق میں آئینی توازن ضروری ہے، سیاسی جماعت کا احتجاج کا حق آئین اور قانون کے تابع ہے، سوال یہ بھی ہے ہائیکورٹ قبل از وقت سیاسی احتجاج کے معاملے میں کس حد تک مداخلت کر سکتی ہے؟ اسلام آباد میں آئینی اداروں کے معمول کے کام کا تسلسل بھی بنیادی اہمیت رکھتا ہے، شہریوں کو اسپتالوں، تعلیمی اداروں اور عدالتوں تک رسائی کا حق حاصل ہے۔ عدالت نے کہا کہ آئین کا آرٹیکل 15 شہریوں کو پاکستان میں آزادانہ نقل وحرکت کا حق دیتا ہے، آرٹیکل 16 کے تحت شہریوں کو پرُامن اور بغیر اسلحہ اجتماع کا حق بھی حاصل ہے، اجتماع پر پابندی صرف قانون کے تحت اور مفادِ عامہ میں معقول حد تک عائد کی جا سکتی ہے آرٹیکل 17 شہریوں کو انجمنیں اور یونینز بنانے کا حق دیتا ہے، آزادیِ اجتماع پر پابندیاں عوامی نظم وضبط کے مفاد میں قانون کے تحت عائد کی جا سکتی ہیں۔ تاریخ کتابیں دریافت کریں

بقیہ سحر 23

پلاٹس کا قبضہ فراہم کرنے اور زیر التواء منصوبوں کی تکمیل کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کیے جائیں گے، ویٹنگ لسٹ میں موجود الاٹیز کے لیے نئی ہاؤسنگ اسکیمیں متعارف کرانے پر بھی کام جاری ہے۔ انہوں نے یہ بات جمعہ کو وزارت ہاؤسنگ و تعمیرات میں فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی (ایف جی ای ایچ اے) کے ایگزیکٹو بورڈ کے 52 ویں اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔

بقیہ سحر 24

گئیں، اسٹیبلشمنٹ ڈویژن نے نوٹیفکیشن جاری کر دیا

بقیہ سحر 25

عطاء اللہ تارڑ نے وفد کو ڈیجیٹل کمیونیکیشن ڈیپارٹمنٹ کے مختلف شعبوں، دائرہ کار اور امور کار پر تفصیلی بریفنگ دی۔ وفد کے ارکان سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ ڈیجیٹل پلیٹ فارمز عوام تک بروقت معلومات پہنچانے اور موثر ابلاغ میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گمراہ کن مواد، پروپیگنڈے اور منفی مہمات کی مؤثر روک تھام ڈیجیٹل کمیونیکیشن ڈیپارٹمنٹ کی ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومتی اقدامات اور قومی اہمیت کے امور سے متعلق درست معلومات عوام تک پہنچانے کے لئے ڈیجیٹل ذرائع کا مؤثر استعمال ضروری ہے۔ وزیر آباد پریس کلب کے وفد نے ڈیجیٹل کمیونیکیشن کے شعبے میں وزارت اطلاعات کی سرگرمیوں اور اقدامات کو قابل تحسین قرار دیا۔ وفد کو ڈیجیٹل کمیونیکیشن کے شعبے میں وزارت اطلاعات کی جانب سے اٹھائے گئے مختلف اقدامات اور پیش رفت سے بھی آگاہ کیا گیا۔

بقیہ سحر 26

فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ریلوے کا سفر سادہ اور پرسکون ہے اسے مزید بہتر بنانے کی ضرورت ہے۔ ٹرین کا سفر بہت محفوظ ہے، عوام کو چاہئے کہ وہ گاڑیوں اور بسوں کی بجائے ٹرین میں سفر کو ترجیح دیں۔ ٹرین کے سفر سے ٹریفک حادثات کے ساتھ ساتھ آلودگی پر بھی قابو پایا جا سکتا ہے۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ یہ بڑی خوش آئند بات ہے کہ حکومت وقت کے ساتھ ساتھ ٹرین کے سفر کو معیاری اور عصری تقاضوں کے مطابق آرام دہ بنانے کے لئے بھرپور اقدامات اٹھا رہی ہے۔ اس موقع پر آئی جی ریلوے فخر سلطان نے کہا کہ ریلوے پولیس عوام کی جان و مال کی حفاظت کے ہر وقت کوشاں ہے۔ علاوہ ازیں، گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کوہاٹ پولیس لائنز کے قریب ہونے والے دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ گورنر پنجاب نے دھماکے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔

بقیہ سحر 27

تحسین پیش کیا ہے۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ فتنہ الخوارج کے خلاف کامیاب کارروائیاں سکیورٹی فورسز کے غیر متزلزل عزم، پیشہ ورانہ مہارت اور جرات کی عکاس ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سکیورٹی فورسز نے دہشتگردی کے خاتمے اور ملک کے امن وسلامتی کے تحفظ کے لیے بے مثال قربانیاں پیش کی ہیں۔

بقیہ سحر 28

بینک آف پاکستان کے زرمبادلہ کے ذخائر 11 ستمبر 2026 کو 21.4 ارب ڈالر تک پہنچ گئے ہیں، انہوں نے کہا کہ 23، 2022 کے مشکل حالات کے مقابلہ میں زرمبادلہ کی موجودہ سطح میں کئی گنا اضافہ ہوا ہے جبکہ درآمدات کے لیے دستیاب زرمبادلہ کا کور بھی بحران کے وقت صرف دو ہفتوں سے بڑھ کر اب تین ماہ سے زیادہ ہو گیا ہے۔

بقیہ سحر 29

خطے کی صورت حال پر تبادلہ خیال کیا گیا دفتر خارجہ کے مطابق ترکیہ کے سفیر عرفان سے خطے کی صورت حال پر بات کرتے ہوئے نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے کہا کہ مسائل کے حل اور پائیدار امن کے لیے مذاکرات اور سفارتکاری ہی واحد قابل عمل راستہ ہیں۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق اس ملاقات میں پاکستان، ترکیہ کے درمیان دوطرفہ تعاون مزید بڑھانے پر بات چیت ہوئیں

بقیہ سحر 30

کر دیا گیا۔ عدالت نے رجسٹرار کی تعیناتی کا عمل جاری رکھنے کا حکم دیتے ہوئے حتمی احکامات جاری کرنے سے روک دیا۔

بقیہ سحر 31

دیا۔ انہوں نے کہا کہ زرمبادلہ کے ذخائر 21.4 ارب ڈالر تک پہنچنا معاشی ٹیم کی دن رات محنت اور درست سمت میں کئے گئے اقدامات کا ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ترسیلاتِ زر اور سروسز کی برآمدات میں نمایاں بہتری، کرنٹ اکاؤنٹ کی بہتر صورتحال اور مالیاتی نظم وضبط نے زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافے میں اہم کردار ادا کیا، بین الاقوامی کیپیٹل مارکیٹس تک پاکستان کی دوبارہ کامیاب رسائی بھی ملکی معیشت پر عالمی اعتماد کی بحالی کا مظہر ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافہ نہ صرف ملکی بیرونی ادائیگیوں کی صلاحیت کو مضبوط بنائے گا بلکہ عالمی معاشی مشکلات کا مقابلہ کرنے کی ہماری استعداد بھی کئی گنا بڑھائے گا۔ شہباز شریف کا کہنا تھا کہ مستحکم معاشی پوزیشن ملک میں بیرونی اعتماد، سرمایہ کاری اور پائیدار معاشی ترقی کے نئے دروازے کھولے گی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے وزیر خزانہ محمد اورنگزیب، گورنر سٹیٹ بینک، حکومت کی معاشی ٹیم اور بالخصوص بیرون ملک پاکستانی عوام کو اس اہم کامیابی پر خراجِ تحسین پیش کیا۔۔

بقیہ سحر 32

مریم نواز شریف نے کہا کہ پاکستان کی ''آٹوموٹیو'' صنعت صنعتی ترقی، سرمایہ کاری اور روزگار کا اہم ذریعہ ہے - پنجاب حکومت مقامی پیداوار، سرمایہ کاری، ٹیکنالوجی اور جدت کے فروغ کے لیے پرعزم ہے۔

بقیہ سحر 33

کارروائیاں دہشت گردی کے خلاف قوم کے پختہ عزم کو کبھی کمزور نہیں کر سکتیں۔ اپنے بیان میں وزیر داخلہ نے دھماکہ کے نتیجے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے شہدا کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کی۔ انہوں نے زخمیوں کی جلد اور مکمل صحت یابی کے لئے دعا بھی کی۔ محسن نقوی نے اپنے بیان میں کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں پوری قوم شہدا کے خاندانوں کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ خوارجیوں کی بزدلانہ کارروائیاں دہشت گردی کے خلاف قوم کے پختہ عزم کو کبھی کمزور نہیں کر سکتیں۔

بقیہ سحر 34

اسمبلی میں مصنوعی ذہانت پر مبنی ایک خصوصی پلیٹ فارم قائم کیا جائے، جس کے ذریعے اسمبلی کے ریکارڈ اور پارلیمانی معلومات تک اے آئی کی مدد سے رسائی ممکن ہو۔ سپیکر ملک محمد احمد خاں نے کہا کہ ٹیکنالوجی کا استعمال صرف ڈیجیٹلائزیشن تک محدود نہیں ہونا چاہیے بلکہ اسے مؤثر گورننس، شفافیت، عوامی سہولت اور بہتر پارلیمانی خدمات کیلئے بروئے کار لایا جانا چاہیے۔

بقیہ سحر 35

میں 7 فیصد اضافے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ پچھلے 7 دن میں ڈیزل کی قیمت میں فی لیٹر 26 روپے 88 پیسے اضافہ ہوا ہے۔ ملک شہزاد نے کہا کہ پچھلے ایک ہفتے میں پیٹرول کی قیمت میں فی لیٹر 20 روپے اضافہ کیا گیا۔ دوسری جانب گڈز ٹرانسپورٹ کے کرائے بڑھائے جانے سے اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں مزید اضافے کا خدشہ ہے۔ واضح رہے کہ حکومت نے گزشتہ روز ڈیزل کی قیمت میں 3 روپے 47 پیسے اضافہ کیا ہے جس کے بعد ڈیزل کی نئی قیمت 424 روپے 92 پیسے فی لیٹر ہو گئی ہے۔

بقیہ سحر 36

کے بجائے تحریری جواب لینے کا فیصلہ کر لیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق جوڈیشل کمیشن نے گزشتہ روز کی سماعت کا حکم نامہ جاری کر دیا ہے جس میں کہا گیا کہ کمیشن نے کارروائی کے دوران سابق تفتیشی افسر شبیر لغاری کا بیان ریکارڈ کیا اور میر رضا کے بزنس پارٹنر احمد کا موقف بھی سنا۔ حکم نامے میں کہا گیا کہ احمد نے میر رضا کے اہل خانہ سے ملاقات کر کے بات کرنے کے لیے وقت مانگا، اہلخانہ سے گفتگو کے بعد احمد مزید کچھ کہنا چاہے تو حلف نامے کے ذریعے مقف پیش کر سکتا ہے، حلف نامے کے ذریعے دیا گیا بیان بھی عوام کے لیے دستیاب ہوگا۔ حکم نامے کے مطابق تھانہ فیروز آباد اور گلستانِ جوہر کے روزنامچے سیل شدہ حالت میں کمیشن کو ملے، بدقسمتی سے روزنامچے سے متعلق گواہان کے بیانات پہلے ہی ریکارڈ کیے جا چکے تھے۔ حکم نامے میں کہا گیا کہ روزنامچے اسی حالت میں سندھ حکومت کے فوکل پرسن کو واپس کر دیے گئے، کمیشن نے نجی بینک کے سی ای او اور ڈویژن سربراہ کو تعاون کرنے پر سراہا ہے۔

بقیہ سحر 37

طور پر معطل یا نظر انداز کرنا سنگین قانونی سوالات پیدا کرتا ہے، ثالثی عدالت اور غیر جانبدار ماہر کا طریقہ کار تنازعات کے حل کے دو الگ راستے ہیں، پاکستان سندھ طاس معاہدے کے تحت دستیاب قانونی راستوں کا جائزہ لے رہا ہے۔ رہنما پیپلز پارٹی نے کہا کہ ہم تنازع کا پرُامن حل چاہتے ہیں، پانی کسی نئے تنازع کا سبب نہیں بننا چاہیے، پاکستان جنوبی ایشیاء سے آگے علاقائی استحکام میں کردار ادا کر رہا ہے۔ شیری رحمان نے کہا کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کا دفاعی تعاون کسی مخصوص ملک کے خلاف نہیں، پاکستان تنازع کے بجائے باہمی مفاد اور علاقائی تعاون کو ترجیح دیتا ہے

بقیہ سحر 38

حکومت اور عوام کو قومی دن پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ چین نے اقتصادی وسماجی ترقی کے ساتھ عالمی سطح پر امن، تعاون اور مشترکہ ترقی کے پیغام کو بھی فروغ دیا ہے۔ انہوں نے پنجاب اسمبلی کے وفد کے ہمراہ اپنے حالیہ دورہ چین کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ انہیں دیہی علاقوں سے بڑے شہروں اور مختلف اداروں تک چین کے ترقیاتی ماڈل کا مشاہدہ کرنے کا موقع ملا۔

بقیہ سحر 39

پرُامن احتجاج کو ہلکا لیتی ہے۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمان کا کہنا تھا کہ حکومت عوام کو کوئی ریلیف دینے کو تیار نہیں، پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے نے مشکل میں ڈال دیا ہے، پیکیج کے نام پر ریلیف دے کر عوام کو پٹرول پمپس پر لڑوایا جا رہا ہے۔

بقیہ سحر 40

دوسری شادی سے روک رہا تھا۔ پراسیکیوشن نے دلائل میں بتایا کہ ملزمان کی فائرنگ سے زخمی خاتون نے پولیس کو اسپتال میں بیان ریکارڈ کروایا تھا، واقعہ 11 ستمبر 2023 کو تورڈھیر صوابی میں پیش آیا تھا۔ واقعہ کا ٹرائل مکمل ہونے اور جرم ثابت ہونے پر عدالت نے دونوں ملزمان کو عمر قید کی سزا سنا دی۔

بقیہ سحر 41

انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور ان کے لواحقین کو صبرِ جمیل عطا فرمائے اور سکیورٹی فورسز کے جوانوں کو اپنے حفظ وامان میں رکھے۔

بقیہ سحر 42

اینڈ مڈوائفری کونسل کا صدر مقرر کر دیا ہے جس کا باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے۔

بقیہ سحر 43

والے دو مسافروں، میاں بیوی، کے سامان کو مشکوک قرار دیا۔ دونوں مسافر فلائی دبئی کی پرواز 330-FZ کے ذریعے دبئی روانہ ہونے والے تھے۔ اسکریننگ کے دوران مشکوک قرار دیے جانے والے سامان کو تفصیلی جانچ کے لیے منتقل کیا گیا۔

بقیہ سحر 44

اعتراف ہے۔ گرین میس ایوارڈ منزل نہیں بلکہ اس بات کا اعادہ ہے کہ پائیدار ماحول کے لیے مزید اقدامات جاری رکھنا ہوں گے۔ گرین پارلیمنٹ کا سفر اعزاز کے حصول کے لیے نہیں تھا، گرین پارلیمنٹ کا سفر آنے والی نسلوں کے لیے صاف ستھرے ماحول کی فراہمی کے احساس ذمہ داری کے تحت شروع کیا

بقیہ سحر 45

ہنڈی حوالہ کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے دوران کارروائی کرتے ہوئے 3 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔

بقیہ سحر 46

سارک اور دیگر کثیر الجہتی فورمز پر تعاون کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ انہوں نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ پاکستان اور نیپال کے درمیان دوستانہ تعلقات دونوں ممالک اور ان کے عوام کے باہمی مفاد میں آئندہ برسوں میں مزید گہرے اور وسعت پذیر رہیں گے۔

بقیہ سحر 47

انسانی حقوق راجویر سنگھ سوڈھا نے پیش کی۔ ترجمان نے بتایا کہ مراد علی شاہ نے سندھ میں صنفی مساوات کے لیے اصلاحات کا فیصلہ کرتے ہوئے خواتین اور بچیوں کے لیے مساوی مواقع یقینی بنانے پر زور دیا ہے۔ وزیراعلیٰ سندھ نے کہا کہ صنفی مساوات پیپلز پارٹی کی سندھ حکومت کے ترقیاتی ایجنڈے کا اہم حصہ ہے

بقیہ سحر 48

ہوئے کہا ہے کہ کوہاٹ پولیس لائنز دھماکے پر گہری تشویش اور افسوس ہے۔ سینیٹر روبینہ خالد نے کہا کہ دھماکے میں زخمی ہونے والوں کو فوری اور بہترین طبی امداد فراہم کی جائے۔

بقیہ سحر 49

گئے مالی مساوات کے اصول مقامی حکومتوں تک بھی توسیع دیے جائیں۔ ایم کیو ایم نے مطالبہ کیا کہ میٹروپولیٹن شہروں کے لیے ''میٹروپولیٹن سروس برڈن'' کو بھی قومی مالیاتی کمیشن میں وسائل کی تقسیم کا معیار بنایا جائے۔ نسرین جلیل نے کہا کہ مالی اختیارات کی منتقلی وزیراعلیٰ کے دروازے پر ختم نہیں ہونی چاہیے۔

بقیہ سحر 50

ذاتی تجزیے اور نقطہ نظر کے مطابق پڑھتا ہے، شہزاد راٹھور نے اپنی کتاب میں مسئلہ کشمیر کی بہترین وکالت کی ہے۔ افتخار گیلانی نے کہا کہ کشمیری عوام آزادی کا علم اٹھائے 79 سال گزر چکے ہیں، ان کی جدوجہد اور مسئلہ کشمیر کے تاریخی پس منظر کو اجاگر کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ بیرسٹر افتخار گیلانی کا مزید کہنا تھا کہ آپریشن بنیان المرصوص میں پاکستان کو بہترین فتح نصیب ہوئی، جس پر قوم کو فخر ہے۔

بقیہ سحر 51

مزید دلائل طلب کر لیے، عدالت نے سرکاری وکیل اور درخواست گزار کے وکیل کو عدالتی معاونت کی ہدایت کی اور فریقین کو افغان طلباء سے متعلق خارجہ پالیسی پر بھی معاونت کی ہدایت کی ہے۔ جسٹس خالد اسحاق نے نذرانہ بی بی سمیت دیگر افغان ڈاکٹرز کی درخواستوں پر سماعت کی۔ درخواست میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ درخواست گزاروں نے شیخ زید میڈیکل کالج سے میڈیکل کی تعلیم مکمل کی، پی ایم ڈی سی میں بطور ڈاکٹر رجسٹریشن کے لئے درخواست دی گئی، افغان طلباء کے حوالہ سے نئی پالیسی بنیادی حقوق اور عالمی قوانین سے متصادم ہے، پی ایم ڈی سی درخواست گزاروں کی نئی خارجہ پالیسی کی آڑ میں رجسٹریشن نہیں کر رہا۔ استدعا ہے کہ عدالت پی ایم ڈی سی کو ایم بی بی ایس پاس کرنے والوں کی رجسٹریشن کرنے کا حکم دے۔

بقیہ سحر 52

کہ واپڈا ڈیمز سے بجلی 2.70 روپے فی یونٹ کے حساب سے بن رہی ہے جبکہ نجی آئی پی پیز کی لاگت 34 روپے فی یونٹ سے بھی تجاوز کر گئی ہے۔ دستاویزات میں بتایا گیا کہ حکومت کی جانب سے واپڈا کو 34.5 ارب یونٹس کے بدلے 186 ارب روپے کی ادائیگی کی گئی جبکہ نجی آئی پی پیز کو 49.8 ارب یونٹس کے عوض 1040 ارب روپے منتقل کیے گئے، جاری مالی سال میں آئی پی پیز کو کیپیسٹی چارجز کی مد میں 1300 ارب روپے سے زائد کی ادائیگیاں کی گئیں۔ سینیٹ کو فراہم کردہ تفصیلات کے مطابق تربیلا ہائیڈل پاور پروجیکٹ ملک کا سستا ترین ذریعہ ہے جہاں سے بجلی محض 2 روپے 70 پیسے فی یونٹ میں تیار کی جاتی ہے جبکہ منگلا ہائیڈل پاور پروجیکٹ سے 3 روپے 75 روپے فی یونٹ اور تمام ڈیمز کی مجموعی اوسط لاگت 5 روپے 39 پیسے فی یونٹ ریکارڈ کی گئی

بقیہ سحر 53

نہیں ہوتا، ملک اس عفریت کو ختم کرنا ہوگا۔ سابق وزیراعظم کا کہنا تھا کہ صوبائی حکومت اور قانون نافذ کرنے والے ادارے دہشت گردی کے پس پردہ محرکات سامنے لائیں کیونکہ کے پی میں امن وامان کی بگڑتی صورتحال ساری قوم کے لئے لمحہ فکریہ ہے۔ راجہ پرویز اشرف نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی اور اسکی قیادت دھماکہ متاثرین کیساتھ کھڑی ہے۔

بقیہ سحر 54

انتہاپسندی کے ذریعے ملک میں بدامنی اور خوف پھیلانے والے عناصر کسی صورت اپنے مذموم عزائم میں کامیاب نہیں ہو سکتے۔ مرکزی چیئرمین حافظ محمد طاہر محمود اشرفی، مولانا نعمان حاشر، مولانا طاہر اتیل، مولانا ابوبکر صابری، مولانا اسلم صدیقی، مولانا انوار الحق مجاہد اور دیگر علماء ومشائخ نے اپنے بیان میں کہا کہ دہشتگردی کے خلاف پوری قوم کو متحد ہو کر مقابلہ کرنا ہوگا، فتنہ خوارج بے گناہ انسانوں کو قتل کر کے پاکستان میں بدامنی پیدا کرنے اور پاکستان و اسلام دشمن قوتوں کے ایجنڈے کو تقویت دینے کے علاوہ کچھ نہیں کر رہا۔ پاکستان علماء کونسل کے قائدین نے حملے میں شہید ہونے والے افراد کے درجات کی بلندی، زخمیوں کی جلد صحتیابی اور شہداء کے لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کرتے ہوئے کہا کہ ملک میں امن واستحکام کے قیام کے لیے قوم، علماء، مشائخ اور ریاستی اداروں کو متحد ہو کر دہشتگردی کا مقابلہ کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے عوام دہشتگردی کے خلاف متحد ہیں اور ملک کے امن، سلامتی اور استحکام کے لیے کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔

بقیہ سحر 55

میں موجود سفارتخانوں کے پاکستانی ملازم نے مؤقف اختیار کیا تھا کہ معاہدے کی خلاف ورزی کرتے ہوئے اسے ملازمت سے نکالا گیا، جس پر شہری کی جانب سے 91 لاکھ روپے کا دعویٰ دائر کیا گیا تھا۔ فیصلے میں کہا گیا کہ متعلقہ ملک کے سفارتخانے کی جانب سے واجبات کی ادائیگی کی رسیدیں فراہم کی گئیں۔ سفارتخانے کا ملازم بھرتی کرنا انتظامی معاملہ ہے۔ عدالت نے قرار دیا کہ ویانا کنونشن کے تحت سفارتکار اور سفارتخانے کو استثنیٰ حاصل ہے، سفارتخانے اور سفارتکاروں کے خلاف کارروائی نہیں کی جا سکتی۔ فیصلے کے مطابق مذکورہ اپیل اس سے قبل اسلام آباد ہائیکورٹ میں زیر سماعت تھی، ہائیکورٹ کے احکامات کی روشنی میں کیس ایڈیشنل سیشن جج عامر ضیاء کو بھیجا گیا تھا۔

بقیہ سحر 56

تعمیراتی کام کی رفتار کے حوالے سے بریفنگ دی۔ صوبائی وزیر ملک صہیب احمد بھرتھ نے بتایا کہ 64 کلومیٹر شورکوٹ کبیر والہ روڈ کا مین کیریج وے مکمل کر دیا گیا ہے جبکہ روڈ فرنیچر پر کام تیزی سے جاری ہے۔ انہوں نے تعمیراتی ملبہ روڈ کے اردگرد سے اٹھانے کی ہدایت کرتے ہوئے لین مارکنگ اور روڈ فرنیچر کے کام کو جلد مکمل کرنے کی بھی ہدایت کی۔ صوبائی وزیر ملک صہیب احمد بھرتھ نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق شاہراہوں کی تعمیر ومرمت کا عمل ساتھ ساتھ جاری ہے۔ صوبہ بھر کی 85 ہزار کلومیٹر شاہراہوں کی پائیداری اور مرمت پر نظر رکھی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ مواصلات کے آپریشن و مانیٹرنگ کنٹرول روم کی جانب سے فیلڈ فارمیشن سے روزانہ اپ ڈیٹ لینے کا سلسلہ جاری ہے جبکہ سوشل میڈیا کے ذریعے آنے والی شکایات پر فوری عمل درآمد کا سلسلہ بھی جاری ہے۔

بقیہ سحر 57

1،1 کروڑ کے مچلکوں کے عوض درخواست ضمانت منظور کر لی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس خالد ابن عزیز نے ملزم شیخ وسیم اختر کی 2 مقدمات میں بعد از گرفتاری درخواست ضمانت پر سماعت کی۔

بقیہ سحر 58

مرمت و بحالی اور پیچ ورک کا کام بھی شامل کیا جائے گا۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے فیروز پور روڈ گجومتہ سٹاپ پر جاری ری ویمپنگ کے پائلٹ منصوبے کا جائزہ لیا۔

بقیہ سحر 59

، رجسٹریشن اور وطن واپسی کے انتظامات کیے گئے ہیں۔ غیر قانونی طور پر مقیم افغان باشندوں کو طورخم بارڈر پر افغان حکام کے حوالے کیا جاتا ہے۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب کے مطابق اعداد وشمار حکومتِ پنجاب کی موثر حکمتِ عملی اور فعال انتظامی اقدامات کے عکاس ہیں، افغان شہریوں کی واپسی کے قومی مشن میں تمام پاکستانیوں کا تعاون درکار ہے، افغان شہریوں کے غیر قانونی قیام، شناخت کی جعلسازی یا مشکوک سرگرمیوں کی اطلاع ایمرجنسی 15 پر دیں، 15 پر اطلاع دینے والوں کی شناخت صیغہ راز میں رکھی جاتی ہے، واضح رہے کہ کارروائی صرف غیر قانونی طور پر مقیم باشندوں کے خلاف کی جا رہی ہے۔ محکمہ داخلہ پنجاب کا فارن نیشنل سکیورٹی سیل صوبہ بھر میں مانیٹرنگ اور کوارڈینیشن کر رہا ہے۔

بقیہ سحر 60

بارے معلومات حاصل کیں۔ وفد نے قدرتی آفات سے نمٹنے کے نظام بارے آگاہی بھی حاصل کی۔ وفد نے پی ڈی ایم اے کنٹرول روم کا بھی دورہ کیا اور مانیٹرنگ کے نظام کو سراہا۔

بقیہ سحر 61

کو اپنے پاؤں پر کھڑا کرنے کے لیے بنیادی اصلاحات ناگزیر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صنعتوں کو مسابقتی توانائی، آسان ٹیکس نظام، کم کاروباری لاگت اور پالیسیوں میں تسلسل فراہم کیا جائے

بقیہ سحر 62

اور پبلک سروس ڈیلیوری سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران سی سی پی او لاہور نے شہر میں کرائم کنٹرول کے لیے کیے گئے اقدامات اور ڈکیتی اور رابری کی وارداتوں میں آنے والی واضح کمی پر اطمینان کا اظہار کیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے سی سی پی او لاہور نے کہا کہ لاہور پولیس کی موثر پولیسنگ اور بروقت اقدامات سے ڈکیتی اور رابری کے واقعات میں نمایاں کمی واقع ہوئی ہے

بقیہ سحر 63

سے تعلیمی عمل متاثر ہوتا ہے،

بقیہ سحر 64

ڈبل روٹی، سرسوں کا تیل اور مٹن کی قیمتوں میں بھی اضافہ ریکارڈ کیا گیا، ایک ہفتے میں کیلے 6.17 فیصد، ٹماٹر 5.66 فیصد، پیاز 4.57 فیصد اور مرغی 2.33 فیصد سستی ہوئی۔ ادارہ شماریات کے مطابق ایک سال کے دوران ایل پی جی 24.06 فیصد، ڈیزل 12.45 فیصد اور پیٹرول 48 فیصد مہنگا ہوا، کم آمدنی والے طبقے کیلئے بجلی کے نرخ 33.5 فیصد بڑھے۔

بقیہ سحر 65

مسائل موجود ہیں، پہلے اپنے صوبے کے عوام کے مسائل حل کیے جائیں پھر احتجاج کیا جائے۔ نئے صوبوں کے قیام سے متعلق فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ دنیا میں ملکوں میں نئے صوبے بنتے رہتے ہیں

بقیہ سحر 66

سے ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل چوہدری محمد نواز، مدثر نوید چٹھہ اور اسسٹنٹ ایڈووکیٹ جنرل محمد فرخ عرفان خان لودھی عدالت میں پیش ہوئے۔

بقیہ سحر 67

سرگودھا، گجرات اور حیدرآباد سمیت 45 سے زائد مقامات پر جاری احتجاجی دھرنوں میں عوام الناس کی بڑی تعداد شرکت کر رہی ہے جبکہ خواتین اور نوجوانوں کی بھرپور شرکت عوامی تشویش اور معاشی مسائل کے خلاف شعور کی عکاسی کرتی ہے۔

بقیہ سحر 68

کے لیے عمر کی حد کا تعین، عمر کی تصدیق کا مؤثر نظام اور انٹرنیٹ کے محفوظ استعمال کے لیے قانون سازی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ صوبائی وزیر نے بتایا کہ پنجاب اسمبلی میں پیش کی جانے والی قرارداد میں وفاقی حکومت سے 16 سال سے کم عمر بچوں کی سائبر سکیورٹی کو یقینی بنانے کی سفارش کی گئی ہے۔

بقیہ سحر 69

میں ایک کم عمر لڑکا پنجاب کے ایک تھیٹر میں ڈانس پرفارمنس دیکھتے ہوئے نظر آیا۔ ویڈیو سامنے آنے کے بعد پنجاب کی وزیر اطلاعات وثقافت عظمیٰ بخاری کی ہدایت پر متعلقہ تھیٹر کو سیل کر کے کارروائی کا آغاز کر دیا گیا۔

بقیہ سحر 70

کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر حقیقت پر مبنی بات کی جائے تو پاکستان کا ٹیکس کا نظام غیر منصفانہ ہے یہی وجہ ہے کہ لوگ ٹیکس دینے کی بجائے چور راستے تلاش کرتے ہیں۔ یہاں کاروبار کرنے والے ہر شخص کو چور سمجھا جاتا ہے جس کی وجہ سے لوگ بددل ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ معیشت کو دستاویزی بنانے کے لئے سیاسی عزم کی ضرورت ہے، جس کے لئے حکومت تمام اسٹیک ہولڈرز کو اعتماد میں لے۔

بقیہ سحر 71

غیر قانونی ہے ٹرائل میں جج پراسیکیوشن، گواہ کے نام اور چہرے سامنے نہیں ہوں گے یہ شق خلاف آئین ہے، استدعا ہے کہ عدالت پنجاب اسمبلی سے منظور شدہ ترمیم بل کو غیر قانونی قرار دے۔ عدالت نے وکیل درخواست گزار سے استفسار کیا کہ آپ یہ بتائیں کہ بادی النظر میں بل کس طرح غیر آئینی ہے؟ آپ کی درخواست قابل سماعت کیسے ہے۔ وکیل درخواست گزار نے کہا کہ آپ مجھے پانچ منٹ دیں میں آپ کی معاونت کرتا ہوں۔ جسٹس شہرام سرور چوہدری نے کہا کہ آپ آئندہ سماعت پر درخواست کے قابل ہونے پر دلائل دیں۔

بقیہ سحر 72

وقت چند منٹ کے لیے رات جیسی تاریکی چھا جائے گی۔ مکمل گرہن کا زیادہ سے زیادہ دورانیہ 6 منٹ 23 سیکنڈ تک رہنے کی توقع ہے، سورج گرہن کا آغاز بحر اوقیانوس سے ہوگا جس کے بعد اس کا راستہ اسپین، شمالی مراکش، شمالی الجزائر، شمالی تیونس، شمال مشرقی لیبیا، مصر، سوڈان، سعودی عرب، یمن اور صومالیہ کے بعض علاقوں سے گزرے گا اور بحر ہند میں چاغوس جزائر کے قریب اختتام پذیر ہوگا۔ پاکستان میں 2 اگست 2027ء کو سورج گرہن تقریباً دوپہر 2 بج کر 43 منٹ پر شروع ہونے اور شام 4 بج کر 51 منٹ تک جاری رہنے کی توقع ہے۔ پاکستان کے علاوہ یورپ، افریقہ اور مشرق وسطیٰ کے بڑے علاقوں میں بھی جزوی سورج گرہن دیکھا جا سکے گا، جبکہ مکمل گرہن کا مرکزی راستہ کئی ممالک سے گزرے گا۔

بقیہ سحر 73

انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ انہوں نے کہا کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان معاہدہ اپنی جگہ موجود ہے لیکن اس معاہدے سے ہٹ کر بھی ایک مسلمان کی حیثیت سے پاکستان کی ذمہ داری بنتی ہے کہ دفاع حرمین شریفین کے لیے اپنا کردار ادا کرے۔ انہوں نے کہا کہ یمن بھی ایک مسلم ملک ہے اور وہاں سے مکہ مکرمہ جیسے مقدس مقام کو نشانہ بنانے کی کوشش انتہائی افسوسناک ہے۔ مکہ معاہدے اور پاکستان کے ممکنہ عملی کردار سے متعلق سوال پر سردار محمد یوسف نے کہا کہ اگر حرمین شریفین پر حملہ ہو جائے

پی ڈی نیشنل کرکٹ چیمپئن شپ آئندہ ماہ کھیلی جائے گی، امیرالدین انصاری

پی ڈی نیشنل کرکٹ چیمپئن شپ آئندہ ماہ ملک کے مختلف شہروں میں کھیلی جائے گی



لاہور (سپورٹس رپورٹر) پاکستان فزیکل ڈس ایبلٹی کرکٹ ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام پی ڈی نیشنل کرکٹ چیمپئن شپ آئندہ ماہ کھیلی جائے گی جس کے لئے مختلف ریجن کی ٹیموں کی تشکیل کے سلسلے میں ٹرائلز کا آغاز ہو رہا ہے، اس سلسلے میں پاکستان فزیکل ڈس ایبلٹی کرکٹ ایسوسی ایشن کے سیکریٹری امیرالدین انصاری کا کہنا تھا کہ پی ڈی نیشنل کرکٹ چیمپئن شپ آئندہ ماہ ملک کے مختلف شہروں میں کھیلی جائے گی جس کے حتمی شیڈول کا اعلان جلد کیا جائے گا۔ اس چیمپئن شپ میں ایسوسی ایشن سے منسلک تمام ریجنز کی ٹیمیں شرکت کریں گی اور گریڈ ون اور گریڈ ٹو چیمپئن شپس کھیلیں گی، اس تناظر میں مختلف ریجنز میں ٹیموں کی تشکیل کے لئے ٹرائلز شروع کیے جا رہے ہیں گزشتہ روز جمعہ اسلام آباد فزیکل ڈس ایبلٹی کرکٹ ٹیم کے ٹرائلز شالیمار کرکٹ گراؤنڈ میں لئے گئے۔ جبکہ بہاولپور پی ڈی کرکٹ ٹیم کی تشکیل کے سلسلے میں ٹرائلز 20 ستمبر کو تاریخی ڈرنگ اسٹیڈیم بہاولپور میں منعقد ہونگے۔ انہوں نے اسلام آباد اور بہاولپور ریجن کے تمام فزیکل ڈس ایبلٹی کرکٹرز کو ہدایت کی ہے کہ ریجنل عہدے داروں کی جانب سے دیئے گئے شیڈول کے مطابق ان ٹرائلز میں بھرپور شرکت کریں۔

ایچ بی ایل پی ایس ایل کرکٹ ڈویلپمنٹ ایکسیلنس ایوارڈ ایچ بی ایل پی ایس ایل کرکٹ ڈویلپمنٹ ایکسیلنس ایوارڈ دینے کا طریقہ کار واضح کر دیا گیا

لاہور (سپورٹس رپورٹر) ایچ بی ایل پی ایس ایل کرکٹ ڈویلپمنٹ ایکسیلنس ایوارڈ ایچ بی ایل پی ایس ایل کرکٹ ڈویلپمنٹ ایکسیلنس ایوارڈ دینے کا طریقہ کار واضح کر دیا گیا ایوارڈ جیتنے والی ایک ایچ بی ایل پی ایس ایل فرنچائز کو دو لاکھ ڈالرز انعام دیا جائے گا ایوارڈ دینے کا مقصد پی ایس ایل فرنچائز کی کرکٹ اور پلیئر ڈویلپمنٹ کام کی حوصلہ افزائی کرنا ہے پہلے ایچ بی ایل پی ایس ایل کرکٹ ڈویلپمنٹ ایکسیلنس ایوارڈ کے لیے پی ایس ایل 3 سے 11 تک کا ڈویلپمنٹ کام جانچا جائے گا اگلے سال سے اس ایوارڈ کے لیے پچھلے ایک سال کی پلیئر اور کرکٹ ڈویلپمنٹ کارکردگی دیکھی جائے گی پی سی بی ایوارڈ جیتنے والی فرنچائز کے تعین کے لیے ایک کمیٹی بنائے گا پہلے مرحلے میں پی ایس ایل کی طرف سے بنائے گئے فریم ورک کے تحت فرنچائز زاپنی سکورنگ خود کریں گی فرنچائزز کے سکورز کی ڈویلپمنٹ کے ثبوتوں کے ساتھ جانچ پڑتال کمیٹی کرے گی پانچ رکنی کمیٹی ہر فرنچائز کی جانب سے پلیئر ڈویلپمنٹ اور کرکٹ ڈویلپمنٹ کے اقدامات اور پریکٹیس کا باریک بینی سے جائزہ لے گی کمیٹی پانچ مختلف پیرامیٹرز کے مطابق فرنچائزز کے ڈویلپمنٹ کام کی جانچ پڑتال کرے گی پہلا پیرامیٹر پلیئر پاتھ وے اور ڈویلپمنٹ ہوگا جبکہ فائنل سکور میں 25 فیصد تناسب ہوگا دوسرا پیرامیٹر اپنی فرنچائز سے کھیلتے ہوئے امپیکٹ اور میچ کانٹری بیوشن کا ہوگا، اس کا تناسب 10 فیصد ہوگا تیسرے پیرامیٹر کا تناسب فائنل سکور میں 15 فیصد ہوگا اور جو کہ فرنچائزز کے ہائی پرفارمنس انفراسٹرکچر اور ڈویلپمنٹ میں ٹیکنالوجی کے استعمال کی جانچ کرے گا چوتھا پیرامیٹر گراس روٹ لیول اور فرنچائزز کی جانب مینز اور ویمنز ڈومیسٹک کرکٹ کی سرگرمیوں سے متعلق ہوگا، اس کا تناسب 20 فیصد ہوگا پانچواں پیرامیٹر پلیئر ویلفیئر اور پلیئر ایجوکیشن کی جانچ کرے گا، اس کا تناسب 10 فیصد ہوگا 80 فیصد سکور کا تعین ان پانچ پیرامیٹرز سے ہوگا جبکہ بقیہ 20 فیصد سکور فینز کی ووٹنگ کے ذریعے کیا جائے گا۔۔۔

پریذیڈنٹ ٹرافی گریڈ ٹو گولڈ اور سلور کا آغاز 19 ستمبر سے ہوگا

دونوں ٹورنامنٹس میں تین روزہ نان فرسٹ کلاس میچز کھیلے جائیں گے

لاہور (سپورٹس رپورٹر) پریذیڈنٹ ٹرافی گریڈ ٹو گولڈ اور سلور کا آغاز 19 ستمبر سے ہوگا۔ دونوں ٹورنامنٹس میں تین روزہ نان فرسٹ کلاس میچز کھیلے جائیں گے دونوں ٹورنامنٹس کے فائنل چار روزہ ہوں گے۔ گریڈ ٹو گولڈ میں 10 ٹیمیں شرکت کریں گی۔ گریڈ ٹو گولڈ میں ٹیموں کو دو گروپس میں تقسیم کیا گیا ہے۔ گولڈ کے سیمی فائنل 10 سے 13 اکتوبر اور فائنل 16 سے 19 اکتوبر تک ہوگا۔ گریڈ ٹو سلور میں چھ ٹیمیں شرکت کریں گی۔ گریڈ ٹو سلور میں یونیورسٹی آف پنجاب اور یونیورسٹی آف سنٹرل پنجاب بھی شامل ہیں گریڈ ٹو سلور کے سیمی فائنل 10 سے 12 اکتوبر اور فائنل 15 سے 18 اکتوبر کو ہونگے گریڈ ٹو گولڈ کی فاتح ٹیم 50 لاکھ اور گریڈ ون میں پروموشن کی حقدار بنے گی گریڈ ٹو سلور کی چیمپئن ٹیم کو 25 لاکھ انعام ملے گا، جبکہ ونرز اور رنرز اپ دونوں گریڈ ٹو گولڈ میں پروموٹ ہوں گے۔ گریڈ ٹو گولڈ کے میچز اسلام آباد، ہری پور اور کراچی میں کھیلے جائیں گے گریڈ ٹو سلور کے میچز شیخوپورہ، مرید کے اور لاہور میں ہوں گے۔

ایشین گیمز، بھارتی خاتون جمناسٹ کو مرد کوچ کیساتھ ایک ہی کمرہ دے دیا گیا

سرکاری ریکارڈ میں نام درج کرتے ہوئے حرف آئی رہ جانے کی وجہ سے یہ مسئلہ پیدا ہوا، رپورٹ

ٹوکیو (سپورٹس ڈیسک) جاپان میں جاری ایشین گیمز 2026 کے دوران بھارتی جمناسٹ پرنائی نائیک اور ان کے کوچ اشوک مشرا کو رہائش کے حوالے سے غیر معمولی صورتحال کا سامنا کرنا پڑا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق بھارتی دستے کے ارکان کے لیے مختص کروز شپ پر پرنائی نائیک اور ان کے مرد کوچ کو غلطی سے ایک ہی کمرہ الاٹ کر دیا گیا جس پر مخلوط جنس کی رہائش سے متعلق خدشات پیدا ہوئے اور معاملہ بھارتی اولمپک ایسوسی ایشن تک پہنچ گیا۔ بعد ازاں تقریباً رات ڈیڑھ بجے دونوں کے لیے الگ الگ کمروں کا انتظام کیا گیا تاہم اشوک مشرا کو نئے کمرے کی چابی حاصل کرتے وقت ایک اور مشکل پیش آ گئی، ہوٹل انتظامیہ کو رجسٹر میں ان کی بکنگ نہیں مل سکی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق سرکاری ریکارڈ میں نام درج کرتے ہوئے حرف آئی رہ جانے کی وجہ سے یہ مسئلہ پیدا ہوا۔ مشرا کی ایکریڈیٹیشن اور بکنگ کی تفصیلات کو دوبارہ چیک کر کے درست کیا گیا۔

شالیمار زون کے صدر محمد ارشد کی زیر صدارت اجلاس

زون میں انڈر 19 کی چھ ٹیمیں تشکیل دے کر باہمی مقابلوں کا انعقاد کیا جائے گا

RAB NAWAZ MEMORIAL T-20
CLUB CRICKET CHAMPIONSHIP 2026
ZONE CRICKET ASSOCIATION

لاہور (سپورٹس رپورٹر) شالیمار زون کرکٹ ایسوسی ایشن نے نوجوان کرکٹرز کو زیادہ سے زیادہ مسابقتی مواقع فراہم کرنے اور کلب کرکٹ کے فروغ کے لیے ایک اور اہم کھیل دوست اقدام اٹھاتے ہوئے زون کی سطح پر دوروزہ انڈر 19 کرکٹ ٹورنامنٹ منعقد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ٹورنامنٹ کے انعقاد کی منظوری ایگزیکٹو کمیٹی کے اجلاس میں دی گئی۔ اجلاس کی صدارت شالیمار زون کے صدر محمد ارشد نے کی، جبکہ سیکرٹری محمد خورشید اور خازن آصف عزیز کے علاوہ نائب صدر ملک عطاالرحمٰن، جوائنٹ سیکرٹری اعجاز شاہ، ایگزیکٹو اراکین وقار المنیر اور غلام حسین نوری بھی اجلاس میں شریک ہوئے۔ ایگزیکٹو کمیٹی نے فیصلہ کیا کہ زون میں انڈر 19 کی چھ ٹیمیں تشکیل دے کر باہمی مقابلوں کا انعقاد کیا جائے گا، تاکہ نوجوان کھلاڑیوں کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار کے ساتھ ساتھ اعلیٰ سطح کی مسابقتی کرکٹ کا تجربہ حاصل ہو۔ ٹورنامنٹ میں شرکت کے لیے انڈر 19 کھلاڑیوں کی کٹ آف ڈیٹ یکم ستمبر 2008 مقرر کی گئی ہے۔ شالیمار زون کے مطابق ٹورنامنٹ پاکستان کرکٹ بورڈ کے مروجہ قواعد و ضوابط کے تحت منعقد کیا جائے گا، جبکہ ایونٹ کے دوران کھلاڑیوں کی کارکردگی، رنز، وکٹوں، بیٹنگ اور باؤلنگ ایوریجز سمیت تمام اہم اعداد وشمار کا باقاعدہ اور شفاف ریکارڈ مرتب کیا جائے گا۔ اس ڈیٹا کو مستقبل میں باصلاحیت کھلاڑیوں کی نشاندہی اور ان کی ترقی کے لیے بھی استعمال کیا جائے گا۔ ایگزیکٹو کمیٹی نے یہ بھی فیصلہ کیا کہ ٹورنامنٹ میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے کھلاڑیوں کے لیے خصوصی فٹنس کیمپ منعقد کیا جائے گا، جس کا مقصد نوجوان کرکٹرز کی فٹنس کو مزید بہتر بنانا، ان کی جسمانی صلاحیتوں میں اضافہ کرنا اور انہیں مستقبل کی اعلیٰ سطح کی کرکٹ کے لیے تیار کرنا ہے۔ اس موقع پر صدر شالیمار زون محمد ارشد نے کہا کہ شالیمار زون نوجوان کرکٹرز کو کھیل کے زیادہ سے زیادہ مواقع فراہم کرنے اور کلب کرکٹ کے نظام کو مضبوط بنانے کے لیے عملی اقدامات جاری رکھے گا۔ انہوں نے کہا کہ ہم اپنے قائد اور صدر لاہور ریجن کرکٹ ایسوسی ایشن خواجہ ندیم احمد کے منشور پر عمل کرتے ہوئے کلب کرکٹ کی خدمت اور نوجوان کھلاڑیوں کی ترقی کے لیے پوری ذمہ داری اور جذبے کے ساتھ کام کر رہے ہیں۔ محمد ارشد نے کہا کہ انڈر 19 ٹورنامنٹ کا مقصد صرف مقابلوں کا انعقاد نہیں بلکہ نوجوان کھلاڑیوں کو ایک منظم، شفاف اور میرٹ پر مبنی پلیٹ فارم فراہم کرنا ہے، جہاں ان کی کارکردگی کا باقاعدہ ریکارڈ محفوظ ہو اور مستقبل میں باصلاحیت کھلاڑیوں کو مزید مواقع فراہم کیے جا سکیں۔۔

پاکستانی کرکٹرز صرف سینٹرل کنٹریکٹس بچانے کیلئے ڈومیسٹک کرکٹ کھیل رہے ہیں، احمد شہزاد

ہمیں ایسی پچز کی ضرورت ہے جہاں بالرز کو بھی مدد ملے تاکہ بلے باز اپنی تکنیکی خامیوں کو دور کر سکیں، سابق اوپنر

اسلام آباد (سپورٹس ڈیسک) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق اوپنر احمد شہزاد نے کہا ہے کہ قومی ٹیم کے کئی اسٹار کرکٹرز اپنی مرضی سے نہیں بلکہ صرف سینٹرل کنٹریکٹس بچانے کے لیے ڈومیسٹک کرکٹ کھیل رہے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق شاہین شاہ آفریدی، حارث رؤف، فخر زمان اور سلمان علی آغا سمیت کئی نمایاں کھلاڑی حالیہ پریذیڈنٹ ٹرافی میں فرسٹ کلاس کرکٹ کھیل رہے ہیں جبکہ بابر اعظم بھی آئندہ راؤنڈ میں ٹورنامنٹ کا حصہ بننے والے ہیں۔ احمد شہزاد نے حال ہی میں نجی ٹی وی کے پروگرام میں اس حوالے سے اپنی رائے کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ان کھلاڑیوں کی ڈومیسٹک کرکٹ میں واپسی انتخاب نہیں بلکہ سینٹرل کنٹریکٹس کا نتیجہ ہے۔ سابق کرکٹر نے کہا کہ سینٹرل کنٹریکٹس میں کھلاڑیوں کے لیے مخصوص تعداد میں ڈومیسٹک میچز کھیلنا لازمی قرار دیا گیا ہے، بصورت دیگر وہ سینٹرل کنٹریکٹ کے اہل نہیں ہوں گے۔ انہوں نے ڈومیسٹک کرکٹ میں استعمال ہونے والی پچز پر بھی سوال اٹھاتے ہوئے کہا کہ اگر میچز غیر معمولی طور پر بڑی تعداد میں رنز بن رہے ہوں تو اس نظام کا مقصد پورا نہیں ہوگا۔ احمد شہزاد نے کہا کہ ہمیں ایسی پچز کی ضرورت ہے جہاں بالرز کو بھی مدد ملے تاکہ بلے باز اپنی تکنیکی خامیوں کو دور کر سکیں اور بین الاقوامی کرکٹ کے لیے زیادہ موثر انداز میں تیار ہوں۔ انہوں نے ماضی میں سیالکوٹ اور راولپنڈی کے بعض مقامات پر ملنے والی پچز کی مثال دیتے ہوئے کہا کہ ڈومیسٹک کرکٹ کا مقصد صرف رنز بنانا نہیں بلکہ کھلاڑیوں کو بین الاقوامی معیار کے لیے تیار کرنا بھی ہونا چاہیے۔ واضح رہے کہ پاکستان کرکٹ بورڈ (PCB) نے 2026-27 کے لیے مرکزی معاہدوں کے نظام میں تبدیلی کرتے ہوئے روایتی اے، بی، سی اور ڈی کیٹیگریز کے بجائے فارمیٹ کی بنیاد پر 5 ٹریکس متعارف کروائے ہیں۔ نئے نظام کے تحت کھلاڑیوں کے لیے فٹنس اور میڈیکل ٹیسٹ کے علاوہ ڈومیسٹک کرکٹ میں مخصوص شرکت اور کارکردگی کے معیار پر پورا اترنا بھی ضروری ہے۔ رپورٹ کے مطابق سینئر ٹریکس کے لیے صرف وہ کھلاڑی اہل ہوں گے جنہوں نے گزشتہ 12 ماہ کے دوران کم از کم 4 ٹیسٹ، 6 ون ڈے یا 6 ٹی 20 انٹرنیشنل کھیلنے کی شرط بھی پوری کی ہوگی، جب کہ ابھرتے ہوئے کھلاڑیوں کے لیے مختص ٹریک ڈی پر یہ شرط لاگو نہیں ہوتی۔

لاہور: سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان عوامی جمہوریہ چین کے 77ویں قومی دن کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کررہے ہیں

پارلیمانی معلومات، اسمبلی ریکارڈ تک تیز، آسان، محفوظ رسائی کیلئے اے آئی پر مبنی پلیٹ فارم قائم کرنیکی ہدایت

سپیکر ملک محمد احمد خاں کی زیرِ صدارت خصوصی کمیٹی کا اجلاس، مصنوعی ذہانت، ڈیجیٹل گورننس، قانون سازی اور بنیادی حقوق پر اے آئی کے اثرات کا جائزہ لیا گیا

قانون ساز اداروں کو مصنوعی ذہانت کے جمہوریت، بنیادی حقوق اور شہری زندگی پر مرتب ہونے والے اثرات کو سمجھتے ہوئے مؤثر قانون سازی اور نگرانی کا کردار ادا کرنا ہوگا

لاہور (پارلیمانی رپورٹر) سپیکر ملک محمد احمد خاں کی زیر صدارت خصوصی کمیٹی کا اجلاس، مصنوعی ذہانت، ڈیجیٹل گورننس، قانون سازی اور بنیادی حقوق پر اے آئی کے اثرات کا جائزہ لیا گیا، اے آئی سے پارلیمانی معلومات تک رسائی کیلئے پنجاب اسمبلی میں خصوصی پلیٹ فارم قائم کرنے کی ہدایت کر دی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خاں نے کہا ہے کہ مصنوعی ذہانت اور جدید ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کو پارلیمانی نظام کا مؤثر حصہ بنایا جائے تاکہ قانون سازوں اور شہریوں کو اسمبلی کی معلومات اور خدمات تک تیز، آسان اور محفوظ رسائی فراہم کی جا سکے۔ انہوں نے ہدایت دی کہ پنجاب (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 34)

اسلام آباد: امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان پریس کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں

سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز کی قیادت میں پاکستان کی پارلیمان نے پہلا گرین میس ایوارڈ اپنے نام کرلیا

اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے دولت مشترکہ پارلیمانی ایسوسی ایشن کا پہلا گرین میس ایوارڈ وصول کیا

پاکستان کی قومی اسمبلی کا گرین پارلیمنٹ اقدام دولت مشترکہ کی پارلیمانوں کے لیے قابلِ تقلید ماڈل ہے، شرکا دولت مشترکہ کانفرنس

اسلام آباد (عباس ملک سے) پاکستان کے پارلیمان کیلئے تاریخی دن اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز کی قیادت میں پاکستان کی پارلیمان نے پہلا گرین میس ایوارڈ اپنے نام کرلیا۔ دولت مشترکہ پارلیمانی کانفرنس کے 69 ویں اجلاس کے مرکزی پروگرام میں پاکستان کی پارلیمان کو گرین میس ایوارڈ سے نوازا گیا۔ اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے دولت مشترکہ پارلیمانی ایسوسی ایشن کا پہلا گرین میس ایوارڈ وصول کیا اسپیکر سردار ایاز صادق کا گرین میس ایوارڈ ملنے پر اظہار تشکر بطور اسپیکر قومی اسمبلی گرین میس ایوارڈ وصول کرنا میرے لیے باعث اعزاز ہے، اسپیکر سردار ایاز صادق کا کہنا تھا کہ گرین میس ایوارڈ آنے والی نسلوں کے لیے صاف اور بہتر ماحول کی جانب پارلیمانی عزم کا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 44)

پاکستان کسٹمز کی کراچی ایئرپورٹ پر منشیات اسمگلنگ کی بڑی کوشش ناکام، دبئی جانے والے دو مسافروں، میاں بیوی، گرفتار

کراچی (بیورو رپورٹ) پاکستان کسٹمز کے حکام نے جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ، کراچی پر تقریباً 580 گرام چرس بیرونِ ملک اسمگل کرنے کی بڑی کوشش ناکام بناتے ہوئے دبئی جانے والے دو مسافروں، میاں بیوی، کو گرفتار کرلیا۔ 17 ستمبر 2026ء کو تقریباً 2200 بجے انٹرنیشنل ڈیپارچرز کے مقام پر تعینات کسٹمز مشین آپریٹر نے معمول کی اسکریننگ کے دوران دبئی، متحدہ عرب امارات جانے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 43)

بھارت کا سندھ طاس معاہدے سے انکار نا قابلِ فہم ہے: شیری رحمان

سندھ طاس معاہدے میں یکطرفہ معطّلی یا اسے غیر فعال قرار دینے کی کوئی شق موجود نہیں

کراچی: (اے ایف بی) پیپلز پارٹی کی نائب صدر سینیٹر شیری رحمان نے کہا ہے کہ بھارت کا سندھ طاس معاہدے سے انکار نا قابلِ فہم ہے۔ غیر ملکی ٹی وی چینل کو انٹرویو دیتے ہوئے شیری رحمان نے کہا کہ سندھ طاس معاہدہ سرحد پار پانی کی تقسیم کیلئے ایک اہم عالمی مثال ہے، سندھ طاس معاہدہ پانی کی تقسیم، معلومات کے تبادلے اور تنازعات کے حل کا واضح نظام دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ طاس معاہدے میں یکطرفہ معطّلی یا اسے غیر فعال قرار دینے کی کوئی شق موجود نہیں، معاہدے کو یک طرفہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 37)

پیٹرول کی بڑھتی قیمت: گڈز ٹرانسپورٹرز نے کرائے 7 فیصد بڑھانے کا اعلان کردیا

کراچی (بیورو رپورٹ) گڈز ٹرانسپورٹ اتحاد نے کرایوں میں 7 فیصد اضافے کا اعلان کردیا۔ اپنے بیان میں صدر آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ اتحاد ملک شہزاد اعوان نے کرایوں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 35)

میر رضا کیس، جوڈیشل کمیشن کا سینئر پولیس افسران کو طلب کرنے کے بجائے تحریری جواب لینے کا فیصلہ

کراچی (بیورو رپورٹ) میر رضا کیس کی تحقیقات کے لیے قائم کیے گئے جوڈیشل کمیشن نے سینئر پولیس افسران کو طلب کرنے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 36)

پاکستان اور چین کی 75 سالہ دوستی باہمی اعتماد اور تعاون کی مضبوط بنیاد ہے، سپیکر پنجاب اسمبلی

چین نے اقتصادی وسماجی ترقی کے ساتھ عالمی سطح پر امن، تعاون اور مشترکہ ترقی کے پیغام کو بھی فروغ دیا ہے

چین میں مقامی کاروبار، روایتی مصنوعات اور عوامی صلاحیتوں کو معاشی مواقع میں تبدیل کیا گیا

قانون ساز ادارے پاک چین دوستی کے تسلسل اور اس تعلق کو نئی نسل تک منتقل کرنے میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں

لاہور (پارلیمانی رپورٹر) چین کا ترقیاتی تجربہ نچلی سطح پر اختیارات، عوامی شمولیت اور بہتر طرزِ حکمرانی کی اہمیت اجاگر کرتا ہے، پاکستان اور چین کی 75 سالہ دوستی باہمی اعتماد اور تعاون کی مضبوط بنیاد ہے، جسے آئندہ 75 برس میں مشترکہ ترقی، معاشی تعاون اور عوامی خوشحالی کے مزید مؤثر مواقع میں تبدیل کیا جا سکتا ہے۔ چین کا ترقیاتی سفر اس بات کا عملی ثبوت ہے کہ نچلی سطح پر اختیارات، عوامی شمولیت اور بہتر طرزِ حکمرانی کے ذریعے پائیدار ترقی ممکن ہے ان خیالات کا اظہار اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے لاہور کے مقامی ہوٹل میں عوامی جمہوریہ چین کے قیام کی 77ویں سالگرہ کے سلسلے میں چینی قونصلیٹ جنرل لاہور کے زیر اہتمام منعقدہ قومی دن کی تقریب سے بطور مہمانِ خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے چینی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر38)

صوابی ،طلاق یافتہ بیوی کا قتل؛ سابق شوہر اور دیور کو عمر قید کی سزا

ملزم نے قتل سے تین ماہ پہلے بیوی کو طلاق دی تھی اور مقتولہ کو دوسری شادی سے بھی روک رہا تھا، پراسیکیوشن

صوابی (مانیٹرنگ ڈیسک) صوابی کی سیشن کورٹ نے طلاق یافتہ بیوی کے قتل کیس میں نامزد سابق شوہر اور اسکے بھائی کو عمر قید کی سزا سنا دی۔ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن مبارک زیب خان نے سماعت کی، جرم ثابت ہونے پر عدالت نے دونوں بھائیوں کو عمر قید کی سزا سنا دی۔ عدالت نے دونوں ملزمان کو 10 لاکھ روپے بطور معاوضہ مقتولہ کے ورثا کو دینے کا حکم دیا۔ پراسیکیوشن نے دلائل دیے کہ ملزم الحاف دین نے بھائی فریدالدین سے ملکر اپنی طلاق یافتہ بیوی مسمات رشیدہ بی بی سکنہ جلبئی کو دیور کے گھر میں قتل کیا تھا، ملزم الحاف الدین نے قتل سے تین ماہ پہلے بیوی کو طلاق دی تھی اور ملزم الحاف طلاق یافتہ بیوی کو (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 40)

ایف آئی اے اے سی کراچی کا ہنڈی حوالہ ڈیلرز کے خلاف کریک ڈاؤن، 3 ملزمان گرفتار

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) اینٹی کرپشن سرکل (اے سی سی) کراچی نے غیر قانونی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر45)

صدر آصف علی زرداری کی نیپال کو یوم دستور اور قومی دن پر مبارکباد

پاکستان اور نیپال کے درمیان باہمی احترام، اعتماد اور خیرسگالی پر مبنی دیرینہ اور خوشگوار تعلقات استوار ہیں

اس کے ساتھ دوطرفہ، سارک اور دیگر کثیرالجہتی فورمز پر تعاون کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) صدر مملکت آصف علی زرداری نے نیپال کی حکومت اور عوام کو نیپال کے قومی دن اور یوم دستور کے موقع پر مبارکباد پیش کی ہے۔ جمعہ کو ایوان صدر کے میڈیا ونگ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق نیپال کے صدر رام چندر پاوڈل کے نام اپنے خط میں صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ پاکستان اور نیپال کے درمیان باہمی احترام، اعتماد اور خیرسگالی پر مبنی دیرینہ اور خوشگوار تعلقات استوار ہیں جنہیں دونوں ممالک کے عوام کے درمیان دوستی کے مضبوط رشتوں سے مزید تقویت ملتی ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ پاکستان نیپال کے ساتھ اپنے تعلقات کو بہت زیادہ اہمیت دیتا ہے اور اس کے ساتھ دوطرفہ، (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 46)

پاکستان کے عوام کی بدحالی کسی بھی سیاسی جماعت کا مسئلہ نہیں، حافظ نعیم الرحمن

حکومت کو لوگوں کا احساس ہی نہیں ہے، پاکستان کے عوام کا مسئلہ کسی بھی سیاسی جماعت کا مسئلہ نہیں، ہمارا مطالبہ ہے کہ لیوی ختم کی جائے اور عوام کو جینے دیا جائے

دو سے تین روز میں اسلام آباد پہنچ جائیں گے، پنجاب، سندھ اور خیبر پختونخوا سے لوگ جمع ہوں گے، بڑا احتجاج ہوگا، آج مردان اور پشاور دھرنے میں شرکت کیلئے جارہا ہوں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ پاکستان کے عوام کی بدحالی کسی بھی سیاسی جماعت کا مسئلہ نہیں، حکومت جماعت اسلامی کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 39)

طارق فضل چوہدری شمالی وزیرستان اور ہنگو میں کامیاب کارروائیوں پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

10 خوارج کی ہلاکت سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیت کا مظہر ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے شمالی وزیرستان اور ہنگو میں سکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیوں پر خراج تحسین پیش کیا۔ جمعہ کو سماجی رابطہ کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ شمالی وزیرستان اور ہنگو میں کامیاب کارروائیوں کے دوران 10 خوارج کی ہلاکت سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیت کا مظہر ہے۔ مادرِ وطن کے امن و سلامتی کے لیے جانیں قربان کرنے والے 6 بہادر سپوتوں کو سلام پیش کرتے ہیں۔ قوم اپنے عظیم شہدا کی لازوال قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کرے گی۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہدا کے درجات بلند اور (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر41)

سندھ میں 40 لاکھ 80 ہزار سے زائد بچیاں اسکولوں سے باہر ہیں: صنفی مساوات رپورٹ میں انکشاف

کراچی (بیورو رپورٹ) سندھ صنفی مساوات رپورٹ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ صوبے میں 40 لاکھ 80 ہزار سے زائد بچیاں اسکولوں سے باہر ہیں۔ ترجمان کے مطابق وزیراعلیٰ سندھ کو صوبے کی پہلی صنفی مساوات سے متعلق رپورٹ پیش کردی گئی جو معاون خصوصی برائے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 47)

دہشت گردی کے خلاف پوری قوم کو متحد ہوکر موثر اقدامات کرنا ہوں گے، چیئرپرسن بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرپرسن بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد نے کوہاٹ پولیس لائنز دھماکے کی مذمت کرتے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 48)

لاہور: وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کرائیو ایبلیشن مشین کے ذریعے کینسر کا اعلاج حاصل کرنے والی پہلی خاتون سے گفتگو کرتے ہوئے

لاہور: صوبائی وزیر کھیل ملک فیصل ایوب کھوکھر میڈیا سے گفتگو کررہے ہیں

ڈاکٹر سید علی فرحان رضی پاکستان نرسنگ اینڈ مڈوائفری کونسل کے صدر مقرر

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی حکومت نے دارالصحت ہسپتال کراچی کے وائس چیئرمین اور لیاقت میڈیسن اینڈ ڈینٹسری کے سی ای او ڈاکٹر سید علی فرحان رضی کو پاکستان نرسنگ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 42)

افغان میڈیکل طلباء کی پی ایم ڈی سی رجسٹریشن کا معاملہ، مزید دلائل طلب

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے ایم بی بی ایس مکمل کرنے والے طلباء کی پی ایم ڈی سی میں رجسٹریشن نہ کرنے سے متعلق درخواست کے قابل سماعت ہونے سے متعلق (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 51)

تقسیم ہند کا ایجنڈا اور مسئلہ کشمیر ایک وسیع کتاب ہے: وزیراعظم آزاد کشمیر

آپریشن بنیان المرصوص میں پاکستان کو بہترین فتح نصیب ہوئی، جس پر قوم کو فخر ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم آزاد کشمیر بیرسٹر افتخار گیلانی نے کہا ہے کہ تقسیم ہند کا ایجنڈا اور مسئلہ کشمیر ایک وسیع کتاب ہے۔ نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے افتخار گیلانی کا کہنا تھا کہ کشمیری عوام آزادی کا علم اٹھائے 79 سال سے جدوجہد کر رہے ہیں، مسئلہ کشمیر کے حل کے لیے تاریخی حقائق اور کشمیری عوام کی جدوجہد کو اجاگر کرنا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ تقسیم ہند کا ایجنڈا اور مسئلہ کشمیر کے موضوع پر کتاب تحریر کرنے پر صحافی شہزاد راٹھور کو مبارکباد پیش کی۔ وزیراعظم آزاد کشمیر کا کہنا تھا کہ تقسیم ہند کا ایجنڈا اور مسئلہ کشمیر ایک وسیع کتاب ہے، ہر شخص کسی بھی کتاب کو اپنے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 50)

مقامی حکومتوں کو مالی اختیارات دیے جائیں، ایم کیو ایم کا وزیراعظم کو خط

نسرین جلیل کا مالی خودمختاری کیلئے خصوصی انتظامات کا مطالبہ، خط کی کاپیاں وزیر خزانہ، آئی ایم ایف اور عالمی بینک کو بھی ارسال

صوبوں کے لیے قومی مالیاتی کمیشن میں اپنائے گئے مالی مساوات کے اصول مقامی حکومتوں تک بھی توسیع دیے جائیں

کراچی (بیورو رپورٹ) ایم کیو ایم پاکستان نے مقامی حکومتوں کو مالی اختیارات دینے کے مطالبے پر وزیراعظم شہباز شریف کو خط لکھ دیا۔ رہنما ایم کیو ایم پاکستان نسرین جلیل کی جانب سے لکھے گئے خط کی کاپیاں وفاقی وزیر خزانہ، آئی ایم ایف سربراہ اور عالمی بینک کے صدر کو بھی ارسال کی گئی ہیں۔ خط میں وزیراعظم سے مقامی حکومتوں کی مالی خودمختاری کے معاملے پر ذاتی توجہ دینے اور ان کی مالی ضروریات پوری کرنے کے لیے خصوصی انتظامات کرنے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ خط کے مطابق مالی خودمختاری نہ ہونے کے باعث شہری بنیادی سہولیات سے محروم ہیں، اس لیے صوبوں کے لیے قومی مالیاتی کمیشن میں اپنائے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 49)

کے پی میں امن وامان کی بگڑتی صورتحال ساری قوم کے لئے لمحہ فکریہ ہے' راجہ پرویز اشرف

دہشت گرد کا کوئی مذہب نہیں ہوتا، ملکر اس عفریت کو ختم کرنا ہوگا' سابق وزیراعظم کی کوہاٹ پولیس لائن دھماکے کی مذمت

لاہور (سٹاف رپورٹر) سابق وزیراعظم اور پاکستان پیپلز پارٹی وسطی پنجاب صدر راجہ پرویز اشرف نے کوہاٹ پولیس لائن دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ جمعہ کے مقدس روز انسانی جانوں سے کھیلنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں ، دہشت گرد کا کوئی مذہب (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر53)

کونسا پلانٹ کتنے روپے فی یونٹ بجلی پیدا کررہا ہے؟ سینیٹ میں پیش تفصیلات سامنے آگئیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ملک بھر میں فی یونٹ بجلی پیدا کرنے والے پلانٹس کی تفصیلات سامنے آگئیں۔ رپورٹ کے مطابق سینیٹ میں پیش دستاویزات میں بتایا گیا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 52)

ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق عبدالستار ایدھی انڈر پاس پر جاری بیوٹیفکیشن اور مرمت و بحالی کے کاموں کا جائزہ لے رہے ہیں

ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کا فیروزپور روڈ کے مختلف پوائنٹس کا دورہ

ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے عبدالستار ایدھی انڈر پاس اور فیروز پور روڈ پر جاری اپ گریڈیشن کے کاموں کا جائزہ لیا

چیف انجینئر ایل ڈی اے اسرار سعید، پراجیکٹ ڈائریکٹر اور ڈائریکٹر آرکیٹیکٹ نے بریفنگ دی

لاہور (وقائع نگار) ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے گزشتہ روز فیروز پور روڈ کے مختلف پوائنٹس کا دورہ کیا۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے عبدالستار ایدھی انڈر پاس اور فیروز پور روڈ پر جاری اپ گریڈیشن کے کاموں کا جائزہ لیا۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے عبدالستار ایدھی انڈر پاس پر جاری بیوٹیفکیشن اور مرمت و بحالی کے کاموں کا جائزہ لیا۔ چیف انجینئر ایل ڈی اے اسرار سعید، پراجیکٹ ڈائریکٹر اور ڈائریکٹر آرکیٹیکٹ نے بریفنگ دی۔ فیروز پور روڈ کی ری ویمپنگ میں سڑک کی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 58)

جماعت اسلامی کے دھرنوں کا 34 واں روز، 45 سے زائد مقامات پر عوام کی بھرپور شرکت

لاہور (سٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی پنجاب وسطی محمد جاوید قصوری نے کہا ہے کہ مہنگائی، پٹرولیم لیوی اور حکومت کی ناقص معاشی پالیسیوں کے خلاف جماعت اسلامی کے احتجاجی دھرنے لاہور سمیت ملک بھر میں 34 ویں روز بھی جاری ہیں، لاہور، پشاور، کراچی، کوئٹہ، چترال، راولپنڈی، (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 67)

لاہور ہائیکورٹ نے عثمان فاروق کی نظر بندی کالعدم قرار دے دی

حکومتی لاء افسران نظر بندی کا جواز اور موثر شواہد پیش نہ کرسکے، عدالت نے ڈپٹی کمشنر کا حکم منسوخ کردیا

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے پی ٹی آئی رہنما عثمان فاروق کی نظر بندی کے خلاف دائر درخواست منظور کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر کا نظر بندی کا حکم کالعدم قرار دے دیا۔ جسٹس فاروق حیدر نے محمد فاروق کی جانب سے اپنے بیٹے عثمان فاروق کی نظر بندی کے خلاف دائر درخواست پر سماعت کی۔ درخواست گزار کی جانب سے وکیل ملک احد اعوان پیش ہوئے جبکہ پنجاب حکومت کی جانب (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 66)

پاکستان علماء کونسل کی کوہاٹ میں ہونے والے دہشت گرد حملے کی شدید مذمت

دہشتگردی کے خلاف پوری قوم کو متحد ہو کر مقابلہ کرنا ہوگا' چیئرمین حافظ طاہر محمود اشرفی

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان علماء کونسل نے کوہاٹ میں ہونے والے دہشتگرد حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بے گناہ انسانوں کو قتل کرنے والے مسلمان اور نہ ہی انسان ہیں، معصوم جانوں کا قتل اسلام کی بنیادی تعلیمات کے سراسر منافی ہے، دہشتگردی اور (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 54)

صوبائی وزیر تعمیرات ومواصلات کی زیر صدارت اجلاس، شورکوٹ کبیروالہ 64 کلومیٹر روڈ کی تعمیراتی رفتار کا جائزہ

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر تعمیرات و مواصلات ملک صہیب احمد بھرتھ کی زیر صدارت اجلاس منعقد ہوا جس میں شورکوٹ کبیر والہ 64 کلومیٹر روڈ کی تعمیراتی رفتار کا جائزہ لیا گیا۔ محکمہ ہائی وے کے افسران نے صوبائی وزیر کو روڈ کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر56)

شہری کی برازیلی اور سعودی سفارتخانوں کے خلاف اپیل خارج

متعلقہ ملک کے سفارتخانے کی جانب سے واجبات کی ادائیگی کی رسیدیں فراہم کی گئیں، فیصلہ

عدالت نے قرار دیا کہ ویانا کنونشن کے تحت سفارتکار اور سفارتخانے کو استثنیٰ حاصل ہے

اسلام آباد (سی ایم لنکس) اسلام آباد کے ایڈیشنل سیشن جج عامر ضیاء نے پاکستان میں مقیم سفارتکاروں اور سفارتخانوں کے حوالے سے اہم فیصلہ جاری کرتے ہوئے شہری مبشر رفیق کی برازیلین اور سعودی سفارتخانوں کے خلاف اپیل خارج کردی۔ عدالت کے فیصلے کے مطابق پاکستان (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر55)

اچھرہ صرافہ بازار 20 کلو سونا فراڈ کیس، ملزم شیخ وسیم اختر کی درخواست ضمانت منظور

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے لاہور کے اچھرہ صرافہ بازار میں 20 کلو سونے کے فراڈ کیس میں ملزم شیخ وسیم اختر کی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 57)

16 سال سے کم عمر بچوں کو سوشل میڈیا کے ممکنہ نقصانات سے محفوظ رکھنے کیلئے اسمبلی سے قرارداد کی منظوری خوش آئند ہے' مجتبیٰ شجاع الرحمٰن

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر برائے پارلیمانی امور مجتبیٰ شجاع الرحمٰن نے کہا ہے کہ پنجاب اسمبلی میں 16 سال سے کم عمر بچوں کو سوشل میڈیا کے ممکنہ نقصانات سے محفوظ رکھنے کے لیے قرارداد کی منظوری خوش آئند ہے، سوشل میڈیا اکاؤنٹس (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر68)

لاہور: گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے آئی جی ریلوے فخر سلطان ملاقات کرتے ہوئے

غیر قانونی طور پر مقیم افغان باشندوں کے انخلاء کی مہم جاری

ملک بھر سے 27 لاکھ 60 ہزار 653، پنجاب سے ایک لاکھ 42 ہزار 820 افغان باشندے واپس بھجوائے گئے

افغان شہریوں کی واپسی کے قومی مشن میں تمام پاکستانیوں کا تعاون درکار، مشکوک سرگرمیوں کی اطلاع ایمرجنسی 15 پر دیں' ترجمان محکمہ داخلہ

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر غیر قانونی طور پر مقیم افغان باشندوں کے انخلاء کی مہم جاری ہے، محکمہ داخلہ پنجاب کے فارن نیشنل سکیورٹی سیل کی موثر کارروائیوں کے تحت غیر قانونی طور پر مقیم افغان باشندوں کو گرفتار کرکے انکے وطن واپس بھجوایا جارہا ہے۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب کے مطابق اب تک پاکستان سے مجموعی طور پر 27 لاکھ 60 ہزار 653 افغان باشندے وطن واپس بھجوائے گئے ، پنجاب سے 1 لاکھ 42 ہزار 820 غیر قانونی مقیم افغان باشندوں کو واپس بھجوایا گیا۔ ترجمان کے مطابق حکومت پاکستان کی واضح پالیسی کے مطابق قابلِ قبول ویزا کے بغیر تمام افغان شہریوں کا قیام غیر قانونی ہے، کریک ڈاؤن کے دوران صوبہ بھر میں رہائشی علاقوں اور مارکیٹس کی مکمل جانچ کی جارہی ہے، غیر قانونی مقیم افغان شہریوں کو گرفتار کرکے ہولڈنگ سینٹرز میں لایا جاتا ہے، پنجاب میں اس وقت 39 ہولڈنگ سینٹرز فعال ہیں جن میں 213 افغان شہری موجود ہیں ، ہولڈنگ سینٹرز میں غیر قانونی افغان باشندوں کی عارضی رہائش (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر59)

پاکستان کو شدید موسمیاتی تبدیلیوں کا سامنا عوام کو محفوظ رکھنے کیلئے پیشگی اقدامات کو یقینی بنانے کیلئے مسلسل کوشاں ہیں خواجہ سلمان رفیق

سپیشلائزڈ ٹریننگ پروگرام کے افسران نے پی ڈی ایم اے پنجاب کا دورہ کیا، صوبائی وزیر و چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے ڈیزاسٹر مینجمنٹ خواجہ سلمان رفیق نے خصوصی طور پر شرکت

ڈی جی پی ڈی ایم اے محمد سیف انور جپہ و دیگر افسران بھی موجود تھے، پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروسز، فارن سروسز، پاکستان پولیس سروس و دیگر سروسز کے افسران وفد میں شامل تھے

لاہور (سٹاف رپورٹر) سپیشلائزڈ ٹریننگ پروگرام کے افسران نے پی ڈی ایم اے پنجاب کا دورہ کیا۔ صوبائی وزیر و چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے ڈیزاسٹر مینجمنٹ خواجہ سلمان رفیق نے خصوصی طور پر شرکت کی۔ اس موقع پر ڈی جی پی ڈی ایم اے محمد سیف انور جپہ و دیگر افسران بھی موجود تھے۔ پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروسز، فارن سروسز، پاکستان پولیس سروس و دیگر سروسز کے افسران وفد میں شامل تھے۔ افسران نے پری فلڈ اور پوسٹ فلڈ اقدامات (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 60)

لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق سے سپیشل ٹریننگ پروگرام کا وفد ملاقات کرتے ہوئے

کم عمر لڑکے کی تھیٹر میں ڈانس پرفارمنس دیکھنے کی ویڈیو وائرل، عظمیٰ بخاری کی ہدایت پر تھیٹر سیل

لاہور (سٹاف رپورٹر) کم عمر لڑکے کی تھیٹر میں ڈانس پرفارمنس دیکھنے کی ویڈیو وائرل پر وزیر اطلاعات و ثقافت عظمیٰ بخاری کی ہدایت تھیٹر کو سیل کردیا گیا۔ سوشل میڈیا پر وائرل ویڈیو (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 69)

ایف بی آر اپنے سسٹم کی اپ گریڈیشن پر سرمایہ کاری کرے' ٹیکس ایڈوائزرز ایسوسی ایشن

ٹیکس نظام کا سارا ڈھانچہ از سرنو ترتیب دینے کی ضرورت ہے' سینئر ممبر امانت بشیر کی وفد سے گفتگو

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان ٹیکس ایڈوائزر زایسوسی ایشن کے سینئر ممبر چودھری امانت بشیر نے آئرس سسٹم کی ناکامی کی وجہ سے گوشوارے جمع کرانے والوں کو درپیش مشکلات پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایف بی آر کو اپنے سسٹم کی اپ گریڈیشن پر بڑی سرمایہ کاری کرنا ہوگی، ٹیکس نظام کا سارا ڈھانچہ ہی از سرنو ترتیب دینے کی ضرورت ہے تاہم اس منصوبے کو مرحلہ وار آگے بڑھایا جائے۔ ٹیکس بار کے وفد سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ٹیکس دینے والوں کی تعداد ایک سطح پر منجمد اور لوگ رضا کارانہ ٹیکس نیٹ میں کیوں شامل نہیں ہوتے اس بارے سٹڈی رپورٹ تیار کرائے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر70)

بیرونی فنانسنگ کے بجائے برآمدات بڑھانے کی جامع پالیسی بنائی جائے' خادم حسین

معاشی استحکام کیلئے قرض نہیں، پیداواری معیشت مضبوط کرنا ہوگی' سینئر ممبر فاؤنڈرز گروپ

لاہور (کامرس رپورٹر) فاؤنڈرز گروپ کے سرگرم رکن ، پاکستان سٹون ڈویلپمنٹ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹر کے رکن ، سینئر نائب صدر فیروز پور روڈ بورڈ اور سابق ممبر لاہور چیمبر آف کامرس خادم حسین نے حکومت کی جانب سے زرمبادلہ ذخائر کے استحکام اور قرضوں کی ادائیگیوں کے لیے بیرونی فنانسنگ پر مسلسل انحصار پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ چین کی سواپ سہولت میں توسیع اور امریکہ سے ممکنہ مالی معاونت وقتی طور پر زرمبادلہ کی ضروریات پوری کرنے میں مددگار ہو سکتی ہے تاہم پائیدار معاشی استحکام کے لیے ملک کو بیرونی فنانسنگ سے آگے بڑھ کر اپنی پیداواری اور برآمدی صلاحیت مضبوط کرنا ہوگی۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ حکومت کو طویل المدتی معاشی حکمت عملی کے تحت برآمدات میں اضافے، صنعتی پیداوار کے فروغ اور غیر ملکی سرمایہ کاری کے لیے کاروباری ماحول بہتر بنانے پر خصوصی توجہ دینا ہوگی۔ مسلسل بیرونی قرضوں اور مالی سہولیات پر انحصار سے ادائیگیوں کا دباؤ مکمل طور پر ختم نہیں ہوگا بلکہ معیشت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 61)

اگلے برس 21 ویں صدی کا طویل ترین مکمل سورج گرہن ہوگا، مکمل گرہن والے علاقوں میں دن کے وقت رات جیسی تاریکی چھا جائیگی

لاہور (سٹاف رپورٹر) اگلے برس آسمان پر ایک غیر معمولی فلکیاتی منظر دیکھنے کو ملے گا، 2 اگست 2027ء کو 21 ویں صدی کا طویل ترین مکمل سورج گرہن رونما ہوگا۔ اس موقع پر پاکستان میں بھی سورج گرہن دیکھا جاسکے گا تاہم ملک میں یہ مکمل کے بجائے جزوی ہوگا۔ مکمل سورج گرہن کے دوران چاند سورج کی پوری قرص کو ڈھانپ لے گا جس کے باعث مکمل گرہن والے علاقوں میں دن کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 72)

انسداد دہشت گردی ترامیمی بل کیخلاف درخواست، لاہور ہائیکورٹ نے دلائل طلب کرلئے

عدالت کی جانب سے درخواست کے قابل سماعت ہونے پر آئندہ سماعت پر دلائل دینے کی ہدایت

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے پنجاب اسمبلی سے پاس ہونے والے انسداد دہشت گردی ترامیمی بل کی منظوری کے خلاف دائر درخواست کے قابل سماعت ہونے سے متعلق دلائل طلب کرلئے ۔جسٹس شہرام سرور چوہدری نے پنجاب اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر معین الدین قریشی کی درخواست پر سماعت کی۔ اپوزیشن لیڈر پنجاب اسمبلی کی جانب سے ابوزر سلیمان خان نیازی ایڈووکیٹ پیش ہوئے ۔ وکیل درخواست گزار نے موقف اپنایا کہ انسداد دہشت گردی ترمیم بل 2026ء (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 71)

پیٹرول کی قیمت میں اضافہ عوام کی مشکلات بڑھا رہا ہے، فیصل کریم کنڈی

عوام مہنگائی سے پریشان ہیں، ایک طرف کفایت شعاری مہم کا اعلان کیا جاتا ہے

دوسری جانب مریم نواز کہتی ہیں کہ وہ اپنی مرضی سے جتنی بار چاہیں جہاز پر سفر کریں گی، گورنر خیبر پختونخوا

پشاور (اے ایف بی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ پیٹرول کی قیمت میں اضافہ عوام کی زندگی میں مشکلات پیدا کررہا ہے، وفاقی حکومت کو پیٹرولیم لیوی کم کرنی چاہیے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ عوام مہنگائی سے پریشان ہیں، ایک طرف کفایت شعاری مہم کا اعلان کیا جاتا ہے جبکہ دوسری جانب مریم نواز کہتی ہیں کہ وہ اپنی مرضی سے جتنی بار چاہیں جہاز پر سفر کریں گی۔ گورنر خیبر پختونخوا نے کہا کہ خیبر پختونخوا ملک کو سب سے زیادہ تیل اور گیس دیتا ہے، جبکہ صوبے کے حصے کا پانی بھی پنجاب استعمال کررہا ہے۔ خیبر پختونخوا دہشتگردی کے خلاف فرنٹ لائن پر لڑ رہا ہے اور صوبے کے عوام دہشتگردی کے خلاف جنگ لڑ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے عوام کے خلاف بیان بازی نیشنل کاز کو نقصان پہنچا رہی ہے۔ صوبے میں دہشتگردی، امن و امان اور بیروزگاری کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 65)

لاہور: آئی جی پنجاب عبدالکریم سنٹرل پولیس آفس میں پولیس ملازمین اور ان کے اہلخانہ کے مسائل سن رہے ہیں

موثر پولیسنگ اور بروقت اقدامات سے ڈکیتی اور رابری کی وارداتوں میں نمایاں کمی آئی ہے' بلال صدیق کمیانہ

لاہور (سٹاف رپورٹر) سربراہ لاہور پولیس بلال صدیق کمیانہ کی زیر صدارت اقبال ٹاؤن اور صدر ڈویژنز کا اہم اجلاس منعقد ہوا ۔ جس میں امن و امان کی صورتحال، کرائم کنٹرول (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 62)

اسکولوں میں تدریس کے دوران اساتذہ کے موبائل فون استعمال پر پابندی

لاہور (سٹاف رپورٹر) محکمہ اسکول ایجوکیشن نے تدریس کے دوران اساتذہ کے موبائل فون استعمال کا سخت نوٹس لے لیا۔ تدریسی عمل کے دوران موبائل فون کا استعمال ممنوع قرار دے دیا گیا ہے۔ محکمہ تعلیم کے مطابق موبائل فون کے استعمال (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 63)

ایڈیٹر: رانا خالد قمر، مینجنگ ایڈیٹر: رانا مجتبیٰ
پبلشر ملک سلیم اعوان نے پوائنٹ
پرنٹرز (الجریدہ) گڑھی شاہو سے چھپوا کر
LDA55/S بلاک B فیصل ٹاؤن سے
شائع کیا فون: 0423-5194748
E:Mail
dailysehar1@gmail.com

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے اثرات، مہنگائی میں 0.49 فیصد اضافہ

19 کی قیمتوں میں اضافہ، 9 میں کمی ،23 کی قیمتیں مستحکم رہیں' ادارہ شماریات کی ہفتہ وار رپورٹ

نمک، چنے کی دال، مسور اور مونگ کی دال بھی گزشتہ سال کے مقابلے میں سستی ہوئیں

لاہور (سٹاف رپورٹر) پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے اثرات سامنے آنے لگے، ایک ہفتے کے دوران مہنگائی کی شرح میں 0.49 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ وفاقی ادارہ شماریات کے مطابق 19 کی قیمتوں میں اضافہ، 9 میں کمی جبکہ 23 کی قیمتیں مستحکم رہیں۔ رپورٹ کے مطابق ایک ہفتے میں ڈیزل کی قیمت 7.29 فیصد، پیٹرول 6.40 فیصد اور ایل پی جی 3.26 فیصد مہنگی ہوئی۔ لہسن کی قیمت میں 1.94 فیصد اور انڈے 1.72 فیصد مہنگے ہوئے جبکہ چنے کی دال، مسور، مونگ کی دال، (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 64)

آئی جی پنجاب کے حکم پر صوبہ بھر میں نماز جمعہ کے موقع پر سکیورٹی ہائی الرٹ رہی

مساجد، امام بارگاہوں، مزارات، کاروباری مراکز اور شاہراہوں پر موثر پٹرولنگ کی گئی

پولیس افسران نے نماز جمعہ کے بعد شہریوں کے مسائل سن کر ان کے حل کے اقدامات یقینی بنائے

لاہور (سٹاف رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب عبدالکریم کے حکم پر جمعتہ المبارک کے موقع پر لاہور سمیت صوبہ بھر میں سکیورٹی ہائی الرٹ رہی ۔ آئی جی پنجاب کی ہدایات پر مساجد، امام بارگاہوں، مزارات، مارکیٹوں اور دیگر حساس مقامات کی سکیورٹی مزید مؤثر بنائی گئی جبکہ اہم شاہراہوں، عبادت گاہوں اور کاروباری مراکز کے اطراف پولیس کی موثر پٹرولنگ اور نگرانی کو بھی یقینی بنایا گیا۔ آئی جی پنجاب عبدالکریم نے ڈی پی اوز اور فیلڈ افسران کو ہدایت کی تھی کہ وہ فیلڈ میں موجود رہیں اور سکیورٹی انتظامات کا خود جائزہ لیں۔ انہوں نے کہا کہ لا اینڈ آرڈر کا قیام، شہریوں کی جان و مال اور املاک کا تحفظ پنجاب پولیس کی اولین ترجیح ہے اور اس مقصد کے لیے کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی جائے گی۔ آئی جی پنجاب کی خصوصی ہدایات پر نماز جمعہ کے بعد پولیس افسران نے مختلف مساجد میں شہریوں سے ملاقاتیں کیں، ان کے مسائل سنے اور حل کے لیے ضروری اقدامات کیے۔

مکہ مکرمہ کو نشانہ بنانے کی کوشش پوری امت مسلمہ پر حملے کے مترادف ہے' سردار محمد یوسف

دفاع حرمین کیلئے عملی کردار کا وقت آ گیا، حرمین شریفین کو نشانہ بنانیکی کوشش ہو تو اس سے بڑھ کر کوئی معاملہ باقی نہیں رہتا

موجودہ حالات میں پاکستان کو مزید صوبوں کی ضرورت ہے ، یقین ہے صوبہ ہزارہ بھی بنے گا' وفاقی وزیر مذہبی امور کی گفتگو

لاہور (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف نے مکہ مکرمہ کو نشانہ بنانے کی کوشش کو پوری امت مسلمہ پر حملے کے مترادف قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اب دفاع حرمین شریفین کے لیے عملی کردار ادا کرنے کا وقت آ گیا ہے، جب حرمین شریفین کو نشانہ بنانے کی کوشش ہو تو اس سے بڑھ کر کوئی معاملہ باقی نہیں رہتا، مکہ مکرمہ مسلمانوں کے لیے محض ایک ریڈ لائن نہیں بلکہ اس سے بھی آگے کا معاملہ ہے، بیت اللہ شریف اور مدینہ منورہ میں روضہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مسلمانوں کے ایمان کا حصہ ہیں اور ان مقدس مقامات کے دفاع کی ذمہ داری کسی ایک حکومت نہیں بلکہ پوری امت مسلمہ پر عائد ہوتی ہے۔ ایک (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 73)

PUNJAB SMALL INDUSTRIES
CORPORATION

لاہور: صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین پنجاب سمال انڈسٹریز کارپوریشن کے بورڈ ممبران کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں